| 18 | نومی | 01-14 | سوبھاک | 19-02 | موخر | 03-41 | | | نپولین شہنشاہ بنا ۱۸۰۴ء۔ |
| 19 | دشمی | 02-22 | شوبھن | 18-29 | رشا | 04-28 | | | طیارہ پی آئی اے تباہ ۱۹۶۵ء۔ |
| 20 | ایکادشی | 02-42 | اتیگنڈ | 17-16 | شرطین | 04-30 | حمل | 04-30 | کولمبس کا انتقال ۱۵۸۶ء۔ |
| 21 | دوادشی | 02-10 | سکرماں | 15-25 | بطین | 03-46 | | | خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ ۶۳۴ء۔ |
| 22 • | ترودشی چودش | 00-49 22-46 | دھریتی | 12-57 | ثریا | 02-17 | ثور | 09-37 | وفات شیر شاہ سوری۔ |
| 23 | اماوس | 20-10 | شول | 09-59 | دبران ہقعہ | 00-09 21-30 | | | انتقال گاما پہلوان ۱۹۶۰ء۔ |

بقیہ اگلے صفحہ پر

khalidrathore.com
03008442060

## خالد روحانی جنتری......مئی/۲۰۰۹/ جمادی الاول ۱۴۳۰/ بیساکھ ۲۰۶۶

| ماہانہ تقویم | | | | | سعد نحس دن | رجال نمبر | لاہور | | کراچی | | پشاور | | کوئٹہ | | راولپنڈی | | ملتان | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | مئی | جمادی الاول | بیساکھ | ثور | | | طلوع | غروب | طلوع | غروب | طلوع | غروب | طلوع | غروب | طلوع | غروب | طلوع | غروب |
| جمعہ | ۱ | ۵ | ۱۹ | ۱۱ | ن | ۷ | ۰۵/۱۸ | ۱۸/۴۲ | ۰۵/۵۵ | ۱۹/۰۳ | ۰۵/۲۵ | ۱۸/۵۷ | ۰۵/۳۹ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۲۱ | ۱۸/۵۰ | ۰۵/۳۳ | ۱۸/۵۲ |
| ہفتہ | ۲ | ۶ | ۲۰ | ۱۲ | س | ۸ | ۰۵/۱۷ | ۱۸/۴۳ | ۰۵/۵۴ | ۱۹/۰۴ | ۰۵/۲۴ | ۱۸/۵۸ | ۰۵/۳۸ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۲۰ | ۱۸/۵۱ | ۰۵/۳۲ | ۱۸/۵۳ |
| اتوار | ۳ | ۷ | ۲۱ | ۱۳ | س | ۹ | ۰۵/۱۶ | ۱۸/۴۴ | ۰۵/۵۴ | ۱۹/۰۴ | ۰۵/۲۳ | ۱۸/۵۹ | ۰۵/۳۸ | ۱۹/۱۱ | ۰۵/۱۹ | ۱۸/۵۲ | ۰۵/۳۱ | ۱۸/۵۳ |
| پیر | ۴ | ۸ | ۲۲ | ۱۴ | س | ۱ | ۰۵/۱۵ | ۱۸/۴۴ | ۰۵/۵۳ | ۱۹/۰۵ | ۰۵/۲۲ | ۱۹/۰۰ | ۰۵/۳۷ | ۱۹/۱۲ | ۰۵/۱۸ | ۱۸/۵۲ | ۰۵/۳۰ | ۱۸/۵۴ |
| منگل | ۵ | ۹ | ۲۳ | ۱۵ | س | ۲ | ۰۵/۱۴ | ۱۸/۴۵ | ۰۵/۵۲ | ۱۹/۰۵ | ۰۵/۲۱ | ۱۹/۰۰ | ۰۵/۳۶ | ۱۹/۱۲ | ۰۵/۱۷ | ۱۸/۵۳ | ۰۵/۲۹ | ۱۸/۵۵ |
| بدھ | ۶ | ۱۰ | ۲۴ | ۱۶ | ن | ۳ | ۰۵/۱۳ | ۱۸/۴۶ | ۰۵/۵۲ | ۱۹/۰۶ | ۰۵/۲۰ | ۱۹/۰۱ | ۰۵/۳۵ | ۱۹/۱۳ | ۰۵/۱۶ | ۱۸/۵۴ | ۰۵/۲۸ | ۱۸/۵۵ |
| جمعرات | ۷ | ۱۱ | ۲۵ | ۱۷ | ن | ۴ | ۰۵/۱۲ | ۱۸/۴۶ | ۰۵/۵۱ | ۱۹/۰۶ | ۰۵/۱۹ | ۱۹/۰۲ | ۰۵/۳۴ | ۱۹/۱۴ | ۰۵/۱۵ | ۱۸/۵۵ | ۰۵/۲۷ | ۱۸/۵۶ |
| جمعہ | ۸ | ۱۲ | ۲۶ | ۱۸ | س | ۵ | ۰۵/۱۲ | ۱۸/۴۷ | ۰۵/۵۰ | ۱۹/۰۷ | ۰۵/۱۸ | ۱۹/۰۳ | ۰۵/۳۳ | ۱۹/۱۴ | ۰۵/۱۴ | ۱۸/۵۵ | ۰۵/۲۷ | ۱۸/۵۷ |
| ہفتہ | ۹ | ۱۳ | ۲۷ | ۱۹ | ن | ۶ | ۰۵/۱۱ | ۱۸/۴۸ | ۰۵/۵۰ | ۱۹/۰۷ | ۰۵/۱۷ | ۱۹/۰۴ | ۰۵/۳۳ | ۱۹/۱۵ | ۰۵/۱۳ | ۱۸/۵۶ | ۰۵/۲۶ | ۱۸/۵۷ |
| اتوار | ۱۰ | ۱۴ | ۲۸ | ۲۰ | س | ۷ | ۰۵/۱۰ | ۱۸/۴۹ | ۰۵/۴۹ | ۱۹/۰۸ | ۰۵/۱۷ | ۱۹/۰۴ | ۰۵/۳۲ | ۱۹/۱۶ | ۰۵/۱۲ | ۱۸/۵۷ | ۰۵/۲۵ | ۱۸/۵۸ |
| پیر | ۱۱ | ۱۵ | ۲۹ | ۲۱ | س | ۸ | ۰۵/۱۰ | ۱۸/۴۹ | ۰۵/۴۸ | ۱۹/۰۸ | ۰۵/۱۶ | ۱۹/۰۵ | ۰۵/۳۱ | ۱۹/۱۶ | ۰۵/۱۱ | ۱۸/۵۸ | ۰۵/۲۴ | ۱۸/۵۹ |
| منگل | ۱۲ | ۱۶ | ۳۰ | ۲۲ | ن | ۹ | ۰۵/۰۹ | ۱۸/۵۰ | ۰۵/۴۸ | ۱۹/۰۹ | ۰۵/۱۵ | ۱۹/۰۶ | ۰۵/۳۱ | ۱۹/۱۷ | ۰۵/۱۱ | ۱۸/۵۸ | ۰۵/۲۴ | ۱۸/۵۹ |
| بدھ | ۱۳ | ۱۷ | ۳۱ | ۲۳ | م | ۱ | ۰۵/۰۸ | ۱۸/۵۱ | ۰۵/۴۷ | ۱۹/۰۹ | ۰۵/۱۴ | ۱۹/۰۷ | ۰۵/۴۰ | ۱۹/۱۸ | ۰۵/۱۰ | ۱۸/۵۹ | ۰۵/۲۳ | ۱۹/۰۰ |
| جمعرات | ۱۴ | ۱۸ | جیٹھ | ۲۴ | س | ۲ | ۰۵/۷۰ | ۱۸/۵۱ | ۰۵/۴۷ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۱۳ | ۱۹/۰۷ | ۰۵/۳۹ | ۱۹/۱۸ | ۰۵/۰۹ | ۱۹/۰۰ | ۰۵/۲۲ | ۱۹/۰۱ |
| جمعہ | ۱۵ | ۱۹ | ۲ | ۲۵ | س | ۳ | ۰۵/۰۶ | ۱۸/۵۲ | ۰۵/۴۶ | ۱۹/۱۱ | ۰۵/۱۳ | ۱۹/۰۸ | ۰۵/۳۹ | ۱۹/۱۹ | ۰۵/۰۸ | ۱۹/۰۱ | ۰۵/۲۲ | ۱۹/۰۱ |
| ہفتہ | ۱۶ | ۲۰ | ۳ | ۲۶ | م | ۴ | ۰۵/۰۶ | ۱۸/۵۳ | ۰۵/۴۶ | ۱۹/۱۱ | ۰۵/۱۲ | ۱۹/۰۹ | ۰۵/۳۸ | ۱۹/۲۰ | ۰۵/۰۸ | ۱۹/۰۱ | ۰۵/۲۱ | ۱۹/۰۲ |
| اتوار | ۱۷ | ۲۱ | ۴ | ۲۷ | ن | ۵ | ۰۵/۰۵ | ۱۸/۵۳ | ۰۵/۴۵ | ۱۹/۱۲ | ۰۵/۱۱ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۳۷ | ۱۹/۲۰ | ۰۵/۰۷ | ۱۹/۰۲ | ۰۵/۲۰ | ۱۹/۰۲ |
| پیر | ۱۸ | ۲۲ | ۵ | ۲۸ | س | ۶ | ۰۵/۰۵ | ۱۸/۵۴ | ۰۵/۴۵ | ۱۹/۱۲ | ۰۵/۱۰ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۳۷ | ۱۹/۲۱ | ۰۵/۰۶ | ۱۹/۰۳ | ۰۵/۲۰ | ۱۹/۰۳ |
| منگل | ۱۹ | ۲۳ | ۶ | ۲۹ | س | ۷ | ۰۵/۰۴ | ۱۸/۵۵ | ۰۵/۴۴ | ۱۹/۱۳ | ۰۵/۱۰ | ۱۹/۱۱ | ۰۵/۳۶ | ۱۹/۲۲ | ۰۵/۰۶ | ۱۹/۰۳ | ۰۵/۱۹ | ۱۹/۰۴ |
| بدھ | ۲۰ | ۲۴ | ۷ | ۳۰ | ن | ۸ | ۰۵/۰۳ | ۱۸/۵۵ | ۰۵/۴۴ | ۱۹/۱۳ | ۰۵/۰۹ | ۱۹/۱۲ | ۰۵/۳۶ | ۱۹/۲۲ | ۰۵/۰۵ | ۱۹/۰۴ | ۰۵/۱۹ | ۱۹/۰۴ |
| جمعرات | ۲۱ | ۲۵ | ۸ | جوزا | ن | ۹ | ۰۵/۰۳ | ۱۸/۵۶ | ۰۵/۴۳ | ۱۹/۱۴ | ۰۵/۰۹ | ۱۹/۱۲ | ۰۵/۳۵ | ۱۹/۲۳ | ۰۵/۰۴ | ۱۹/۰۵ | ۰۵/۱۸ | ۱۹/۰۵ |
| جمعہ | ۲۲ | ۲۶ | ۹ | ۲ | س | ۱ | ۰۵/۰۲ | ۱۸/۵۷ | ۰۵/۴۳ | ۱۹/۱۴ | ۰۵/۰۸ | ۱۹/۱۳ | ۰۵/۳۵ | ۱۹/۲۳ | ۰۵/۰۴ | ۱۹/۰۶ | ۰۵/۱۸ | ۱۹/۰۶ |
| ہفتہ | ۲۳ | ۲۷ | ۱۰ | ۳ | س | ۲ | ۰۵/۰۲ | ۱۸/۵۷ | ۰۵/۴۳ | ۱۹/۱۵ | ۰۵/۰۷ | ۱۹/۱۴ | ۰۵/۳۴ | ۱۹/۲۴ | ۰۵/۰۳ | ۱۹/۰۶ | ۰۵/۱۷ | ۱۹/۰۶ |
| اتوار | ۲۴ | ۲۸ | ۱۱ | ۴ | ن | ۳ | ۰۵/۰۱ | ۱۸/۵۸ | ۰۵/۴۲ | ۱۹/۱۵ | ۰۵/۰۷ | ۱۹/۱۵ | ۰۵/۳۴ | ۱۹/۲۵ | ۰۵/۰۳ | ۱۹/۰۷ | ۰۵/۱۷ | ۱۹/۰۷ |
| پیر | ۲۵ | ۲۹ | ۱۲ | ۵ | س | ۴ | ۰۵/۰۱ | ۱۸/۵۸ | ۰۵/۴۲ | ۱۹/۱۶ | ۰۵/۰۶ | ۱۹/۱۵ | ۰۵/۳۳ | ۱۹/۲۵ | ۰۵/۰۲ | ۱۹/۰۸ | ۰۵/۱۶ | ۱۹/۰۷ |
| منگل | ۲۶ | جمادی الثانی | ۱۳ | ۶ | ن | ۵ | ۰۵/۰۱ | ۱۸/۵۹ | ۰۵/۴۲ | ۱۹/۱۶ | ۰۵/۰۶ | ۱۹/۱۶ | ۰۵/۳۳ | ۱۹/۲۶ | ۰۵/۰۲ | ۱۹/۰۸ | ۰۵/۱۶ | ۱۹/۰۸ |
| بدھ | ۲۷ | ۲ | ۱۴ | ۷ | س | ۶ | ۰۵/۰۰ | ۱۹/۰۰ | ۰۵/۴۱ | ۱۹/۱۷ | ۰۵/۰۶ | ۱۹/۱۶ | ۰۵/۳۳ | ۱۹/۲۶ | ۰۵/۰۱ | ۱۹/۰۹ | ۰۵/۱۶ | ۱۹/۰۹ |
| جمعرات | ۲۸ | ۳ | ۱۵ | ۸ | ن | ۷ | ۰۵/۰۰ | ۱۹/۰۰ | ۰۵/۴۱ | ۱۹/۱۷ | ۰۵/۰۵ | ۱۹/۱۷ | ۰۵/۳۲ | ۱۹/۲۷ | ۰۵/۰۱ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۱۵ | ۱۹/۰۹ |
| جمعہ | ۲۹ | ۴ | ۱۶ | ۹ | س | ۸ | ۰۴/۵۹ | ۱۹/۰۱ | ۰۵/۴۱ | ۱۹/۱۸ | ۰۵/۰۵ | ۱۹/۱۸ | ۰۵/۳۲ | ۱۹/۲۸ | ۰۵/۰۱ | ۱۹/۱۰ | ۰۵/۱۵ | ۱۹/۱۰ |
| ہفتہ | ۳۰ | ۵ | ۱۷ | ۱۰ | ن | ۹ | ۰۴/۵۹ | ۱۹/۰۱ | ۰۵/۴۱ | ۱۹/۱۸ | ۰۵/۰۴ | ۱۹/۱۹ | ۰۵/۳۲ | ۱۹/۲۸ | ۰۵/۰۰ | ۱۹/۱۱ | ۰۵/۱۵ | ۱۹/۱۰ |
| اتوار | ۳۱ | ۶ | ۱۸ | ۱۱ | س | ۱ | ۰۴/۵۹ | ۱۹/۰۲ | ۰۵/۴۰ | ۱۹/۱۹ | ۰۵/۰۴ | ۱۹/۱۹ | ۰۵/۳۱ | ۱۹/۲۹ | ۰۵/۰۰ | ۱۹/۱۱ | ۰۵/۱۴ | ۱۹/۱۱ |

free copy
khalidrathore.com

پچھلے صفحہ سے

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 24 | ماگھ بدی | 17-09 | گنڈ | 06-37 | ھنعہ | 18-30 | جوزا | 11-32 | |
| 25 | دوج | 13-54 | بریدھی دھرو | 02-56<br>23-07 | ذراعہ | 15-17 | | | وفات عبدالرحمٰن بن عمر الصوفی ۹۸۶ء۔ |
| 26 | تیج | 10-34 | ویاگھات | 19-18 | نثرہ | 11-59 | سرطان | 11-59 | اپالو ۱۱ زمین پر اترا ۱۹۶۹ء۔ |
| 27 | چوتھ | 07-16 | برشن | 15-36 | طرفہ | 08-45 | | | ترکی میں فوجی انقلاب ۱۹۶۰۔ آزادی افغانستان ۱۹۱۹۔ |
| 28 | پنجمی | 04-10 | وبحر | 12-05 | جبہ | 05-42 | اسد | 12-48 | انتقال پنڈت نہرو ۱۹۶۴ء۔ |
| 29 | چھشٹی سپتمی | 01-26<br>23-05 | سدھی | 08-51 | زہرہ | 02-59 | | | پاکستان پہلا مسلم ایٹمی ملک ۱۹۹۸۔ تسخیر ماؤنٹ ایورسٹ ۱۹۵۳ء۔ |
| 30 | اشٹمی | 21-12 | ویتی پات | 05-58 | صرفہ عوا | 00-40<br>22-46 | سنبلہ | 15-22 | جون آف آرک کو زندہ جلا دیا گیا ۱۴۳۱ء۔ |
| 31 | نومی | 19-49 | دریان | 03-31 | سماک | 21-20 | | | زلزلہ کوئٹہ ۱۹۳۵ء۔ |

03008442060

# کواکبی تقویم برائے ماہ مئی 2009

صبح 5 بجے پاکستان کے وقت کے مطابق
ع سے مراد "رجعت" ہے

| تاریخ | کواکبی وقت | قمر | شمس | عطارد | زہرہ | مریخ | مشتری | زحل | یورانس | نیپچون | پلوٹو | راس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | 14-36 | 27 سرطان 29 | 46 ثور 10 | 02 جوزا 00 | 18 حمل 02 | 31 حمل 06 | 55 دلو 23 | ع 08 سنبلہ 15 | 11 حوت 25 | 16 دلو 26 | ع 07 جدی 03 | ع 36 دلو 04 |
| 02 | 14-40 | 30 اسد 13 | 44 ثور 11 | 33 جوزا 00 | 46 حمل 02 | 17 حمل 07 | 03 دلو 24 | ع 06 سنبلہ 15 | 14 حوت 25 | 17 دلو 26 | ع 07 جدی 03 | ع 33 دلو 04 |
| 03 | 14-44 | 21 اسد 27 | 42 ثور 12 | 58 جوزا 00 | 14 حمل 03 | 03 حمل 08 | 11 دلو 24 | ع 05 سنبلہ 15 | 16 حوت 25 | 17 دلو 26 | ع 06 جدی 03 | ع 30 دلو 04 |
| 04 | 14-48 | 01 سنبلہ 11 | 40 ثور 13 | 18 جوزا 01 | 45 حمل 03 | 49 حمل 08 | 18 دلو 24 | ع 04 سنبلہ 15 | 19 حوت 25 | 18 دلو 26 | ع 05 جدی 03 | ع 27 دلو 04 |
| 05 | 14-51 | 31 سنبلہ 24 | 39 ثور 14 | 32 جوزا 01 | 16 حمل 04 | 35 حمل 09 | 25 دلو 24 | ع 02 سنبلہ 15 | 21 حوت 25 | 19 دلو 26 | ع 04 جدی 03 | ع 23 دلو 04 |
| 06 | 14-55 | 49 میزان 07 | 37 ثور 15 | 41 جوزا 01 | 50 حمل 04 | 22 حمل 10 | 32 دلو 24 | ع 01 سنبلہ 15 | 24 حوت 25 | 20 دلو 26 | ع 03 جدی 03 | ع 20 دلو 04 |
| 07 | 14-59 | 56 میزان 20 | 35 ثور 16 | 44 جوزا 01 | 24 حمل 05 | 08 حمل 11 | 39 دلو 24 | ع 00 سنبلہ 15 | 26 حوت 25 | 21 دلو 26 | ع 02 جدی 03 | ع 17 دلو 04 |
| 08 | 15-03 | 51 عقرب 03 | 33 ثور 17 | ع 43 جوزا 01 | 00 حمل 06 | 54 حمل 11 | 46 دلو 24 | ع 59 سنبلہ 14 | 29 حوت 25 | 21 دلو 26 | ع 01 جدی 03 | ع 14 دلو 04 |
| 09 | 15-07 | 34 عقرب 16 | 31 ثور 18 | ع 37 جوزا 01 | 37 حمل 06 | 40 حمل 12 | 53 دلو 24 | ع 58 سنبلہ 14 | 31 حوت 25 | 22 دلو 26 | ع 00 جدی 03 | ع 11 دلو 04 |
| 10 | 15-11 | 03 عقرب 29 | 29 ثور 19 | ع 25 جوزا 01 | 15 حمل 07 | 25 حمل 13 | 59 دلو 24 | ع 57 سنبلہ 14 | 33 حوت 25 | 23 دلو 26 | ع 59 جدی 02 | ع 08 دلو 04 |
| 11 | 15-15 | 20 قوس 11 | 27 ثور 20 | ع 10 جوزا 01 | 54 حمل 07 | 11 حمل 14 | 06 دلو 25 | ع 57 سنبلہ 14 | 36 حوت 25 | 23 دلو 26 | ع 58 جدی 02 | ع 04 دلو 04 |
| 12 | 15-19 | 26 قوس 23 | 25 ثور 21 | ع 50 جوزا 00 | 34 حمل 08 | 57 حمل 14 | 12 دلو 25 | ع 56 سنبلہ 14 | 38 حوت 25 | 24 دلو 26 | ع 57 جدی 02 | ع 01 دلو 04 |
| 13 | 15-23 | 22 جدی 05 | 23 ثور 22 | ع 27 جوزا 00 | 16 حمل 09 | 43 حمل 15 | 18 دلو 25 | ع 56 سنبلہ 14 | 40 حوت 25 | 24 دلو 26 | ع 56 جدی 02 | ع 58 دلو 03 |
| 14 | 15-27 | 12 جدی 17 | 20 ثور 23 | ع 00 ثور 30 | 58 حمل 09 | 29 حمل 16 | 24 دلو 25 | ع 55 سنبلہ 14 | 42 حوت 25 | 25 دلو 26 | ع 55 جدی 02 | ع 55 دلو 03 |
| 15 | 15-31 | 00 جدی 29 | 18 ثور 24 | ع 30 ثور 29 | 42 حمل 10 | 15 حمل 17 | 30 دلو 25 | ع 55 سنبلہ 14 | 45 حوت 25 | 25 دلو 26 | ع 54 جدی 02 | ع 52 دلو 03 |
| 16 | 15-35 | 50 دلو 10 | 16 ثور 25 | ع 59 ثور 28 | 26 حمل 11 | 00 حمل 18 | 35 دلو 25 | ع 55 سنبلہ 14 | 47 حوت 25 | 26 دلو 26 | ع 53 جدی 02 | ع 49 دلو 03 |
| 17 | 15-39 | 47 دلو 22 | 14 ثور 26 | ع 25 ثور 28 | 11 حمل 12 | 46 حمل 18 | 41 دلو 25 | ع 55 سنبلہ 14 | 49 حوت 25 | 26 دلو 26 | ع 52 جدی 02 | ع 45 دلو 03 |
| 18 | 15-43 | 57 حوت 04 | 12 ثور 27 | ع 51 ثور 27 | 57 حمل 12 | 31 حمل 19 | 46 دلو 25 | 55 سنبلہ 14 | 51 حوت 25 | 27 دلو 26 | ع 51 جدی 02 | ع 42 دلو 03 |
| 19 | 15-47 | 25 حوت 17 | 10 ثور 28 | ع 16 ثور 27 | 44 حمل 13 | 17 حمل 20 | 51 دلو 25 | 55 سنبلہ 14 | 53 حوت 25 | 27 دلو 26 | ع 49 جدی 02 | ع 39 دلو 03 |
| 20 | 15-51 | 16 حمل 00 | 07 ثور 29 | ع 41 ثور 26 | 32 حمل 14 | 03 حمل 21 | 56 دلو 25 | 55 سنبلہ 14 | 55 حوت 25 | 27 دلو 26 | ع 48 جدی 02 | ع 36 دلو 03 |
| 21 | 15-55 | 32 حمل 13 | 05 جوزا 00 | ع 07 ثور 26 | 20 حمل 15 | 48 حمل 21 | 01 دلو 26 | 55 سنبلہ 14 | 57 حوت 25 | 28 دلو 26 | ع 47 جدی 02 | ع 33 دلو 03 |
| 22 | 15-59 | 16 حمل 27 | 03 جوزا 01 | ع 34 ثور 25 | 09 حمل 16 | 33 حمل 22 | 05 دلو 26 | 56 سنبلہ 14 | 59 حوت 25 | 28 دلو 26 | ع 46 جدی 02 | ع 29 دلو 03 |
| 23 | 16-02 | 26 ثور 11 | 01 جوزا 02 | ع 03 ثور 25 | 59 حمل 16 | 19 حمل 23 | 10 دلو 26 | 57 سنبلہ 14 | 01 حوت 26 | 28 دلو 26 | ع 44 جدی 02 | ع 26 دلو 03 |
| 24 | 16-06 | 58 ثور 25 | 58 جوزا 02 | ع 35 ثور 24 | 50 حمل 17 | 04 حمل 24 | 14 دلو 26 | 57 سنبلہ 14 | 02 حوت 26 | 28 دلو 26 | ع 43 جدی 02 | ع 23 دلو 03 |
| 25 | 16-10 | 46 جوزا 10 | 56 جوزا 03 | ع 09 ثور 24 | 41 حمل 18 | 49 حمل 24 | 18 دلو 26 | 58 سنبلہ 14 | 04 حوت 26 | 28 دلو 26 | ع 42 جدی 02 | ع 20 دلو 03 |
| 26 | 16-14 | 40 جوزا 25 | 54 جوزا 04 | ع 46 ثور 23 | 33 حمل 19 | 35 حمل 25 | 22 دلو 26 | 59 سنبلہ 14 | 06 حوت 26 | 29 دلو 26 | ع 41 جدی 02 | ع 17 دلو 03 |
| 27 | 16-18 | 33 سرطان 10 | 51 جوزا 05 | ع 28 ثور 23 | 25 حمل 20 | 20 حمل 26 | 26 دلو 26 | 00 سنبلہ 15 | 07 حوت 26 | 29 دلو 26 | ع 39 جدی 02 | ع 14 دلو 03 |
| 28 | 16-22 | 17 سرطان 25 | 49 جوزا 06 | ع 12 ثور 23 | 18 حمل 21 | 05 حمل 27 | 29 دلو 26 | 01 سنبلہ 15 | 09 حوت 26 | 29 دلو 26 | ع 38 جدی 02 | ع 10 دلو 03 |
| 29 | 16-26 | 47 اسد 09 | 46 جوزا 07 | ع 01 ثور 23 | 12 حمل 22 | 50 حمل 27 | 33 دلو 26 | 02 سنبلہ 15 | 11 حوت 26 | ع 29 دلو 26 | ع 37 جدی 02 | ع 07 دلو 03 |
| 30 | 16-30 | 00 اسد 24 | 44 جوزا 08 | ع 55 ثور 22 | 06 حمل 23 | 35 حمل 28 | 36 دلو 26 | 03 سنبلہ 15 | 12 حوت 26 | ع 29 دلو 26 | ع 35 جدی 02 | ع 04 دلو 03 |
| 31 | 16-34 | 54 سنبلہ 07 | 42 جوزا 09 | ع 52 ثور 22 | 01 حمل 24 | 20 حمل 29 | 39 دلو 26 | 05 سنبلہ 15 | 14 حوت 26 | ع 29 دلو 26 | ع 34 جدی 02 | ع 01 دلو 03 |

## مئی

### داخلہ کواکب فی البروج

عطارد در جوزا: کیم مئی صبح 03-29
عطارد (عت) در ثور: 14 مئی صبح 04-53
شمس در جوزا: 21 مئی صبح 02-52

### رجعت و استقامت

عطارد: رجعت 7 مئی صبح 10-00
زحل: استقامت 17 مئی صبح 07-06
نیپچون: رجعت 29 مئی صبح 09-30
زہرہ: استقامت 31 مئی صبح 06-22

### شرف و ہبوط کواکب

اوج قمر: 4 مئی صبح 01-27 تا 03-12
ہبوط قمر: 8 مئی صبح 01-34 تا 03-25
تخسیف قمر: 18 مئی دوپہر 12-47 تا 2-43
شرف قمر: 22 مئی دوپہر 01-01 تا 02-42
اوج قمر: 31 مئی صبح 06-57 تا 08-43

### ماہانہ قمری حالتیں

نصف چاند: 2 مئی صبح 01-45
مکمل چاند: 9 مئی صبح 09-03
نصف چاند: 17 مئی دوپہر 12-27
نیا چاند: 24 مئی رات 05-12
نصف چاند: 31 مئی صبح 08-23

free copy
khalidrathore.com
03008442060

# خون دراصل کیا ہے؟

خون تو ہم سب کے جسم میں ہوتا ہے، مگر بہت کم لوگ یہ بات سوچتے ہیں کہ خون کہاں بنتا ہے، کیسے بنتا ہے اور اس کا رنگ سُرخ کیوں ہوتا ہے۔

## خون کیا ہے؟

خون میں دراصل دو قسم کے اجزاء ہوتے ہیں۔ ایک تو خلیات (جن میں سُرخ خلیات، سفید خلیات اور اقراص الام شامل ہیں) اور دوسرے وہ مائع جس میں خون کے خلیات تیرتے ہیں۔

## خون سرخ کیوں ہوتا ہے؟

خون کی سُرخی دراصل خون کے سُرخ خلیات کی وجہ سے ہوتی ہے۔ سُرخ خلیات میں ہمیوگلوبین نامی پروٹین موجود ہوتا ہے۔ یہ فولاد اور پروٹین جب پھیپڑوں میں موجود آکسیجن کو جذب کرتے ہیں تو اس میں سُرخی پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی سُرخی کی وجہ سے خون کا رنگ سُرخ ہوتا ہے۔ اگر سُرخ خلیات میں آکسیجن کو جذب کرنے کی صلاحیت کم ہو جائے یا جسم میں فولاد کی مقدار کم ہو جائے تو جلد پر زردی جھلکنے لگتی ہے۔

## خون کہاں بنتا ہے؟

یہ بات اکثر لوگوں کے لیے حیرت کا باعث ہوگی کہ خون کے تمام خلیات ہماری ہڈیوں کے گودے میں تیار ہوتے ہیں۔ ہماری تمام ہڈیوں میں جیلاٹین قسم کا گودا ہوتا ہے۔ جب ہم عمر کے ابتدائی مراحل میں ہوتے ہیں اس وقت یہ گودا مکمل طور پر سُرخ ہوتا ہے اور تمام ہڈیاں خون کے خلیات بناتی رہتی ہیں۔ لیکن عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ اس گودے کا رنگ زرد ہو جاتا ہے اور پھر خون تیار کرنے کا کام صرف ریڑھ کی ہڈی کے مہروں، سینے کی ہڈی، پسلیوں، کوکھے کی حلقے نما ہڈی اور کھوپڑی کی ہڈی تک محدود رہ جاتا ہے۔

جب خون زیادہ مقدار میں تیار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس وقت جسم کی لمبی ہڈیوں کے گودے میں بھی خون کے خلیات تیار کرنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے، خاص طور پر ران کی ہڈی میں، کیوں کہ یہ انسانی جسم کی سب سے لمبی ہڈی ہے۔

## نبض کیا ہے؟

خون یوں تو ہمارے پورے جسم میں گردش کرتا ہے، لیکن اس گردش کا ذمے دار کون ہے؟ اس کا ذمے دار آپ کا دل ہے جو بغیر رُکے رات دن کام کرتا ہے۔ دل کے دھڑکنے کا اندازہ ایک تو سینے پر کان لگا کر یا اسٹیتھسکوپ سے ہو سکتا ہے یا پھر نبض سے بھی دل کے دھڑکنے کی رفتار معلوم کی جا سکتی ہے۔ زیادہ تر لوگوں کو یہی پتا ہے کہ نبض کلائی کے مقام پر ہوتی ہے، لیکن بہت کم لوگوں کو یہ بات معلوم ہوگی کہ نبض دراصل خون کی وہ بڑی شریان ہوتی ہے جو جسم کی بیرونی سطح کی جانب واقع ہوتی ہے اور یہ کہ کلائی کے علاوہ خون کی بڑی شریان کی گزرگاہ کہنی کی پشت یعنی کلائی کو سیدھ میں کہنی کی پشت پر واقع مقام، کان کی لو کی سیدھ میں جبڑے کی عین نیچے، کنپٹی کے مقام پر، کنجِ ران میں اور پیروں کیٹوں کے عین اوپر اور نیچے بھی ہوتی ہے۔ یعنی اِن مقامات پر بھی نبض (یا دل) کی دھڑکن محسوس کی جا سکتی ہے۔


## طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کئے ہیں۔ جبکہ دوسرا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمہ پر مشتمل ہے۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسلئے کا حل لیے ہوئے ہے۔


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

# ہر عمر میں ورزش کیجیے

عمر جتنی زیادہ ہوتی جاتی ہے جوڑوں (joints) کی دکھن بھی اُسی قدر بڑھتی جاتی ہے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم ورزش سے جی چرانے لگیں۔ ورزش کے فوائد صرف بلڈ پریشر پر قابو رکھنے اور طبیعت میں بشاشت پیدا کرنے تک محدود نہیں، بلکہ ان فوائد کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ لہٰذا جو لوگ ورزش کی اہمیت کو سمجھتے ہیں وہ نہ صرف اسے ادھیڑ عمر اور بڑھاپے میں جاری رکھتے ہیں، بلکہ یہ بھی جان جاتے ہیں کہ عمر کے ساتھ ساتھ اپنی جسمانی سرگرمی میں کس طرح تبدیلی کریں، تاکہ ورزش ان کے لیے باعثِ زحمت نہ ہو۔

ورزش کے ماہرین نے تجربے، مشاہدے اور تحقیق سے یہ سیکھا ہے کہ عمر گزرنے کے ساتھ ساتھ کون کون سی ورزش کو کس طرح باہم ملا کر زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں، لیکن خود ان ماہرین نے خبردار بھی کیا ہے کہ نئے مشوروں کا اتنا اثر نہ لیں کہ اپنے پرانے معمولات کو بالکل ہی ترک کر دیں۔

ایک ماہر نے خیال ظاہر کیا ہے کہ کم و بیش ہر ورزش ہمیں چست اور تن درست رکھ سکتی ہے، خصوصاً پیراکی، تیز قدمی، چہل قدمی اور حسن افزاء ورزشوں کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ لیکن یاد رکھیے کہ مختلف اوقات میں کی گئی چھوٹی چھوٹی ورزشیں یا جسمانی ہلنا جلنا، اٹھک بیٹھک بھی دن بھر میں اکٹھی ہو کر اچھی خاصی ورزش کی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔

ماہرین جسمانی ورزش کو عموماً تین بڑی قسموں میں بانٹتے ہیں۔ پہلی قسم میں وہ ورزشیں جن کا تعلق قلب سے ہے۔ ایسی ورزش جو دل کی دھڑکن کو تیز کر دے۔ ایک ماہر نے کہا ''اگر کوئی طبی پہلو مانع نہیں ہے تو خواہ عمر کتنی ہی کیوں نہ ہو، ہمیں ہفتے میں کئی بار ایسی ورزش کرنا چاہیے، جس سے حرکت قلب کی رفتار بڑھ جائے۔ یہ بات بہت اہم ہے''۔ ورزش کی دوسری دو بڑی قسمیں عضلات کو مضبوط بنانے والی اور توازن برقرار رکھنے والی ورزشیں ہیں، جو عمر میں اضافے کے ساتھ ساتھ اہمیت اختیار کرتی جاتی ہیں۔ ضروری نہیں کہ آپ ہر مقصد کے لیے علیحدہ علیحدہ ورزش کریں۔ درحقیقت بعض ورزشیں مثلاً کسی ٹیلے یا



پہاڑی پر چڑھنا یا تائچی (Tai Chi) ایسی ورزشیں ہیں جن سے دو یا تینوں مقاصد پورے ہو جاتے ہیں۔ البتہ عمر میں اضافے کے ساتھ ان ورزشوں کے معمول میں کچھ رد و بدل کرنا پڑتا ہے۔

بیس سے تیس سال کی عمر میں پابندی سے درمیانے درجے کی اور کبھی کبھی سخت ورزش کرنا چاہیے۔ ہفتے میں کم از کم تین بار ایسی ورزش بیس سے تیس منٹ کی جائے جس سے پسینے آ جائیں۔ ہفتے کے باقی دنوں میں بھی ورزش سے جی نہیں چرانا چاہیے۔ واک کیجیے، زینہ چڑھیے، غرض کہ کوئی بھی ایسی ورزش کیجیے جس سے دل کی دھڑکن میں خفیف سی تیزی آ جائے۔ اس عمر میں یعنی بیس سے تیس سال کے درمیان پٹھوں کو مضبوط بنانے والی ورزش ہفتے میں کم از کم دو بار ضرور کیجیے۔ جہاں تک قدرتی جسمانی توازن کا تعلق ہے، اس کا انحصار ہمارے عضلات اور اعصاب پر ہوتا ہے اور اس میں ہماری توقع سے بہت پہلے، یعنی کوئی سولہ سال کی عمر سے انحطاط شروع ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ایسی ورزش پر شروع سے توجہ دیجیے جو توازن برقرار رکھنے میں آپ کی مددگار ہو۔

تیس سے پچاس سال کی عمر کا عرصہ آپ سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ آپ اپنے جسمانی معمولات میں نسبتاً زیادہ نظم و ضبط پیدا کریں۔ وہ بھرپور توانائی جو نوجوانی میں آپ کے جسم میں رواں دواں تھی اب انحطاط پذیر ہے۔ عمر کے اس حصے میں خصوصاً خواتین کے لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ ہفتے میں دو تین بار ایسی ورزش کو معمول بنا لیں جو عضلات کو تقویت پہنچائے اور ہڈیوں کی مضبوطی کو یقینی بنائے، کیوں کہ اس عمر میں ہڈی کی گنجائنیت بھی کم ہونے لگتی ہے۔

اس عمر میں ایروبک ورزشوں کو اپنے روزمرہ معمول میں شامل کیجیے۔ ہاتھ پیر کھولنے والی، اعضاء میں لوچ پیدا کرنے والی اور جسم کا توازن برقرار رکھنے والی ورزشوں پر توجہ دیجیے۔ عمر کے اس حصے میں اکثر کھلاڑی سائیکلنگ، کشتی رانی، اسکیٹنگ اور اس کی اسکیئنگ (Skiing) کی طرف توجہ دینے لگتے ہیں۔

پچاس سے ستر سال کی عمر ایسی ہوتی ہے جب آپ کو اپنی صحت کے مختلف پہلوؤں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی ورزش کے معمول میں ردّ و بدل کرنا پڑتا ہے۔ اس عمر میں امراضِ قلب کا خطرہ سب سے زیادہ درپیش رہتا ہے۔ لہٰذا روزمرہ کی ورزش کا معمول از سرِ نو ترتیب دیتے وقت دل کا خاص خیال رکھیے۔ وزن کو قابو میں رکھنے، عضلات کو مضبوط بنانے، اعضاء میں لوچ اور لچک پیدا کرنے، نیز توازن برقرار رکھنے والی ورزشیں بھی عمر کے اس حصے میں اہم ہیں۔

بقیہ صفحہ نمبر 24 پر............

free copy
khalidrathore.com
03008442060

مریم ابرار شنواری۔ محمد ابرار شنواری

# گلاب کے طبی اور معاشی فائدے

انسانی تاریخ میں گلاب، محبت، پاکیزگی، خلوص، تحریک اور ولولے، حسن لطافت، رحم وتلطف، روحانیت اور عیش پرستی کی علامت رہا ہے۔ وسط ایشیا اس کا اصل وطن قرار دیا جاتا ہے۔ چین، ہندوستان، ایران، شام، مصر، یونان کی طب کی قدیم کتب میں اس کا ذکر ملتا ہے۔

گلاب ہمیشہ سے تہذیبوں پر جمالیاتی، معاشی، طبی، مذہبی اور روحانی اعتبار سے اثر انداز چلا آ رہا ہے۔ اس میں سے بہت سے پہلو افسانوی ہیں۔ انہیں سائنٹفیک قرار نہیں دیا جا سکتا۔ یہ زیادہ تر قصے محض کہانیوں کی حیثیت رکھتے ہیں، لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کے جسمانی اور جذباتی اثرات مسلمہ چلے آ رہے ہیں۔ گلاب کا رنگ ہو کہ خوشبو اور اس کی نرم و نازک پنکھڑیاں اس کے پتے اور اس کے بیجوں کے گودے دار کیسے (HIPS) دواؤں، تیلوں اور حسن افزا کریموں کے علاوہ کھانوں اور مٹھائیوں کی تیاری میں استعمال ہوتے ہیں۔

گلاب کا قدیم لاطینی نام 'روزا' ہے۔ عربی میں اسے وَرد، فارسی میں نسرین، اُردو میں گلاب کہتے ہیں۔ گلاب کے لیے آرمینی لفظ بھی وَرد ہے۔ (طب میں اس کی پتیوں سے تیار ہونے والا ملین شربت، شربت وردمکرر، کہلاتا ہے۔ ہر قسم کے ورم کے لیے استعمال ہونے والی مشہور دوا، معجون دبید الورد کہلاتی ہے)۔ اس کا تیل فارسی میں عطر اور عربی میں عِطر کہلاتا ہے۔ جس کے معنی میٹھی دل فریب خوشبو ہوتے ہیں۔

## عمومی خصوصیات

گلاب کی مختلف اقسام ہوتی ہیں۔ دوسرے پودوں کے مقابلے میں اس کی اپنی منفرد خصوصیات ہوتی ہیں۔ اس کے تنے کانٹوں سے بھرے ہوتے ہیں، اسی طرح اس کے تخم کے بیجے اور پتوں کا بھی اپنا مخصوص انداز ہوتا ہے۔ جنگلی گلاب روزا، کی پیوند کاری کے ذریعے سے کئی رنگ کے گہرے، زرد، ہلکے گلابی، سفید، ہلکے زرد، گلاب کی اقسام تیار کی گئی ہیں۔



ایشیاء اور چین میں جنگلی اقسام بہ کثرت پیدا ہوتی ہیں۔ اب تو اس کی نارنجی، جامنی، بھوری سبز بلکہ نیلی اور سیاہ اقسام بھی تیار ہو گئی ہیں۔ اب دو رنگی اور کثیر رنگی گلاب کی اقسام بھی تیار ہو رہی ہیں۔ اس کی معلوم 250 اقسام ہیں اور اسے کاشت کرنے والوں کی تعداد لاکھوں میں ہے۔

## تاریخ

گلاب کی عمر 20 ملین سال بتائی جاتی ہے۔ اس کے ثبوت لاکھوں سال پرانے فوسلز سے ملتے ہیں۔ خیال یہ ہے کہ زمین پر انسان کی آمد سے پہلے گلاب موجود تھا۔

## قدیم ترین پودا

گلاب کا قدیم ترین پودا جرمنی میں موجود ہے، دوسری جنگ عظیم میں بمباری سے اسے نقصان ضرور پہنچا، لیکن یہ تباہ نہیں ہوا۔ روایت ہے کہ جرمنی کا بادشاہ قیصر لڈوگ بہت مذہبی تھا۔ ایک دفعہ شکار کے دوران وہ اپنے ساتھیوں سے بچھڑ گیا اور اس نے رات جنگل میں گزاری۔ اگلے دن قلعے پہنچ کر اسے یاد آیا کہ وہ ایک متبرک یادگار شے، جنگل ہی میں بھول آیا ہے۔ اسے لینے کے لیے وہ دوبارہ جنگل میں پہنچا تو وہ یادگار گلاب کے ایک پودے کے نیچے ملی، جس کے قریب اس نے رات بسر کی تھی۔ گلاب کے پودے نے یہ شے اسے دینے سے انکار کر دیا، اس پر لڈوگ نے اس جگہ ایک گرجا بنانے کا عہد کیا۔ اس کی تعمیر 815 عیسوی میں مکمل ہوئی۔ جنگ کے دوران بمباری کے باوجود یہ پودا صحیح سلامت موجود ہے۔

## بین الاقوامی پھول

گلاب امریکا کے علاوہ کینیڈا کے ایک صوبے کا سرکاری پھول ہے۔ یہ امریکا کی بھی تین ریاستوں کا قومی پھول ہے۔ تاریخ انگلستان میں بھی ''گلاب کی جنگوں'' Wars of Roses کا ذکر درج ہے۔

free copy
khalidrathore.com
03008442060

گلاب، ماہ جون کے لیے بھی مخصوص ہے۔

## ادبی اہمیت

دنیا کے کم وبیش تمام ادب میں گلاب کا پھول امتیازی مقام رکھتا ہے۔

فارسی اور اردو ادب میں گل وبلبل کی داستان ایک مخصوص اصطلاح کی حیثیت رکھتی ہے۔ لاتعداد اشعار میں اس کا اظہار موجود ملتا ہے۔

## مذہبی اہمیت

قدیم یونان و روم میں پھولوں کو بڑی اہمیت حاصل رہی، لیکن ان سب میں نمایاں مقام گلاب کو حاصل رہا ہے اسے حسن ومحبت، فن اور تخلیق کی دیوی، افروڈائٹ کا پسندیدہ پھول قرار دیا جاتا ہے۔

اگرچہ ابتدائی دور میں عیسائی مذہبی پیشوا گرجا گھروں میں گلاب لانے کے مخالف تھے، لیکن بعد میں اسے مذہبی حیثیت حاصل ہوگئی۔ اس کی پانچ پنکھڑیاں حضرت عیسیٰؑ کے پانچ زخموں سے منسوب کی گئیں، اور سفید گلاب کا تعلق حضرت مریمؑ کی دوشیزگی کی علامت قرار دیا گیا۔ اس کا اثر قدیم گرجا گھروں کی تعمیر میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ چھتوں، شہتیروں وغیرہ پر گلاب کے تراشے ہوئے پھول اس کا ثبوت ہیں۔

قدیم عرب میں گلاب کو اعلیٰ ترین روحانی کمال کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ گلاب کی خوشبو کو آج بھی اسلامی تہذیبوں میں بڑا اہم مقام حاصل ہے۔ عرب ملکوں میں اسے کمروں کو معطر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

## روایتی استعمال

روم میں گلاب اُگانے کے لیے خصوصی گرم کمرے بنائے جاتے تھے، جنہیں گرم پانی کی نلکیوں کے ذریعے سے گرم رکھ کر بے موسم گلاب کے پھول حاصل کیے جاتے تھے۔ اہم لوگوں کو اس کے ہار ہی نہیں پہنائے جاتے تھے، بلکہ بستروں پر اس کی پتیاں بھی بکھیری جاتی تھیں۔ شراب کے پیالوں میں اس کی پتیاں ڈالی جاتی تھیں اور مہمانوں پر بھی پنکھڑیوں کی بارش کی جاتی تھی۔ ایک شہنشاہ، ایلاگابالوس (218-222 عیسوئی) کی شاہی ضیافت میں چھتوں کے روزنوں سے مہمانوں پر اتنی پنکھڑیاں نچھاور کی گئیں کہ ان کے دم گھٹنے لگے۔

انگلستان کے شاہی گھرانے میں بھی گلاب کو بڑی اہمیت حاصل رہی۔ گلاب کی جنگوں (1461) کے وقت سے گلاب برطانیہ کا نشان چلا آتا ہے۔

یورپ اور مغربی ایشیا میں گلاب کا عرق، شامی گلاب سے کشید کیا جاتا تھا۔ صدیوں (قبل مسیح) پہلے عرق گلاب کے استعمال کا رواج غالباً عرب اور ایران سے شروع ہوا۔ قدیم فرانس میں اس کی خشک پتیاں کم از کم تین ہزار سال پہلے سے آرائش جمال اور حسن افزائی کے لیے استعمال ہو رہی ہیں۔

## گلاب کی جمالیاتی اہمیت

گلاب کے پھولوں سے باغ وچمن آراستہ کرنے کا سلسلہ چین سے شروع ہوا۔ چھٹی صدی قبل مسیح میں شاہی باغ اس سے آراستہ کیے جاتے تھے جن میں اس کی نت نئی اقسام اُگائی جاتی تھیں، جو یورپ میں نہیں ملتی تھیں۔

گلاب رنگ کے علاوہ مختلف سائز کے بھی ہوتے ہیں۔ تشتری کے سائز کے بڑے گلابوں کے علاوہ اتنے چھوٹے گلاب بھی ہوتے ہیں، جنہیں انگوٹھی میں سے بہ آسانی گزارا جا سکتا ہے۔ پودوں کے علاوہ اس کی بیلیں بھی ہوتی ہیں۔

یورپ میں نپولین کی ملکہ، جوزے فین نے گلاب کی کئی نئی اقسام کو فروغ دیا۔ مشرق سے مغرب کی طرف گلاب کے سفر کا آغاز چین سے ہوا۔ مغرب میں بھی اس کی کاشت ملکوں ملکوں پھیلتی چلی گئی۔ اس اعتبار سے گلاب کو بجا طور پر ایک اہم علامتِ تہذیب، قرار دینا درست ہے۔ اسی طرح اس کے استعمالات کی فہرست بھی بہت طویل ہے۔

## گلاب کا اساسی تیل

عطرِ گلاب کا شمار دنیا کے اہم ترین خوشبو دار


# علم الحروف

☆ حروف کے موضوع پر ایک جامع کتاب ہے۔ مختلف اقسام کی حروف کی تشریح کے علاوہ تمام حروف ابجد کے خواص کو عمومی طور پر بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بعض حروف پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔

☆ مختلف قسم کے نقوش کی چال، ان کے بھرنے اور استعمال کا طریقہ اور علم النقوش سے متعلق دیگر امور کا بیان بھی ہے۔

☆ اس کتاب کا ایک خاص پہلو اس میں حروف کی زکوۃ کے متفرق طریقے ہیں جن سے ہر آدمی فیض اٹھا سکتا ہے۔

☆ علم الحروف شرف کواکب اور مختلف مسائل کے حوالے سے کتاب میں لاتعداد اعمال بیان کیے گئے ہیں۔ تسخیر اور بندش کے اعمال اس کا خاصہ ہیں۔ اس کے علاوہ نجوم کے حوالے سے حروف کے استعمال کا قاعدہ اور لوح تحفظ بھی شامل کتاب ہے۔


free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions
03008442060

تیلوں میں ہوتا ہے، جو اس کی پنکھڑیوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ گلاب کا عطر دنیا کا بہترین اور قدیم ترین خوشبودار روغن ہے۔ دمشق کے 30 گلابوں کی پنکھڑیوں سے عطر گلاب کی ایک بوند حاصل کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری کا اہم مرکز، بلغاریہ ہے جو دنیا کا تین چوتھائی عطر گلاب فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اب ترکی اور مراکش بھی اس کے اہم مرکز ہیں۔ گلاب دمشق، گلاب کی ایک نوع ہے۔

برصغیر میں عطر گلاب کی دریافت مغل شہنشاہ نورالدین جہانگیر کی چہیتی ملکہ نور جہاں سے منسوب کی جاتی ہی۔ روایت ہے کہ شہنشاہ کے حکم سے اس کی شادی کی خوشی میں شاہی باغ کی نہر میں بہ کثرت گلاب کے پھول ڈال دیئے گئے تھے۔ ملکہ نے اس پانی میں جب ہاتھ ڈالا تو گلاب کے تیل سے اس کے ہاتھ مہک گئے۔ شہنشاہ جہانگیر نے اس دریافت اور شادی کی خوشی میں اس عطر کی تیار کا حکم جاری کر دیا۔

## عرقِ گلاب

اسے خوشبو کے علاوہ دوا کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مذہبی اور شادی بیاہ کی تقاریب میں اسے چھڑکا جاتا ہے۔

## روغنِ گل

تل کے گرم تیل میں اس کی پتیاں شامل کر کے یہ تیل تیار کیا جاتا ہے۔ بالوں میں لگانے کے علاوہ اسے طبی مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ گرمی کے دماغی امراض سرسام وغیرہ میں یہ زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

## گرمیوں کا مشروب

سائے میں خشک کی ہوئی پنکھڑی سے گرمیوں میں ٹھنڈا شربت تیار کیا جاتا ہے۔

## دیگر اشیاء

ان میں گلاب کے کیسۂ تخم (Hips) کا جیم اور مارملیڈ، کلیوں کا اچار جو سرکے اور چینی سے بنتا ہے، گلاب کی خوشبو والی شراب، گلاب کا مرہم وغیرہ شامل ہیں۔ کبھی سگریٹ سازی میں بھی گلاب کی پتیوں کے فلٹر استعمال ہوتے تھے۔

## طبی اہمیت

زمانہ قدیم میں گلاب اور اس کی دوائی خاصیتوں اور فوائد کے بارے میں روایات بہت عام تھیں۔ ڈاکٹر لٹ لے نے گلاب کے موضوع پر اپنے مقالے میں صرف گلاب کے بارے میں ایک الگ قرابادین (فارما کوپیا) مرتب کرنے کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ عرق و عطر کی کشید سے پہلے، گلاب کے تمام اجزاء علاجی مقاصد کے لیے استعمال ہوتے تھے۔

## روغنِ گلاب کی خصوصیات

مانع پستی، دافع ورم، جراثیم کش، مانع تشنج، دافع دق وسل ہوتا ہے۔ اس میں وائرس اور پھپوندی دور کرنے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے۔ گلاب کے روغن میں زخم بھرنے، پیشاب صاف لانے، بدبو دور کرنے، تقویت باہ کی خاصیت بھی پائی جاتی ہے۔

گلاب کا روغن بھوک لگاتا، قبض دور کرتا اور تسکین بخش ہوتا ہے۔ یہ ایک بہت موثر مقوی قلب، جگر، رحم اور معدہ ہوتا ہے۔ اس میں شارکی عصبی نظام (Sympathetic Nervons system) کی بڑھی ہوئی سرگرمی معتدل کرنے کی خاصیت بھی ہوتی ہے۔ گلاب اس اعتبار سے ایک نہایت مفید عطیہ خداوندی ہے۔ گلاب سے توانائی کے علاوہ صحت و تن درستی کے احساس میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے۔

روغن گلاب میں سمی اثرات نہیں ہوتے اس اعتبار سے یہ محفوظ ہوتا ہے۔ اسی طرح حمل کے دوران جنین پر بھی اس کے مضر اثرات مرتب نہیں ہوتے۔


# ساعات حقیقی

☆ساعات کا ایک نیا طریقہ کار جو کہ خالد اسحاق راٹھور کی ذاتی تحقیق اور تجربے کا نچوڑ ہے۔ پہلے یہ طریقہ آپ کے علم میں نہ آیا ہوگا۔

☆عام مروج طریق کی بجائے اس میں پہلے ساعتوں کو سات برابر حصوں اور پھر ہر ساعت کو مزید سات حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کتاب میں ستر (70) صفحات پر مشتمل جدول میں تمام دنیا کے لیے ساعتیں استخراج کر دی گئی ہیں۔

☆اس کتاب میں مندرجہ بالا طریقے سمیت ساعتیں معلوم کرنے کے دس (10) مختلف طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ مختلف ساعتوں میں پیدا ہونے والے بچوں کے تفصیلی حالات' سعد و نحس ساعتیں' عملیات' روزگار' امراض' جنس' سمت' رنگ' انعامی نمبر' منسوبات' اسم مولود' صدقہ' طلسم ساعات جیسے امور پر سیر حاصل بحث کی گئی ہیں۔

☆اس کے علاوہ تمام ساعات اکبر و صغیر میں سوالوں کے جواب کے موضوع پر تفصیلی باب' کتاب کو چار چاند لگانے کا باعث ہے۔ اس سے آپ دنیا کے کسی بھی سوال کا درست جواب اعتماد سے دے سکتے ہیں۔


free copy
khalidrathore.com
Lumatech Document Processing Solutions
03008442060

خالص عطر گلاب کے لگانے سے بعض لوگ ہلکی خارش محسوس کر سکتے ہیں، اس کے کھانے سے بھی کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔

لیبارٹری ٹسٹ میں بھی اس کی مانع وائرس صلاحیت کی توثیق ہوئی ہے۔

## عرق گلاب

اس کے اثرات بھی روغن گلاب جیسے ہی ہوتے ہیں۔اس کی لطیف خوشبو فرحت بخشتی ہے اور اس میں شامل قدرتی تیزاب موثر مانع ورم ہونے کی وجہ سے جلد کا اچھا محافظ ثابت ہوتا ہے۔خشک اور نازک جلد کا عرق گلاب اچھا معاون ہوتا ہے۔ آنکھوں کی سوجن اور جلن اس سے دور ہوتی ہے۔

## روغن گلاب کے طبی استعمال

### جلد

روغن گلاب (روز آئل) خشک اور شکستہ جلد کے علاوہ ایگزیما اور حساس جلد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔جلد کی خشکی، خارش اور ورم بھی دور ہوتا ہے، بوڑھی ہوتی جلد پر اس کی مالش بہت مفید ثابت ہوتی ہے، یعنی جھریاں کم بنتی ہیں۔روغن گلاب سے تیار کیا ہوا مرہم، اشعاع اور سورج کی کرنوں کی وجہ سے جلد کے سرطان میں مبتلا مریضوں کے لیے مفید ثابت ہوا۔جلد کے ریشوں کی ٹوٹ پھوٹ بھی اس سے رک گئی۔جلد کے زخم کے 154 مریض جو اینٹی بایوٹکس سے درست نہیں ہو سکے، اس کے استعمال سے صحت یاب ہو گئے۔

### نظام ہضم

اپنے مانع ورم و جراثیم خواص کی وجہ سے روغن گلاب آنتوں کے ورم اور معدے کے زخم کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے۔اس سے متلی دور ہوتی ہے اور آنتیں قوی اور درست ہو جاتی ہیں۔

## سانس کا نظام

اس میں دمے، کھانسی اور بخار کاہی (ہے فیور) شامل ہے۔

## نظام تولید

روغن گلاب نظام تولید اور جنسی صلاحیت پر مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔سن یاس میں جب ایام بے قاعدہ ہوں یا ان کی کثرت ہو، یہ مفید ثابت ہوتا ہے۔اس کے علاوہ یہ سیلان الرحم (لیکوریا) رحم کی شکایت اور تشنج کے لیے بھی مفید ہوتا ہے۔گلاب کی ملِک (سیکڑنے) کی صلاحیت کثرت حیض کے لیے مفید پائی گئی۔ زنانہ تکالیف کے علاوہ گلاب میں مردوں میں اسپرمز کی تعداد بڑھانے کی خاصیت بھی ہوتی ہے۔

## جنسی توانائی

سرد مہری اور نامردی کا یہ ایک اچھا علاج ہوتا ہے۔عصابی پستی اس سے دور ہوتی ہے۔اسے تنہا یا دیگر محرک دواؤں کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

## عصبی شکایات

چہرے اور جسم پر روغن گلاب کی مالش سے دوران خون بہتر ہوتا ہے، گھبراہٹ جوڑوں کی اکڑن، کمزوری، بے خوابی، جنسی سرد مہری، سر میں درد کی شکایت اور اعصابی تناؤ دور ہوتا ہے۔

## دورانِ خون

اس میں دوران خون کی سستی قابل ذکر ہے۔جدید تجربات کے مطابق گلاب میں خون کی چکنائی یعنی کولیسٹرول کم کرنے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے۔تجربات نے اسے شریانوں کی سختی کے لیے بھی مفید ثابت کیا ہے۔

روس میں کیے گئے تجربات سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔چین میں بھی گلاب کی جڑ کے سفوف کی گولیوں کے استعمال سے کولیسٹرول اور ٹرائی گلیسر ائڈز کی سطح میں کمی دیکھی گئی۔

پاکستان میں لیبارٹری میں ہونے والے تجربات کے مطابق، آلو بخارے، دار ہلدی، گل نیلوفر اور گلاب کے استعمال سے چوہوں کے خون میں کولیسٹرول کی سطح میں کمی دیکھی گئی۔

## اخراجی نظام

اسپین میں گلاب کے کیسہ تخم (Hips) کی چائے گردے کی پتھری کے لیے مفید پائی گئی۔اس کے استعمال سے زیر تجربہ چوہوں کے پیشاب میں کیلشیم کا اخراج کم ہوا اور پیشاب میں سٹریٹ کا اخراج بھی بڑھ گیا۔ یہ اثرات چوہوں کو 12 دن تک اس کے جوشاندے کے استعمال کے دوران ریکارڈ ہوئے۔

## کیسہ تخم کے اثرات

اسے گلاب کا پھل بھی کہتے ہیں۔اسے خاص طور پر بچوں کا ٹانک قرار دیا جاتا ہے۔اس میں سیاہ منقے کے مقابلے میں حیاتین ج (وٹامن سی) چار گنا ہوتا ہے، اور سنگترے کے رس کے مقابلے میں یہ حیاتین 20 گنا ہوتا ہے۔چین میں کاشت ہونے والی گلاب کی ایک نئی قسم کے پھل میں حیاتین ج (الیسکاربک ایسڈ) 5 سے 22 گنا پایا گیا۔اسی طرح سیب کے مقابلے میں اوکسائیڈ سمیوٹیز (Oxide Dismutase) 60 گنا زیادہ پایا گیا۔

## زیرہ گلاب

گلاب کے بیج رحم کو قوی کرتے ہیں۔ان کے کھانے سے منہ سے خون کا اخراج رک جاتا ہے۔اسی طرح اس کی پنکھڑیوں سے تیار ہونے والے گل قند کے فوائد بھی صدیوں سے مسلمہ چلے آرہے ہیں۔

free copy
راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
LumTech Document Processing Solutions
03008442060

## جناب عمیر بن وہب جمحیؓ

سے انکار کیا تو میں ان کو بھی بت پرستی اور انکار اسلام کے جرم میں ویسی ہی اذیتیں دوں گا جیسی اصحاب رسول ﷺ کو اسلام قبول کرنے پر دیا کرتا تھا''۔

رسول اللہ ﷺ نے ان کو اجازت دے دی۔ اجازت پا کر وہ مکہ آئے اور صفوان بن امیہ کے گھر پہنچے اور اس سے بولے ''صفوان! تمہارا شمار مکہ کے سربر آوردہ لوگوں اور قریش کے اصحاب عقل و دانش میں ہوتا ہے۔ کیا واقعی تم یہ سمجھتے ہو کہ ان پتھروں کی پرستش اور ان کے لیے قربانی کرنے کا جو طریقہ تم لوگوں نے اختیار کر رکھا ہے، وہ عقل کی رو سے زندگی گزارنے کا صحیح طریقہ ہے؟ میں تو اسے درست نہیں سمجھتا، اور اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا حقیقت میں کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اس کے رسول ہیں''۔

پھر جناب عمیر بن وہبؓ مکہ میں دعوت الی اللہ کے کام میں جٹ گئے اور بڑی تعداد میں لوگ ان کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہوئے (۲) اللہ تعالیٰ جناب عمیر بن وہبؓ کو بہترین اجر سے نوازے اور ان کی قبر کو نور سے بھر دے۔ آمین۔

## قدیم فلکیات

''لاپیوٹا کے ماہرین افلاک'' اپنی زندگی کا بیشتر حصہ اجرام فلکی کے مشاہدے میں صرف کرتے ہیں اور اس مقصد کے لیے وہ شیشے استعمال کرتے ہیں جو (ہمارے شیشوں سے) بدرجہا بہتر ہوتے ہیں۔ ان کی بڑی سے بڑی دوربین بھی تین فٹ سے زیادہ لمبی نہیں، مگر وہ ہماری سو گز لمبی دوربینوں سے زیادہ بڑا کر کے دکھاتی ہے اور اس سے ستارے بھی واضح دکھتے ہیں۔ اس بناء پر انہیں ہمارے یورپی فلکیات دانوں پر فوقیت حاصل ہے، کیونکہ انہوں نے دس ہزار ساکن ستاروں کی ایک فہرست ترتیب دے رکھی ہے جب کہ ہماری بڑی سے بڑی فہرست میں اس کی ایک تہائی تعداد بھی موجود نہیں۔ اسی طرح انہوں نے مریخ کے گرد گردش کرنے والے دو چھوٹے ستارے یا سیٹلائٹ بھی دریافت کر لئے ہیں (ان میں سے ایک دوسرے کی نسبت مریخ سے زیادہ قریب ہے)۔ یہ اندر والا سیارہ مریخ کے قطر کے تین گنا فاصلے پر جب کہ دوسرا باہر والا مریخی قطر کے پانچ گنا فاصلے پر گردش کر رہا ہے۔ پہلا دس گھنٹے میں اپنی گردش پوری کرتا ہے جب کہ دوسرا ساڑھے اکیس گھنٹے میں۔ ان کے گردشی اوقات کا مربع لیا جائے تو یہ اس تناسب کے قریب آتا ہے جو مریخ کے مرکز سے ان کے فاصلے کا مکعب لینے سے حاصل ہوگا۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان پر بھی کشش ثقل کا وہی قانون لاگو ہوتا ہے جو دوسرے اجرام فلکی پر اثر انداز ہو رہا ہے''۔

جوناتھن سوئفٹ 1726ء میں مریخ کے چاندوں کا ذکر اتنی تفصیل سے کر رہا ہے۔ لیکن تاریخی اور سائنسی اعتبار سے اس واقعے کے 151 برس بعد 1877ء میں ایک امریکی ماہر افلاک نے مریخ کے دو چاند جو صرف دوربین سے نظر آ سکتے ہیں دریافت کیے۔ جنہیں آج فوبوس (خوف) اور ڈیموس (ڈر) کہا جاتا ہے۔ سوئفٹ نے ایک کا دورانیہ گردش دس گھنٹے بیان کیا تھا جو جدید اندازے کے مطابق سات گھنٹے 39 منٹ بنتا ہے جب کہ ساڑھے اکیس گھنٹے دورانیہ گردش رکھنے والے بیرونی چاند کے بارے میں حالیہ تحقیق 30 گھنٹے 18 منٹ کا وقت ظاہر کرتی ہے۔(72)

جوناتھان سوئفٹ نے ایسے عجیب و غریب حقائق بیان کرنے کے لیے کون سے ذرائع استعمال کیے۔ ہم نہیں جانتے۔

(65) Worlds of Incredible But P:31
(66) Mysteries from Forgotten Wrolds P:48
(67) -do- P-49

VISIT
www.khalidrathore.com

(68) Gods Graves And scholars, 1980(P:423)
(69) Mysteries from Forgotten Worlds P:53
(70) Worlds Greatest Mysteries Govry Brown P:143
(71) Worlds of incredible lent true P:125
(72) Peoples Almanac II P:1355

## ہر عمر میں ورزش کیجیے

ستر اور اس کے بعد کی عمر میں بھی ورزش ترک نہیں کرنا چاہیے۔ اس عمر میں بھی ایروبک ورزشیں اور عضلات مضبوط کرنے والی ورزشیں کی جا سکتی ہیں۔ بعض اوقات ان ورزشوں کا سب سے زیادہ فائدہ ان لوگوں کو ہوتا ہے جو ضعیف ہوتے ہیں یا دل، ذیابیطس، ہڈیوں کی خستگی (Osteoporosis)، نفاخ، ہائی بلڈ پریشر اور جوڑوں کے درد کے مریض ہوتے ہیں۔ اس عمر میں لچک اور توازن برقرار رکھنے والی ورزشوں کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔

مختصر یہ کہ عمر جتنی بھی ہو ورزش کیجیے اور مختلف طرح کی ورزشیں کیجیے تا کہ اکتاہٹ بھی نہ پیدا ہو اور صحت پر اچھے اثرات بھی مرتب ہوں۔ اکثر یہ بات دیکھی گئی ہے کہ انسان دواؤں کی نسبت ورزش سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ویسے بھی غور کریں تو دواؤں پر پیسہ خرچ ہوتا ہے اور ورزش کا حساب یہ ہے کہ ہینگ لگے نہ پھٹکری اور رنگ بھی چوکھا آئے۔

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
LubTech Document Processing Solutions
03008442060

# قدیم فلکیات

سمیری تہذیب کی باقیات کا مطالعہ کرنے والے بعض ماہرین نے ایسے انکشافات کیے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ سمیری تہذیب ہزاروں برس پہلے کرہ ارض پر موجود تھی اور اپنی قدامت کے اعتبار سے سمیری بڑی حیرت انگیز صلاحیتوں کے مالک اور خاصے ترقی یافتہ لوگ تھے۔ یہ بات آج تک ایک راز ہے کہ سمیری کہاں سے آئے تھے۔

کہا جاتا ہے کہ سمیریوں کا بیان تھا وہ خلاء میں نظام شمسی کے ایک دور دراز سیارے سے آئے ہیں۔ اس سیارے کو وہ اپنی زبان میں نبیرو کہتے تھے۔ سمیری قوم کی فلکیات کا علم غیر معمولی تھا۔ وہ نظام شمسی کے ایک دور دراز سیارے سے آئے ہیں۔ اس سیارے کو وہ اپنی زبان میں نبیرو کہتے تھے۔

سمیری قوم کی فلکیات کا علم غیر معمولی تھا۔ وہ نظام شمسی کے بارہ اجسام گنواتے تھے۔ محققین پہلے گیارہ اجسام کے بارے میں یہی خیال کرتے ہیں کہ یہ سورج چاند اور نظام شمسی کے نو معلوم سیارے ہیں۔ جب کہ بارہواں جسم یا دسواں سیارہ جسے سمیریوں نے نبیرو کہا، ان کے علم میں نہیں۔ گو دور حاضر میں اس نظریئے پر خاصا کام ہو رہا ہے کہ پلوٹو کے بعد کوئی سیارہ ڈھونڈ نکالنا بعید از قیاس نہیں (دیکھئے دسواں سیارہ) لیکن سمیریوں نے اس کا بیان یوں کہا ہے کہ گویا وہ نظام شمسی کے بارے میں ہزاروں برس پہلے اتنا کچھ جانتے تھے جتنا ہمارے موجودہ سائنس دان بھی نہیں جانتے۔ سمیریوں کے بتائے ہوئے بارہ اجسام اور ان کا معلومہ اجسام سے تعلق اس طرح بنتا ہے۔

| | |
|---|---|
| 1- اپ سو (سورج) | 2- مم مو (عطارد) |
| 3- لاہا مو (زہرہ) | 4- کی (زمین) |
| 5- کن گو (چاند) | 6- لہبو (مریخ) |
| 7- کشار (مشتری) | 8- انشر (زحل) |
| 9- انو (یورینس) | 10- ایئے (نیپچون) |
| 11- گاگا (پلوٹو) | 12- نبیرو |

جرمنی میں برلن کے عجائب خانے میں سمیری آثار میں ایک مہر کو ۲۴۳-۱ وی کا نمبر دیا گیا ہے۔ اس میں نظام شمس کے اظہار میں سورج کے گرد گیارہ اجسام کو گردش میں دکھایا گیا ہے۔ گیارہواں جسم سمیریوں کے نزدیک نبیرو سیارہ ہے۔

سمیری فلکیات سے استفادہ کر کے اسے سائنس دانوں کے سامنے پیش کرنے والی سب سے متنازعہ شخصیت عمانویل ولکاوسکی کی ہے۔

عمانویل ولکاوسکی Immanuel Vilkovsky روس میں پیدا ہوا۔ 1939ء میں امریکہ چلا آیا۔ گیارہ برس بعد اس نے اپنے قدیم تواریخ کے مطالعے کو ایک کتاب Worlds in Collision میں پیش کیا۔ کتاب کا شائع ہونا تھا کہ ایک تہلکہ مچ گیا۔ مصنف کے نظریات تھے ہی اتنے عجیب و غریب کہ عوام الناس نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور بڑے شوق سے پڑھا، اِدھر سائنس دانوں نے اسے خوب لعنت ملامت کی۔ ایک برطانوی ماہر فلکیات نے کہا کہ یہ کتاب جھوٹ کا پلندہ ہے۔ میں نے اسے نہیں پڑھا اور نہ کبھی پڑھوں گا۔ ایک اور ماہر فلکیات نے کہا کہ یہ



متحیر کرداروں کی ایجاد کے دور کی برترین کتاب ہے۔ لیکن سائنس کی دنیا میں اب تک اس کتاب کو بیکار محض نہیں قرار دیا جا سکا۔

ولکاوسکی نے سائنس دانوں سے پہلے یہ کہہ دیا تھا کہ زہرہ نظام شمسی کا وہ واحد سیارہ ہے، جس کی گردش دوسرے سیاروں کی گردش کے متضاد ہے اس نے یہ بھی بہت پہلے کہہ دیا تھا کہ سورج اور سیاروں میں مثبت اور منفی برقی بار موجود ہیں۔ آئن سٹائن نے کہا تھا کہ زہرہ کا درجہ حرارت منفی 25 درجہ فارن ہائیٹ ہو گا۔ ولکاوسکی نے اس کے برخلاف زہرہ کا درجہ حرارت 800 درجہ فارن ہیٹ بیان کیا

free copy
khalidrathore.com
03008442060

اور بعد میں اس کی تصدیق ہوگئی۔ اس نے یہ بھی بتا دیا تھا کہ مریخ کی سطح پر آتش فشاں موجود ہیں۔

نامور ماہر آثار قدیمہ چارلس برلز نے ولکاوسکی کی موت سے کچھ عرصہ پیشتر اس سے ان امور کی واقفیت کا ذریعہ معلوم کیا اور اس امر پر حیرت کا اظہار کیا کہ ولکاوسکی نے سائنس دانوں سے پہلے ہی بعض فلکیاتی حقائق کی بابت کس طرح سے درست خبر دی تو ولکاوسکی نے اس سے کہا ''تم جانو کہ برطانوی عجائب گھر میں ہزاروں بابلی مٹی کی ایسی الواح پڑی ہیں جن کو تا حال نہ تو شائع کیا گیا ہے اور نہ ہی ان کا ترجمہ ہوا ہے۔ جو بھی انہیں پڑھنے کی تکلیف کرتا ہے تو اسے ان الواح سے نظام شمسی کے بارے میں دلچسپ معلومات حاصل ہوتی ہیں''۔ (65)

عمانویل ولکاوسکی نے زہرہ کی پیدائش کے بارے میں عجیب نظریہ دیا اس کا کہنا تھا کہ سیارہ مشتری کا ایک ٹکڑا ٹوٹ کر مدار ستارہ بن گیا جو مریخ سے ٹکراتے ہوئے آگے کو نکل گیا اور آج زہرہ سیارے، کی شکل میں موجود ہے گویا زہرہ سیارہ سورج سے پیدا نہیں ہوا۔

ادھر سمیریوں کا بیان بھی غیر معمولی ہے وہ زمین کی سورج سے پیدائش کے نظریے کو نہیں مانتے بلکہ ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک سیارے ''تیامت'' کی باقیات ہے۔ اس کا قصہ وہ یوں بیان کرتے ہیں کہ دسواں سیارہ نبیرو کروڑوں برس پہلے اس نظام شمسی کا حصہ نہیں تھا، بلکہ ایک دمدار ستارے کی مانند بیضوی مدار میں گھوما کرتا تھا۔ اس دور میں مریخ اور مشتری کے درمیان ایک اور سیارہ پایا جاتا تھا۔ جسے سمیری تیامت بتاتے ہیں۔ یہ سیارہ اب موجود نہیں ہے۔

یہ وہ زمانہ تھا جب زمین نامی سیارے کا وجود بھی نہیں تھا۔ واقعہ یوں ہوا کہ نبیرو سیارہ اپنے مدار پر گھومتے گھومتے ایک بار نظام شمسی میں آ گھسا تو اس کی کشش کے زیر اثر زحل سیارے کے ذیلی چاند الگ ہو کر نبیرو کے ساتھ ہو لیے، اور آگے بڑھتے ہوئے سیارہ تیامت سے اس قدر زور سے جا ٹکرائے کہ اس کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ اوپری ٹکڑا مریخ سے اس طرف جا پڑا اور ایک نئے مدار میں گردش کرنے لگا اور یہی ٹکڑا موجودہ کرہ ارض ہے۔ لیکن تیامت کے دوسرے زیریں ٹکڑے کا کیا حشر ہوا؟

سمیریوں کا کہنا ہے کہ نبیرو سیارہ اپنی گردش کو جاری رکھے ہوئے جب بہت عرصے بعد دوبارہ نظام شمسی میں داخل ہوا تو ایک بار پھر اس جگہ سے گزرا جہاں پچھلے تصادم میں تیامت کے دو ٹکڑے ہوئے تھے۔ اس مرتبہ اس کی راہ میں تیامت کا باقی ماندہ زیریں حصہ آ گیا اور اس بار جو تصادم ہوا تو یہ بڑا ٹکڑا ٹوٹ کر چھوٹے چھوٹے لاتعداد ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا۔ (فی الحقیقت مریخ اور مشتری کے درمیان پتھریلی چٹانوں کے ٹکڑوں کا ایک مکمل ہالہ سا موجود ہے۔ جو ایک فلکیاتی معمہ کی سی حیثیت رکھتا ہے)۔

سمیریوں کی کہانی کے مطابق پہلے تصادم کے بعد نبیرو بذات خود، انو، ایا اور گاگا (یورینس، نیپچون اور پلوٹو سے ٹکراتا ہوا آگے نکل گیا۔ اسی تصادم کے نتیجے میں یہ تینوں سیارے اپنے محوروں پر ایک جانب جھک گئے۔

بغیر دوربین کے قدیم سمیروں نے ایسے عجیب و غریب انکشاف کیسے کر لئے؟ ساڑھے چھ ہزار سال پرانی سمیری تہذیب کا علم الافلاک ان کی عظمت، لیاقت اور ذہنی زرخیزی کی دلیل ہے۔

میسوپوٹامیہ کے اثریات کا مطالعہ کرنے والے آج بھی اس بات پر انگشت بدنداں ہیں کہ بابلیوں نے فلکیات کے بارے میں دوربینوں کے بغیر اس قدر تفصیلی علم کیونکر حاصل کر لیا تھا۔ ایک ماہر آثار قدیمہ ''رالن سن'' کا کہنا تھا کہ اس امر کے واضح اشارے موجود ہیں کہ اہل بابل مشتری کے چار چاندوں اور زحل کے ساتھ ذیلی چاندوں سے متعلق واقفیت رکھتے تھے۔

بابلی روایات میں سیارہ ''شہرہ کے سینگوں'' کا تذکرہ ملتا ہے ماہرین کے مطابق یہ زہرہ کی مختلف حالتوں کے بارے میں بیان ہے۔

ایک مثال برج عقرب کی ہے۔ ستاروں کے اس مجموعہ کو بغیر دوربین کے دیکھیں تو یہ بچھو سے بظاہر کوئی مشابہت نہیں رکھتا لیکن دوربین سے دیکھنے پر یہ حیرت انگیز بات معلوم ہوتی ہے کہ سیاروں کے بیچ ایک دم دار ستارہ موجود ہے۔ جو بچھو کی شکل میں دم کا کام دیتا ہے، اور یوں برج عقرب مکمل بچھو کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ قدیم ادوار میں بغیر دوربین کے انسانوں نے بچھو کی صورت کی شناخت کیسے کر لی؟ لطف کی بات تو یہ ہے کہ وسطی امریکہ کی قدیم مایا قوم کے ہاں بھی برج عقرب مقامی زبان میں بچھو سے ہی معنون کیا جاتا ہے۔

**فلکیات جو نجوم کی بنیاد ہے کے ارتقاء کی کہانی**

یونانی اصنامیات کے مطابق یورینس نے اپنے بچوں کو نگل کر بعد ازاں اگل دیا تھا۔ کیا اس تمثیل کے پیچھے کوئی عظیم فلکیاتی مشاہدہ ہے؟ جدید دوربینوں کی مدد سے معلوم ہوا ہے کہ سیارہ یورینس کے چاند گردش کے دوران سیارے کے پیچھے چھپ جاتے ہیں، گویا سیارہ انہیں نگل چکا ہے۔ پھر وہ سیارے کے پیچھے سے نمودار ہوتے ہیں، گویا سیارہ نے انہیں اگل دیا ہے۔ مگر یہ مشاہدہ صرف دوربین سے ممکن ہے۔ (66)

گلیلیو نے 1616ء کے قریب زہرہ سیارے کی مختلف شکلیں دریافت کیں۔ اس سال سر والٹر ریلے نے دنیا کی تاریخ لکھتے ہوئے کہا کہ یہ امر بہت حیران کن ہے کہ کئی قدیم اقوام کے ہاں زہرہ کی مختلف حالتوں کا تذکرہ موجود ہے۔

سیاح ہیروڈوٹس نے ایک یونانی ماہر فلکیات تھیلیز کا تذکرہ کیا ہے۔ جس نے 25 مئی 585 ق م میں سورج گرہن سے بہت پہلے اس کے وقوع کی بالکل درست پیش گوئی کر دی تھی۔ یاد رہے کہ سورج گرہن کی پیش گوئی کے لیے کم از کم تین مقامات جو 120 طول البلد پر ایک دوسرے سے کافی فاصلے پر واقع ہوں کا

free copy
khalidrathore.com
03008442060

تعین ضروری ہوتا ہے۔ یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ تھیلیز نے اتنے پرانے وقتوں میں مقامات کا تعین کیونکر کیا تھا اور پھر اتنی دوری پر واقع مقامات سے رابطے کا کیا ذریعہ مقرر کیا ہوگا۔(67)

قدیم مصنفین ہومر اور ورجل کی رزمیہ داستانوں میں مریخ کو جنگ کا دیوتا قرار دیا گیا ہے۔ اس کی سرخ آتشین رنگت سے یہ بڑا خونخوار اور خونریز سمجھا جاتا رہا ہے۔ ان داستانوں کے مطابق مریخ دیوتا نے جنگ کی رتھ کو دو جنگی اسپ بھگائے پھرتے ہیں ایک گھوڑے کا نام فوبوس (بمعنی خوف) اور دوسرے کا ڈیموس (بمعنی پریشان کن، شور انگیز) ہے اس روایت کے پیچھے بھی شاید کوئی فلکیاتی مشاہدہ کارفرما تھا۔ کیونکہ 1877ء میں جب اساف ہال نامی شخص نے مریخ کے دو ذیلی چاند دریافت کئے تو انہیں مریخ دیوتا کا رتھ کھینچنے والے گھوڑوں کے نام سے ہی معنون کیا۔ مریخ کے دو چاندوں کو گھوڑوں سے تشبیہ دی گئی تھی یا یہ ایک اتفاق تھا؟



مایا لوگ جو یوکاتان (امریکہ قدیم) کے علاقے کے ریڈ انڈین تھے، بلا کے فلکیات دان تھے۔ انہوں نے شمسی سال کی بالکل درست پیمائش کر لی تھی۔ قدیم دنیا کے باشندوں کو اب آ کر پتہ چلا ہے کہ شمسی سال کی عین پیمائش کیا ہے۔ مگر مایا نامعلوم تکنیک اور ذرائع سے بہت پہلے سے اس بارے میں جان چکے تھے۔ ان کے خیال میں شمسی سال 365ء2420 دنوں کا ہوتا تھا۔ جدید علم کے مطابق زمین 365ء2422 ایام میں سورج کے گرد چکر مکمل کرتی ہے (0ء0002 کا فرق کوئی معانی نہیں رکھتا) (68) مایا لوگ چاند اور سیاروں کی گردش کے وقت کو بھی جانتے تھے اور سورج یا چاند گرہن کی پیش گوئی بھی کر لیتے تھے۔ پانچ ہزار سال پہلے انہیں معلوم تھا کہ ہر 104 برس بعد چاند زہرہ اور سورج ایک ہی خط پر آ جاتے ہیں۔

یہ حقیقت کہ زمین گول ہے قدیم تہذیبیں اس سے آگاہ تھیں۔ قدیم ہندو صحیفے سریا سدھانتا نے کیسی عجب بات کہی ہے "اس کرہ ارض پر ہر کہیں لوگوں کا خیال ہے کہ ان کا علاقہ اوپر ہے۔ مگر یہ تو خلاء میں ایک کرہ ہے، پھر اوپر اور نیچے کا سوال چہ معانی"؟

قدیم مصر میں بچوں کو یہ بتایا جاتا تھا کہ زمین گول ہے اس امر کا ثبوت "سقارہ" سے ملنے والی ہیروغلافی تحریر سے ہوا ہے۔(69)

یونانی سائنسدان "ایراٹوشینز" نے مشرق میں سکندریہ میں دوپہر کے سورج کی شعاعوں کا زاویہ دیکھ کر زمین کے محیط کی اندازاً پیمائش کی جو اصل پیمائش سے محض چند سو میل کم تھی۔

1940ء کی دہائی کے اواخر میں فرانس کے دو ماہرین بشریات مغربی افریقہ کے ایک قبیلے ڈوگون کے حالات معلوم کرنے کے لیے گئے جو ابھی تک اپنی اصل شکل وصورت میں قائم چلا آ رہا تھا۔ ماہرین کو معلوم ہوا کہ ڈوگون والے آسمان کے سب سے زیادہ روشن ستارے شعری یمانی Sirius کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ ان لوگوں کی زبانی معلوم ہوا کہ شعری یمانی کے گرد اس کا ذیلی چاند سائرس بی گردش کرتا ہے۔ گو یہ ذیلی چاند 1862ء میں دوربین کے ذریعے دریافت ہوا تھا اور اس کی پہلی تصویر 1970ء میں اتاری گئی تھی۔ مگر مغربی افریقہ کے اس قبیلے کو یہ حیرت انگیز بات معلوم تھی کہ سائرس بی، سائرس اے (شعرائے یمانی) کے گرد پچاس برس میں چکر مکمل کرتا ہے اور اس کا مدار دائروی نہیں بلکہ بیضوی ہے۔ ڈوگون اس کی شکل ریت پر بنا کر دکھاتے ہیں اور ماہرین دانتوں تلے انگلی داب لیتے ہیں۔ ڈوگون والوں کو اس بات کا بھی پتہ ہے کہ زحل سیارے کے گرد دائرے موجود ہیں۔ وہ کہتے ہیں انہیں یہ علم خلا سے آنے والے لوگوں نے صدیوں پہلے دیا تھا۔(70)

فرانسیسی محقق اور ماہر بشریات جین پئیر ہیلات Jean Pierre Hallat نے 1957-58 کا دور وسطی افریقہ کے کوتاہ قامت EFE قبیلے کے ہمراہ اتوری جنگل میں گزارا۔ وہاں اسے معلوم ہوا کہ اف لوگ زحل سیارے کو "نو چاندوں والا ستارہ" کہتے ہیں۔ یہ بڑی حیرت انگیز بات تھی کہ انہیں اس حقیقت کا علم کیونکر ہوا، کیونکہ مہذب انسان کو اس بات کی خبر 1899ء میں ہوئی تھی۔ اگرچہ 1980ء میں خلائی جہاز وائجر نے زحل کا دسواں چاند دریافت کر لیا ہے۔ لیکن اف کے قبیلے نے غلط ہی کیوں نہ جانا ہو یہ بات حیران کن ہے کہ انہیں اتنے سارے چاندوں کا علم کیسے ہوا جب کہ ان میں سے ایک بھی ننگی آنکھ سے نہیں دیکھا جا سکتا۔(71)

1726ء میں لندن سے ایک کہانی شائع ہوئی نام تھا "گولیورز ٹریولز" یہ وہی مشہور قصہ ہے جس میں ایک شخص بونوں اور دیووں کی دنیا کی سیر کرتا ہے۔ اس کہانی کا خالق "جوناتھن سونفٹ" تھا۔ ایک جگہ وہ لکھتا ہے:-

باقی صفحہ نمبر 24 پر (بمعہ حوالہ جات)........

free copy
khalidrathore.com
03008442060

# برج ثور

سمعیہ راٹھور

| | |
|---|---|
| عرصہ | 21اپریل تا21 مئی |
| حروف | ب ٗ ھ |
| حاکم کوکب | زہرہ |
| عنصر | خاکی |
| ماہیت | ثابت |
| حصہ جسم | گردن |
| موافق نگینہ | زمرد-لاجورد |
| موافق دن | جمعہ |
| موافق نمبر | 6 |
| موافق رنگ | زرد ٗ نارنجی-ہلکا نیلا |
| موافق پھول | یاسمین |
| موافق شریک کار | عقرب |
| موافق افراد | حوت-سرطان |
| ناموافق افراد | اسد-دلو |
| بائیوکیمک نمک | نیٹرم سلف |

## ظاہری شخصیت:

ثور کی ظاہری شخصیت سمجھنا کچھ مشکل نہیں۔ علامتی نشان دیکھیئے ''بیل'' جس کی جسامت اور اس جسامت کا استعمال انسان سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ ثور کا جسم پھیلا ہوا ٗ توند نکلی ہوئی ہوتی ہے اس کے ساتھ ساتھ پرسکون عزم و حوصلہ سے معمور آنکھیں پروقار چال ٗ موٹی گردن اور کشادہ سینے کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کا جسم متناسب ہوتا ہے اور کسی حد تک پرکشش بھی ہوتے ہیں۔ گردن جھکا کر چلتے ہیں۔ ان کی زندگی ہوتی تو پرعزم ہے لیکن اولین مقصد حیات مسلسل خوراک کی فراہمی ہوتا ہے۔ ہر خوبصورت چیز کو پسند کرتے ہیں۔ خود بھی خوبصورت رہنا اور لگنا پسند کرتے ہیں۔ بعض ثور افراد بیل کی طرح اپنے ماحول میں رہنا اور خاموشی سے زندگی گزارنے کو پسند کرتے ہیں۔ منزل پر پہنچنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ انہیں ان کی راہ سے کوئی کتنا ہی چاہے نہیں ہٹا سکتا۔ ثور افراد اپنے دل کی ہر بات دوسروں پر عیاں کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ وہ زندگی کی آسائشوں کی طرف مائل رہتے ہیں اور اس طرح وہ ایک موقع حاصل کرتے ہیں کہ اپنی خواہشات کی تسکین کے لئے۔ وجدان کی صلاحیت کے مالک ثور افراد کے اندر محبت اور ہمدردی کا جذبہ بے حد ہوتا ہے۔ ثور خواتین پرکشش اور زیادہ عرصے تک حسین اور جوان نظر آنا پسند کرتی ہیں۔

## زندگی کے متعلق نقطہ نظر:

ثور افراد کا زندگی کے متعلق نقطہ نظر کچھ اس طرح کا ہوتا ہے کہ وہ پیٹ نکالے بازو پھیلائے ٹانگیں پسارے ٹی وی کے آگے بیٹھ جائیں اور ان کے آگے کھانے کی چیزوں کا پہاڑ کھڑا ہو جسے وہ کھاتے جائیں۔ اس بات کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ ہمیشہ اسی طرح رہتے ہیں بلکہ یہ عادت ان کی پسندیدہ ہوتی ہے۔ اس کے برعکس ثور محنتی بھی ہوتے ہیں۔ کام میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اچھی طرح پلان کرتے ہیں اور پھر اسے پایہ تکمیل تک پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ بیچ راستے میں اگر کوئی ثور کے لیے رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جائے تو وہ اس محرک کو نیست و نابود کر دیں گے۔ اپنے پسندیدہ افراد کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ مستقل مزاجی کے قائل ہوتے ہیں۔ مالی استحکام ان کی زندگی کا خاص مشن ہوتا ہے۔ ان کی شخصیت میں کسی حد تک سرد مہری بھی نظر آتی ہے جس کے تحت ہاتھ سے کام کرنے کی بجائے بیٹھ کر ہدایات دینا پسند کرتے ہیں۔ کسی حد تک مادیت پرستی کا شکار ہوتے ہیں۔ ذاتی کاروبار کی صورت میں کارکنوں سے مہارت سے کام لیتے ہیں اور تمام اختیارات اپنے ہی ہاتھ میں رکھنا پسند کرتے ہیں۔ محنت کرنے والوں کی قدر کرتے ہیں لیکن کسی بھی کارکن یا روزمرہ زندگی کے ساتھی سے سرزد ایک غلطی اس کے پورے ماضی پر پانی پھیر دیتی ہے۔ اس لیے ثور کی نظروں میں سمانے کے لیے روزانہ نیا ریکارڈ بنانا پڑتا ہے۔ کیونکہ ان کے خیال میں انسان کو روزانہ

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

اچھی اور بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

ثور افراد ہوتے تو پرعزم ہیں لیکن فیصلہ یا ارادہ کرنے میں بہت وقت لیتے ہیں۔ پچھتاتے کبھی نہیں کہ اوہ وقت ہاتھ سے نکل گیا۔ جب فیصلہ کر لیتے ہیں تو عظیم سے عظیم قربت بھی انہیں متزلزل نہیں کر پاتی۔ ان کی زندگی کے چند مشن ہوتے ہیں جنہیں وہ مکمل کرنے کی ازحد کوشش کرتے ہیں۔ سوچتے بھی ہیں لیکن عمل سے کم وقت اور حالات کے مطابق اپنے آپ کو یا اپنے طریقہ کار کو تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ بامقصد زندگی گزارنے کے قائل ہونے پر وہ ایسے لوگوں کو دوست بنانا پسند کرتے ہیں جو بذات خود باعمل ہوں کیونکہ وہ فضول قسم کی دوستی سے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتے۔

## آرام دہ زندگی کے خواہشمند

ثور مرد ایک عالیشان ویران بنگلے یا ایک مکان کے بجائے ایسے گھر کو ترجیح دیتا ہے جس میں سب پیار و محبت سے رہنے والے لوگ ہوں۔ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوں۔ ثور مرد کو غصہ نہیں آتا۔ اس وقت تک کہ جب تک وہ اسے کنٹرول کر سکیں۔ لیکن پھر وہ ایک آتش فشاں کی طرح پھٹتا ہے جس کا سارا لاوا باہر آنے تک پہاڑ پرسکون نہیں ہوتا۔

روزمرہ زندگی میں ثور اپنی دنیا میں مگن دوسروں کے معاملات سے لاتعلق ہوتے ہیں اور دوسروں سے بھی اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ وہ ان کے معاملات میں دخل نہ دیں۔

## جمالیاتی ذوق

ثور افراد کو موسیقی و مصوری سے بہت دلچسپی ہوتی ہے۔ کوئی بھی خوبصورت ''لے'' انہیں مسرور پر کیف کر دیتی ہے۔ وہ اپنے اردگرد پھیلے قدرت کے حسین نظاروں سے لطف اندوز ہوئے بنا نہیں رہتے۔

## فکر انگیز پہلو

ثور افراد کو اس لحاظ سے اپنے خیالات کو بدلنا ہوگا کہ ہر خوبصورت شے ان کی ہے۔ ہر چیز کو اپنے لئے مخصوص نہ کریں۔ کیونکہ کسی بھی چیز پر جتنا آپ کا حق ہے اتنا ہی آپ کے اردگرد رہنے والوں کا بھی ہے۔ جب آپ کسی بات پر اڑ جائیں تو لچک کا سوال ہی پیدا نہیں ہونے دیتے۔ ایسا مت کریں۔ کیونکہ ناراض بھینسا جب اپنی ضد اور لالچ میں سامنے والے سے خواہ مخواہ ٹکرا جاتا ہے تو کچھ نہ کچھ نقصان تو اس کا بھی ہوتا ہی ہے۔ اپنی تنگ نظری اور حسد پر قابو پائیں۔ ظاہری حسن پر فوراً مرمٹنا آپ کی کمزوری ہے اپنے آپ کو کنٹرول کریں اور محض صورت کی بجائے انسانیت کی تلاش کریں۔ مادیت پرستی میں آپ اتنا دور نہ نکل جائیں کہ واپسی کا راستہ ہی نہ ملے۔ اول تو آپ سکون سے رہنا چاہتے ہیں اور اگر کچھ کرنے کی ٹھان لیں تو چاہے وہ اچھا ہو یا برا کر کے چھوڑتے ہیں۔ یہ رویہ حوصلہ افزا نہیں ہے۔ اپنی غذا اور صحت کا خاص طور پر بہت خیال رکھیں۔ زیادہ اور بے تکان کھانا تکلیف پہنچا سکتا ہے۔ اپنی شخصیت کو ضائع کرنے کی بجائے سنواریے کیونکہ اس طرح آپ پرکشش نظر آئیں گے۔ باذوق نظر آیئے۔ ملنساری اور خوش مزاجی کو اپنا شعار بنائیے۔

## ثور خواتین

ثور خاتون ہمیشہ زندگی کو حسین سے حسین تر بنانے میں مصروف رہتی ہے۔ روز روز اپنی عادات کو بدلتی نہیں بلکہ مستقل مزاج رہتی ہے۔ کفایت شعار، سلیقہ منداور عمدہ کک ہوتی ہے۔ نہایت جذباتی ہوتی ہے۔ تجربے سے سیکھتی ہے۔ اپنے آپ کو احساس کمتری میں مبتلا رکھنے کی بجائے اپنی توانائی کا خوداعتادی سے بہتر استعمال کرتی ہے۔ موسیقی سے دلچسپی رکھتی ہے۔ گھر میں ہر وقت ہلکا ہلکا میوزک پسند کرتی ہے۔ ہر چیز کو اس کے خواص کے ساتھ بہت اچھی طرح جان لیتی ہے۔ لیکن یہ کبھی نہیں بتاتی کہ اس نے یہ سب کیسے اور کس سے معلوم کیا۔ جن سے محبت کرتی ہے ان پر جان نچھاور کرتی ہے۔ شوہر کی محبت کے معاملے میں بہت حاسد ہوتی ہے کیونکہ وہ اس پر کسی اور عورت کا سایہ نہیں دیکھنا چاہتی ہے اور بذات خود اپنے اندر پائی جانے والی اخلاقی کمزوریوں پر کنٹرول اشد ضروری ہے۔ خوش گو ہوتی ہیں۔ کسی کام کو ادھورا نہیں چھوڑنا چاہتی اور مالی استحکام کے لئے کوشاں رہتی ہے۔ اپنے احساسات و خیالات دوسروں پر ظاہر نہیں ہونے دیتی۔ ایک اچھی بیوی اور محبت کرنے والی ماں ہوتی ہے۔

## ثور مرد

دولت کے پجاری ثور مرد کی منصوبہ بندی بڑی زبردست ہوتی ہے۔ اس لیے وہ مستقبل میں خسارے سے بچ جاتا ہے۔ شخصی آزادی سلب ہونا اس کے لیے اذیت ہے۔ تنقید پسند نہیں کرتا خاص طور پر اس وقت بہت غصہ آتا ہے جب بھری محفل میں بیوی اسے کوٹ صحیح کرنے یا بال درست کرنے کا کہے تاہم اگر بیوی ایسی نہ ہو تو اس سے بے لوث محبت کرتا ہے۔ صاف ستھرا گھر پرسکون ماحول، چمکتے قرینے سے رکھے برتن ثور مرد کی کمزوری ہیں۔ یہ کچن میں کام کرنا بھی پسند کرتے ہیں۔ گھر میں خوبصورتی کے لئے عمدہ اور دلکش ڈیکوریشن پیس لاتے رہتے ہیں۔ پیسے کے پجاری ہونے کے باعث حد درجہ سستی مگر عمدہ چیز خریدتے ہیں۔ اگر ثور مرد کا خیال نہ رکھا جائے تو وہ ناراض ہو جاتا ہے۔ ایسے میں اس کے کردار پر رائی برابر تنقید اسے آگ

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions
03008442060

بگولہ کر دیتی ہے اور وہ اپنی سستی کا طعنہ بھی برداشت نہیں کر پاتے۔ تحفے لینے سے بہت خوش ہوتے ہیں خوبصورت موسیقی پسند کرتے ہیں اور انہیں گنگنانا بھی اچھا لگتا ہے۔ مہمان نواز ہوتے ہیں۔ مسائل سے گھبرانے کی بجائے مردانہ وار مقابلہ کر کے منزل مقصود کو پانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی رہائش چاہے کیسی ہی ہو ان کے دل میں ہمیشہ ذاتی مکان کا خیال ضرور رہتا ہے۔ جدت پسند اور رومان مزاج آدمی ہوتے ہیں۔ ہر قدم پھونک پھونک کر اٹھاتے ہیں۔ بعض اوقات چھوٹی چھوٹی سی بات انہیں ناراض کر دیتی ہے اور وہ سانڈ کی طرح بلا دیکھے بھالے حملہ آور ہو جاتے ہیں۔ صابر اور آزاد منش بھی ہوتے ہیں۔ مثالی شوہر اور بہترین والد ثابت ہوتے ہیں۔

## ثور بچے

ثور کے تحت آنے والا بچہ ابتدائی عمر سے ہی آپ کو ضدی اور ہٹ دھرم معلوم ہوگا۔ لیکن اس کی ان عادتوں کو سلب کرنے کی بجائے تعمیری کاموں کی طرح لائیں اس طرح بڑا ہونے پر وہ مستقل مزاجی اور پختہ ارادے کی بدولت کامیابی کی راہوں پر گامزن رہے گا۔ اس کی روح کو مت کچلیں ورنہ وہ آپ سے متنفر ہو جائے گا اور کھنچا کھنچا رہے گا۔ تعلیم میں دلچسپی لیتا ہے اور اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے کے حوصلہ پاتا ہے۔ براہ راست تنقید کی بجائے اگر والدین اور اساتذہ متبادل راستہ اختیار کریں تو بہتر ہے۔ کھانے پینے کی احتیاط بھی ضروری ہے۔ بھاری بھرکم جسم کے مالک ثور بچے کو ایسی کھیلوں میں مصروف رکھیں۔ جن سے اس کی ذہنی اور جسمانی ورزش بھی ہو۔ شکل وصورت سے خوبصورت نظر آتا ہے۔ طاقتور وتوانا ہوتا ہے۔ مناسب راہنمائی زندگی میں اسے کامیاب کر سکتی ہے۔

## برج ثور کے تعلقات دوسرے بروج کے ساتھ

### برج ثور برج حمل کے ساتھ :

### ثور مرد حمل عورت :

بہ حیثیت ثور مرد آپ کی سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے اور سست روی کی عادت اور حمل عورت کی تیز رفتار اور حاکمانہ ذہنیت کے باعث آپ دونوں میں تضاد پیدا ہوتا ہے۔ یعنی کچھوا اور خرگوش اب تو یہ تضاد سمجھنا بہت آسان ہے۔ آپ کی کوئی بھی پابندی اسے بغاوت پر مجبور کر دے گی اور منزل کی تلاش میں وہ اتنی دور نکل جائے گی جہاں آپ کا نام ونشان نہ ہوگا۔

### ثور عورت حمل مرد

ثور عورت اور حمل مرد کی شادی عجلت پسندی اور متحمل مزاجی کی گانٹھ ہے۔ طویل عرصہ رفاقت کے لئے آپ دونوں کو صبر وتحمل سے کام لینا ہے۔ بات بے بات آپ کو حمل مرد کی طرف سے سست الوجودی کا طعنہ ملے گا۔ اگر آپ اس کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں تو اسے خاموشی سے برداشت کریں اور اپنی کفایت شعاری پر شوہر کی شاہ خرچی کو نظر انداز کرتی رہا کریں۔

### برج ثور برج ثور کے ساتھ

### ثور مرد ثور عورت

اگر آپ نے کسی ثور عورت کو پسند کر لیا ہے تو پھر ضروری نہیں کہ مزاج کی یکسانیت خوشگوار نتائج مرتب کرے۔ سب کچھ الٹ بھی سکتا ہے۔ اس لیے پھونک پھونک کر قدم رکھیں۔ گھر سنوارنے میں آپ دونوں کی دلچسپی عروج پر ہے۔ اس لیے کم از کم ایک نقطہ پر متفق ہیں۔

### ثور عورت ثور مرد

بہ حیثیت ثور عورت آپ کو دیکھنا ہے کہ اگر آپ کا اور ثور شریک سفر کا مطمع نظر ایک ہی ہے تو بہتر۔ ورنہ مذاکرات سے بات بنانے کی کوشش کریں کیونکہ دونوں کی فطرت پرسکون ہے۔ اگر آپ خوش وپرسکون زندگی کی طرف پہلا قدم بڑھائیں گی تو ثور مرد آپ کے ساتھ ساتھ ہی آئے گا۔

### برج ثور برج جوزا کے ساتھ

### ثور مرد جوزا عورت

بہ حیثیت ثور خاوند جوزا شریک حیات کے بارے میں اس پر اکتفا کریں جتنا وہ آپ کو بتائے۔ زیادہ جاننے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ وہ آپ کو سبق سکھا دے گی۔ اس کے بدلتے موڈ کو بدلتے موسم سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ آپ کی محبت اس کے دل میں بھی آپ کے لئے محبت کی جوت جگاتی ہے۔

### ثور عورت جوزا مرد

جوزا مردوں کے پیروں میں چکر ہوتا ہے۔ ٹک کر کام کر ہی نہیں سکتے۔ ایسے میں آپ کی اولین ذمہ داری یہ ہے کہ انہیں سمجھاتے وقت طنز و طعنہ کی بجائے دانش مندی سے قدم اٹھائیں۔ ورنہ الٹا وہ آپ کو ہی سست الوجود اور مورد الزام ٹھہرائے گا۔

### برج ثور برج سرطان کے ساتھ

### ثور مرد سرطان عورت

سرطان عورت ہمیشہ سائے اور تحفظ کی تلاش میں رہتی ہے۔ ایسے میں آپ کی وجاہت، ہمدردی اور نیک دلی اسے ہر لحظہ پرسکون رکھتی ہے۔ اگر آپ ایسا کرنے میں کامیاب ہو جائیں اور زندگی کے آنے والے نشیب و فراز میں اس کے لئے ڈھال ہونے کا یقین دلا دیں تو آپ کی سرطان شریک زندگی ساری زندگی آپ کی پوجا کرے گی۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions
03008442060

## ثور عورت سرطان مرد

بہ حیثیت ثور بیوی آپ آئیڈیل خاوند کی خصوصیات بدرجہ اتم سرطان مرد میں پائیں گی۔ وہ کاروباری لحاظ سے بھی بہت کامیاب اور آپ کے تعاون کا طلب گار ہوتا ہے۔ آپ اپنے ہر معاملے میں اسے شریک کرسکتی ہیں۔ اسے گھر سے بھی دلچسپی ہوتی ہے اس لیے اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کو گھر کی خوبصورتی میں بروئے کار لا کر آپ آپس کی محبت بڑھا سکتی ہیں۔

## برج ثور برج اسد کے ساتھ

## ثور مرد اسد عورت

آپ دونوں کی اکٹھی زندگی گزارنے کی تصویر کچھ الجھی الجھی نظر آتی ہے۔ آپ اسد بیوی کو کتنا ہی سمجھیں وہ آپ کو اپنے اشاروں پر نچائے گی۔ لیکن اسے قابو میں کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے تحائف سے نوازتے رہیں۔ کاروباری معاہدے کے وقت اسد بیوی کو ساتھ رکھنا ہی آپ کی کامیابی کا ضامن ثابت ہوگا۔

## ثور عورت اسد مرد

ویسے تو اسد مرد ایک کھلی کتاب اور گرویدہ حسن ہے لیکن ثور بیوی کے ہاتھوں کا کھلونا۔ اس لیے کھلونے کو ٹوٹنے نہ دیں۔ شریک حیات آپ سے بہتری کی توقع رکھتا ہے۔ خود بھی آپ کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار رہتا ہے۔ لیکن جواب میں سرد مہری اس کے مزاج کو بگاڑ دیتی ہے۔ اس لیے احتیاط کریں اور خاص طور پر اسے اپنے رعب میں لانے کی کوشش نہ کریں۔

## برج ثور برج سنبلہ کے ساتھ

## ثور مرد سنبلہ عورت

سنبلہ عورت دوسری عورتوں کی طرح ہر مرد سے فوراً فری ہو جاتی ہے۔ بلکہ آپ سے یہ توقع کرتی ہے کہ آپ کوئی غیر سنجیدہ اور بچگانہ حرکت نہ کریں۔ آپ کی جانب سے دی جانے والی محبت اور دیانت داری سنبلہ عورت کو صرف اور صرف آپ کا کردے گی۔ کیونکہ اول تو وہ محبت نہیں کرتی اور جب کرتی ہے تو پھر اس پر قائم رہتی ہے۔

## ثور عورت سنبلہ مرد

متحمل مزاج اور پرسکون سنبلہ مرد آپ کے حسن کی بجائے ذہانت اور عملی میدان میں کارکردگی سے متاثر ہوتا ہے۔ گھریلو سگھڑ پن آپ کی کامیابی کا زینہ ہے۔ خوبصورت گھر سنبلہ خاوند کی خواہش ہوتی ہے۔ اسے اپنی وفاداری اور محبت کا یقین دلاتی رہا کریں۔

## برج ثور برج میزان کے ساتھ


# سحر بار نوخ

یہ بنیادی طور پر ہزاروں سال قبل گزرے ہوئے حکیم الحکماء فرید عصر حکیم برنوخ ساحر سوڈانی کی کتاب ہے جسے قلمی نسخے سے عربی کتاب کی شکل الطوخی فلکی نے دی اور راٹھور پبلشرز نے اس کتاب کو قارئین کے لیے اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کیا ہے۔

آج ہی طلب کریں۔ اس سے قبل ایسے عملیات آپ نے نہ دیکھے نہ پڑھے ہوں گے۔


## ثور مرد میزان عورت

میزان عورت لمحہ بہ لمحہ اپنا ذہن بدلتی ہے۔ کبھی تو میٹھے رس سے بھرا پھول اور کبھی زہر کی پٹاری۔ اختلاف رائے تو معمولی بات ہے۔ آپ سٹ پٹا بھی سکتے ہیں۔ آپ کی طرح پھولوں اور خوبصورت چیزوں سے آپ کی شریک حیات کو بھی دلچسپی ہے۔ اگر اسے یہ یقین ہو جائے کہ اب اسے آپ کے ساتھ ہی رہنا ہے تو پھر وہ وفا کی دیوی بن جاتی ہے۔

## ثور عورت میزان مرد

ثور بیوی ہوتے ہوئے آپ خاوند کے لئے میزان کا انتخاب کریں گی۔ میزان مرد حقیقت پسندی سے دور رہ کر آپ کی عملی زندگی میں آپ کا ساتھ نہیں دیتا۔ لیکن آپ کے حسین ذوق کی تعریف ضرور کرتا ہے۔ آپ اسے حقیقت پسند بنا سکتی ہیں۔ وہ دولت کمانے کی بجائے لٹانے میں زیادہ دلچسپی لیتا ہے۔ اس لیے معاشی امور اپنے ہاتھ میں رکھیں تو بہتر ہے۔

## برج ثور برج عقرب کے ساتھ

## ثور مرد عقرب عورت

جناب آپ کی عقرب خاتون تو پل میں تولہ اور پل میں ماشہ ہیں۔ مناسب حکمت عملی سے آپ اس پر قابو پا سکتے ہیں۔ راستہ کاٹنے کی صورت میں وہ میدان جنگ گرم کردے گی۔ لیکن آواز گھر سے باہر کسی کے کانوں میں نہ پڑنے دے گی اور ہمیشہ خوشحالی کا تاثر دے گی۔

## ثور عورت عقرب مرد

عقرب خاوند کو سمجھنا نہایت مشکل ہے۔ کیونکہ اس کا غصہ نہایت شدید ہوتا ہے اور ایسی حالت میں بچھو بن جاتا ہے اس لیے اپنی جان کی امان

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

راہ سے ہٹ جانے میں ہی پایئے۔ گھر کے ساتھ ان امور پر بھی توجہ دیں جو آپ کے خاوند کی نظر میں اہم ہیں۔ مثلاً کاروبار اور سیاست وغیرہ۔ عقرب مرد کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لینا ہی خوشگوار زندگی کی ضمانت ہے۔

## برج ثور برج قوس کے ساتھ

### ثور مرد قوس عورت

اچھی فطرت کی مالک قوس بیوی سے بے وفائی کی توقع نہ کریں۔ بلکہ اگر آپ اس پر تھوڑا بہت کنٹرول رکھنے کی کوشش کریں تو بہت ہے۔ کھری شخصیت کی مالک قوس بیوی آپ کو چند دوستوں سے محروم بھی کر سکتی ہے۔ لیکن اس کی نیک نیتی اور دیانتداری آپ کے لئے قابل فخر ہے۔ ثور خاوند ہوتے ہوئے پیسہ قوس بیوی کے ہاتھ میں دینے کی غلطی نہ کریں۔

### ثور عورت قوس مرد

کھلنڈری طبیعت قوس کو ایک جگہ بیٹھنے نہیں دیتی۔ کسی غلطی یا ناکامی کی نشاندہی پر وہ آپ کو اپنی نصیحت محفوظ رکھنے کا مشورہ دے گا۔ اور اپنی فہم و فہراست پر انحصار کرے گا۔ آپ بے دیانتداری کی توقع کرے گا۔ ثور بیوی کی محبت اسے غصہ میں کی گئی غلطی کا ازالہ کرنے پر مجبور کر دیتی ہے۔

## برج ثور برج عورت کے ساتھ

### ثور مرد جدی عورت

آپ کی سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے مثبت نتائج کے لئے کام کرنے اور فضول کاموں میں وقت ضائع نہ کرنے کی عادتیں جدی عورت میں بھی پائی جاتی ہیں۔ جو خوشگوار بات ہے۔ محبت پر یقین رکھتی ہے اور شفاف محبت کی قائل ہے۔ اخراجات کے بارے میں پریشان نہ ہوں۔ آپ کی بیوی بہت کفایت شعار ہے۔

### ثور عورت جدی مرد

ثور عورت جدی مرد کو بہت جلد سمجھ جاتی ہے۔ آپ اپنی سمجھ بوجھ اور دھیمے پن سے خاموشی اور سکون کے خول میں چھپے جذبات کے طوفان سے، جدی مرد کو آسانی سے باہر لا سکتی ہیں۔ سوچنے کی مشترکہ عادت آپس کی محبت بڑھاتی ہے۔ آپ اسے ہر کام کی باگ دوڑ تھما سکتی ہیں کیونکہ وہ جانتا ہے کہ خوشگوار ماحول کیسے استوار کرنا ہے۔

## برج ثور برج دلو کے ساتھ

### ثور مرد دلو عورت

دلو عورت ہمیشہ پچاس سال آگے کی سوچ رکھتی ہے۔ اس لئے آپ اس کے خیالات کو عجیب و غریب گردانتے ہیں۔ یقین کریں اس کی تجاویز پر


# خالد روحانی جنتری

خالد روحانی جنتری ہر سال شائع ہوتی ہے۔ اور یہ سال بھر کے لیے آپ کی تمام نجومی و عملیاتی ضرورتوں کو پورا کرے گی۔ مختلف موضوعات پر بہترین مضامین اس کو مقابلے کی تمام تقویموں اور جنتریوں سے ممتاز کر دیتے ہیں۔


عمل آپ کے حق میں ہے۔ آپ کی زوجہ آپ کے لئے کافی پیچیدہ معمہ ہے۔ اس معمے کو محبت سے حل کرنے کی کوشش کریں۔ انشاء اللہ آپ فتح سے ہمکنار ہوں گے اور پھر وہ بھی صرف اور صرف آپ کی خوشی مدنظر رکھے گی۔

### ثور عورت دلو مرد

بہت خوب آپ کا جیون ساتھی تو فراخدل اور کشادہ ذہن کا حامل ہے۔ اسے خوابوں کی دنیا سے نکال کر حقیقت سے ہمکنار کرنے میں آپ اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ بہ حیثیت ثور بیوی وہ آپ کی تجاویز پر تجربے کے طور پر خلوص دل سے عمل ضرور کرتا ہے۔ عمدہ شخصیت کا مالک دلو خاوند کبھی اپنے معیار سے نہیں گرتا۔ آپ کی کفایت شعاری سے متاثر ہوتا ہے۔ اور دونوں مل جل کر اچھی زندگی گزارنے کا سبب کرتے ہیں۔

## برج ثور برج حوت کے ساتھ

### ثور مرد حوت عورت

آپ کی حوت شریک حیات آئیڈیل بیوی ہے۔ گھر میں دلچسپی لیتی ہے لیکن بالادستی کے خواب سے بالا تر۔ حتی کہ آپ کی لاپرواہی اور غفلت سے ہونے والے نقصان پر بھی آپ کی حوصلہ افزائی کرتی اور نئے منصوبوں سے نوازتی ہے۔ آپ کی محبت اور نرم برتاؤ اسے جنت کی ہوا معلوم ہوتی ہے اور اپنے گھر کو بھی جنت کا ٹکڑا بنانے کی کوشش کرتی ہے۔

### ثور عورت حوت مرد

آپ کا حوت شوہر آپ سے بے لوث محبت کرتا ہے۔ آپ کی بیماری اسے پریشان کر دیتی ہے۔ ہر قسم کی سہولت آپ کے قدموں میں ڈال دینا چاہتا ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کی بجائے مستقبل میں کارآمد منصوبہ بندی کو ترجیح دیتا ہے۔ آپ کی طرف سے معمولی چیزوں کا تذکرہ اس کے دل میں آپ کی قدر کم کر دیتا ہے۔ مجموعی طور پر آپ پیار محبت سے ایک خوبصورت زندگی گزارتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

عبدالحی راٹھور
0346-4387682

# علم نجوم کی روشنی میں
# آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

## حمل



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 21 مارچ تا 20 اپریل |
| منسوبی کوکب | مریخ |
| منسوبی حروف | ا،ل،ع،ی،ض |

| | |
|---|---|
| خوش قسمت اعداد | 9'7'2'1 |
| خوش قسمت پتھر | مرجان، یاقوت |
| خوش قسمت دن | ہفتہ، اتوار، منگل |
| خوش قسمت رنگ | لال، نارنجی، ہلکا آسمانی |

ماہ مئی کی یکم تا 9 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات کوئی خاص بہتر نہ ہوں گے اور نہ ہی ان دنوں میں نوکری سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کی خواہشات کی تکمیل ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ نیز ان دنوں میں بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ بھی ان بن رہے گی۔ کاروبار کے حوالے سے یہ دن کوئی خاص نہیں ہیں۔ ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان مالی حوالے سے وابستہ خواہشات پوری نہ ہوں گی۔ نیز ان دنوں میں انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا بھی کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ رفاعی کاموں کی طرف بھی توجہ کم رہے گی۔ سیر و تفریح کے امکانات زیادہ نہیں۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی تعلیم کی طرف توجہ ان دنوں میں کم رہے گی۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں کاروبار کے حوالے سے تھوڑی بہت بہتری کی امکانات ہیں۔ نیز حکومتی اداروں سے وابستہ کام بھی ہونے کے امکانات ہیں لیکن سفارش یا لے دے کر۔ نیز ان دنوں میں لوگوں سے وابستہ اُمیدیں پوری نہ ہو سکیں گی۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ کے رشتے دار اور چھوٹے بہن بھائی اخراجات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ ان دنوں میں دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس کے علاوہ لڑائی جھگڑے والے کاموں سے دور رہیں۔ چھوٹے طبقے کے لوگوں سے وابستہ کام ان دنوں میں رُکے رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ کی خواہشات کی

## آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہو گا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہو گا۔

### رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

عددی جدول

| | |
|---|---|
| ا' ی' ق' غ | ۱ |
| ب' پ' ک' گ' ر' ڑ | ۲ |
| ج' چ' ل' ش | ۳ |
| د' ڈ' م' ت' ٹ | ۴ |
| ہ' ن' ث | ۵ |
| و' س' خ | ۶ |
| ز' ژ' ع' ذ | ۷ |
| ح' ف' ض | ۸ |
| ط' ص' ظ | ۹ |

مثال

| اکبر | ا | ک | ب | ر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ۱ | ۲ | ۲ | ۲ | =۷ |

free copy
khalidrathore.com
03008442060

تکمیل کے امکانات کم ہیں۔ نیز نوکری کے حوالے سے بھی پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ اس کے علاوہ آپ کی یہ خواہش کے نوکری کرنا آپ کے مالی حالات میں بہتری کا سبب بنے گا۔ ان دنوں میں آپ کی یہ بات غلط ثابت ہوگی۔ نیز ان دنوں میں انعامی سکیمیں ،لاٹری وغیرہ نہ کھیلیں۔ آپ کے اخراجات اپنی اولاد پر بھی ہوں گے۔ سیر وتفریح کے امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں اندرون یا بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔

ماہ رواں کے آخری دس دنوں میں آپ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے زیادہ محنت کریں گے تو آپ کو کامیابی مل سکتی ہے۔ نیز اگر آپ ان دنوں میں کوشش کو جاری رکھیں تو قرضہ ملنے کے امکانات بھی ہیں۔ ان دنوں میں صحت بھی بہتر ہوتی نظر آرہی ہے۔ آپ مذہبی کاموں کی طرف بھی توجہ دیں گے اور اخراجات بھی قابو میں آتے نظر آرہے ہیں۔ نیز ان دنوں میں اشیاء کی خرید وفروخت کرنا فائدہ مند رہے گا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو اس کو مل بیٹھ کر حل کرنے کی کوشش کریں۔

## خواتین

ماہ مئی کی یکم تا 9 تاریخ کے درمیان آپ کی اپنے قریب ترین لوگوں کے ساتھ تعلقات جوں کے توں رہیں گے، ان میں کوئی تبدیلی نہ آئے گی۔ بہر حال اپنی ساس کے ساتھ تعلقات اس ماہ مستحکم رہیں گے۔

10 تا 19 تاریخ کے درمیان مالی حالات میں خرابی آئے گی اور اولاد سے وابستہ خواہشات پوری نہ ہوں گی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 6-7-25-26 |
| نحس تاریخیں | 14-15-21-22 |
| لکی نمبر | 9-5 |



# ثور

| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 21 اپریل تا 20 مئی |
| منسوبی کوکب | زہرہ |
| منسوبی حروف | ب، و |
| خوش قسمت اعداد | 9'6'3 |
| خوش قسمت پتھر | ہیرا، نیلم |
| خوش قسمت دن | جمعرات، جمعہ، ہفتہ |
| خوش قسمت رنگ | سفید، لائٹ بلیو |

ماہ مئی کی 2 تا 8 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند رہے گا۔ نیز ان دنوں میں آپ کے گھریلو حالات بھی بہتر رہیں گے۔ آپ ان دنوں میں رفاعی کاموں کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ نیز ان دنوں میں آپ کی توجہ کاروبار کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ رہے گی۔ اس کے علاوہ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہیں تو ان کو ان دنوں میں حل کروانے کی پوری کوشش کریں۔ نیز ان دنوں میں اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام بھی ہوتے نظر آرہے ہیں۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کو کاروباری حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز ان دنوں میں خاندان کے لوگ بھی پریشانی کا باعث بنیں گے۔ انعامی سکیمیں کھیلنا ان دنوں میں آپ کے لیے کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں قرضہ وغیرہ لینے کی کوشش نہ کریں، کیونکہ آپ جس کام کے لیے قرض لیں گے اس کے حل میں بھی آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بڑے بہن بھائیوں سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری نہ ہوں گی۔ ان کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت خرابی آئے گی۔ اشیاء کی خرید وفروخت کرنا ان دنوں میں کوئی خاصا فائدہ مند نہ رہے گا۔ اولاد سے وابستہ کام بھی حل ہونے میں آپ کو انتظار کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان دنوں میں لوگوں سے وابستہ کام بھی حل ہونے کے امکانات کم ہیں۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات خراب رہیں گے۔ نیز کاروباری لوگوں کو ان دنوں کاروبار میں مشکلات کا سامنا رہے گا۔ ان دنوں میں ذہنی پریشانی کا شکار بھی رہیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کی صحت بھی متاثر ہونے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ اپنے مخالفوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ کاروبار میں بیرونی مشکلات دور ہوتی نظر آرہی ہیں۔ ان دنوں میں چند اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ قرضہ لینے کی کوشش ان دنوں میں کریں، ملنے کے امکانات ہیں اور جس کام کے لیے لیں گے اس میں کامیابی کے امکانات بھی ہیں۔

## خواتین

ماہ کی 2 تا 8 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنی ساس اور بچوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے وابستہ چند ایک اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان اولاد، بہو اور داماد کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ لیکن ماہ کی 20 تا 31 تاریخ کے درمیان بہو اور داماد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ نیز ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-2-3-24-27-28 |
| نحس تاریخیں | 9-10-16-17 |
| لکی نمبر | 8-4 |



# جوزا

| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 21 مئی تا 20 جون |
| منسوبی کوکب | عطارد |
| منسوبی حروف | ک، ق |
| خوش قسمت اعداد | 9'5'1 |
| خوش قسمت پتھر | زمرد، پکھراج |

free copy
khalidrathore.com
03008442060

| | |
|---|---|
| خوش قسمت دن | منگل، بدھ، جمعرات |
| خوش قسمت رنگ | سبز، پیلا، بسنتی |

ماہ رواں کے پہلے سات دنوں میں آپ کے خاندان کے لوگ آپ کی پریشانیوں کو دور کرنے میں آپ کی مدد کرتے نظر آ رہے ہیں۔ نیز ان دنوں میں اشیاء کی خرید و فروخت کرنا کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ اندرون ملک سفر کے زیادہ امکانات نہیں ہیں۔ مذہب کی طرف توجہ ان دنوں میں زیادہ دیں گے۔ نیز ان دنوں میں چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

ماہ کی 8 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کو کاروبار کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز اس کے سلسلے میں سفر بھی کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ حکومتی اداروں اور ملازموں سے وابستہ کاموں کے حل میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان دنوں میں بہن بھائیوں سے تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے اور اس کے علاوہ ان دنوں میں مذہب اور مذہبی کاموں کی طرف بھی دھیان کم رہے گا۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا اور اس کے علاوہ نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ شراکتی کاروبار کے حوالے سے بھی ان دنوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے خاندان کے لوگوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں طالب علم تعلیم کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ ان دنوں میں کاروبار کی طرف آپ کا رجحان کم رہے گا۔ نیز ان دنوں میں وراثت وغیرہ کے مسئلے کے حل کے امکانات نہیں ہیں۔ قرضہ لینے کی کوشش کرتے ہیں تو اس میں بھی کوئی خاطر خواہ کامیابی کے امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں ایک منصوبہ بندی کے تحت آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ان لوگوں کو اس میں کامیابی بھی ملتی نظر آ رہی ہے۔ ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

ماہ کی 20 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے کاروبار میں بہتری کی لہر ایک بار پھر سے دوڑنا شروع ہوگی۔ اور وہ لوگ جو شراکتی کاروبار کرتے ہیں وہ دوبارہ سے اپنی منزل کی طرف گامزن ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ملازمت کے حوالے سے بھی ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں پوری ہوں گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں میں چند ایک اُمیدیں بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ مذہب کی طرف بھی توجہ بڑھے گی۔ سفر کے امکانات بھی بن رہے ہیں۔

## خواتین

ماہ رواں کے پہلے آٹھ دنوں میں آپ کو کم پریشانیاں رہیں گی۔ ماہ کی 8 تا 19 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت ان بن رہے گی۔ ساس کے ساتھ ماہ کی 15 تا 20 تاریخیں خراب گزریں گی۔

ماہ رواں کی 20 تا 31 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور ان دنوں میں بہو کے ساتھ بہتر تعلقات رہیں گے۔ نیز ان دنوں میں بہن بھائیوں سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 2-3-6-7-29-30 |
| نحس تاریخیں | 4-5-11-12-31 |
| لکی نمبر | 1-9 |



## سرطان

| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 21 جون تا 22 جولائی |
| منسوبی کوکب | قمر |
| منسوبی حروف | ح، ہ |
| خوش قسمت اعداد | 8'6'2 |
| خوش قسمت پتھر | سفید موتی، ہیرا، مرجان |
| خوش قسمت دن | پیر، منگل، جمعہ |

| | |
|---|---|
| خوش قسمت رنگ | سفید، بسنتی، پیلا |

ماہ رواں کے پہلے آٹھ دن آپ کے اپنے بہن بھائیوں سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز آپ کی ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ یہ آپ کے مالی حالات میں بہتری کا سبب بھی بنیں گے۔ نیز ان دنوں میں شراکتی کاروبار سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ نیز شریک کار یا حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان تاریخوں میں ضرور کوشش کریں، کیونکہ ملنے کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں خاندان کے لوگوں کے ساتھ تعلقات بھی بہتر رہیں گے، اور اندرون ملک سفر کے امکانات بھی ہیں۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کی صحت خراب رہے گی۔ نیز اگر آپ ملازمت کرتے ہیں تو مالی حوالے سے اس میں بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں اشیاء کی خرید و فروخت کرنا جیسے زمین و جائداد، گاڑی وغیرہ کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ ان دنوں میں آپ کو نوکری یا قرضہ ملنے کے امکانات کم ہیں۔ اگر قرضہ مل بھی گیا تو آپ کی اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات کم ہیں۔ نیز ان دنوں میں آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔

ماہ رواں کی 20 تا 30 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا کوئی خاص فائدہ مند نہ رہے گا۔ اور طالب علموں کا دھیان بھی اس دوران تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ ان دنوں میں مذہبی کاموں کی طرف رجحان بھی کم رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے سیر و تفریح کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کا دھیان اولاد کی طرف زیادہ رہے گا۔ ان دنوں میں کاروبار میں بھی تھوڑی بہت بہتری کے امکانات بن رہے ہیں۔ ان دنوں میں حکومتی اداروں اور اعلیٰ افسران سے وابستہ کام ہونے

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
03008442060

کے امکانات کم ہیں۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کے امکانات بھی کم ہیں۔

## خواتین

ماہ رواں کے پہلے آٹھ دن آپ کے اپنے بہن بھائیوں، بہو اور داماد اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان صحت ناخوشگوار رہے گی۔ بہو اور داماد کے ساتھ بھی ناراضگی پیدا ہوگی۔

15 تا 20 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔

ماہ کی 20 تا 30 تاریخ کے درمیان آپ کا دھیان اولاد کی طرف رہے گا۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-23-24-27-28 |
| نحس تاریخیں | 14-15-20-21-28 |
| لکی نمبر | 4-9 |

## اسد



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 23 جولائی تا 23 اگست |
| منسوبی کوکب | شمس |
| منسوبی حرف | م |
| خوش قسمت اعداد | 9'6'5'1 |
| خوش قسمت پتھر | یاقوت' مرجان |
| خوش قسمت دن | اتوار' منگل' بدھ |
| خوش قسمت رنگ | سنہرا' سبز' سرخ |

ماہ رواں کی کیم تا 8 تاریخ کے درمیان آپ کے کاروبار میں بہتری کے امکانات ہیں اور اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی اور مالی حوالے سے درپیش مشکلات بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

اگر آپ شراکتی کاروبار کرتے ہیں یا پھر ملازمت پیشہ افراد میں سے ہیں تو پھر بھی آپ کا یہ پیشہ آپ کے لیے بہتر رہے گا اور ان میں درپیش مسائل بھی حل ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ کا لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو بھی بہتر رہے گا۔ ان دنوں میں حکومتی اداروں یا اعلیٰ افسران اور چھوٹے طبقے کے لوگوں سے وابستہ چند ایک کام ہونے کے امکانات بھی بن رہے ہیں۔

ماہ مئی کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کے حکومتی اداروں اور اعلیٰ افسران سے وابستہ کام حل نہ ہوسکیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کو شراکتی کاروبار میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ آپ اپنے ذاتی کاروبار میں شریک کار کا عمل دخل ہونے دیں، کیونکہ اس کی وجہ سے بھی آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان مشکلات کی وجہ سے چاہے وہ شراکتی کاروبار میں ہوں یا ذاتی کاروبار میں آپ کو مالی حوالے سے بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کو قرضہ ملنے کے امکانات بھی کم ہیں۔ اگر ان دنوں میں آپ زمین وجائیداد کی خرید وفروخت کرتے ہیں تو اس میں بھی کوئی خاص فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں کھیلنا ان دنوں میں زیادہ فائدہ مند نہ رہے گا۔ ان دنوں میں آپ سیر و تفریح اور اولاد کی طرف زیادہ توجہ دینے کے بارے میں سوچیں گے، لیکن دے نہ پائیں گے۔

ماہ مئی کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں سے تعلقات خراب رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں اشیاء کی لین دین کرنا بھی نقصان دہ رہے گا۔ آپ کی ان دنوں میں اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات بہت کم ہیں۔

ماہ رواں کی 20 تا 31 تاریخوں کے دوران آپ کے لیے اپنے شریک کار یا حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آنا شروع ہوگی۔ اس کے علاوہ شراکتی کاروبار میں بھی بہتری آئے گی، ساتھ ہی ساتھ اس سلسلے میں آپ کے تجارت کے امکانات بھی بن رہے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کا رجحان مذہبی اور رفاہی کاموں میں رہے گا۔ خاندان کے لوگوں اور عمر میں بڑے لوگ آپ کی مدد کریں گے۔ اولاد کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں کھیلنا بہتر رہے گا۔ اس کے علاوہ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان تاریخوں میں کوشش کریں۔ نیز ان دنوں میں آپ کی صحت بھی بہتر رہے گی۔

## خواتین

ماہ کی کیم تا 8 تاریخ کے درمیان آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ اگر کوئی لڑائی وغیرہ تھی بھی تو صلح ہونے کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں مالی حالات بھی بہتر رہیں گے۔ لیکن ماہ رواں کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان شریک حیات سے ناراضگی رہے گی۔ اولاد کے ساتھ بھی تعلقات ناخوشگوار رہیں گے۔ ساتھ ہی ان دنوں میں مالی پریشانی بھی آئے گی۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخیں بہو یا داماد کے ساتھ خراب گزریں گی۔ ماہ کی 20 تا 31 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آنا شروع ہوگی، اور اولاد کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 2-3-25-26-29-30 |
| نحس تاریخیں | 8-9-13-14-15 |
| لکی نمبر | 9-8 |

## سنبلہ



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 24 اگست تا 22 ستمبر |
| منسوبی کوکب | عطارد |
| منسوبی حروف | پ' غ |
| خوش قسمت اعداد | 6'5'3 |
| خوش قسمت پتھر | پنا' پکھراج' ہیرا |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

| خوش قسمت دن | بدھ، جمعرات، جمعہ |
|---|---|
| خوش قسمت رنگ | سبز، پیلا، سفید |

ماہ مئی کے پہلے آٹھ دن آپ کے لیے شراکتی کاروبار اور نوکری کے حوالے سے بہتر ثابت ہوں گے۔ نیز ان دنوں میں وہ لوگ جو آپ کے خلاف منصوبہ بندی کر رہے ہیں آپ ان پر حاوی رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں قانونی معاملات حل ہونے کے امکانات بھی بن رہے ہیں۔ ان دنوں میں آپ کی صحت بھی بہتر رہے گی، گردوپیش میں موجود مشکلات بھی دور ہونے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کے کاموں میں خرابی آنا شروع ہو گی۔ ان دنوں میں آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کا مذہب کی طرف رجحان زیادہ نہ ہو گا۔ نیز عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام بھی ان دنوں میں نہ ہوں گے۔ نوکری کے سلسلے میں اندرون یا بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ شریک کار یا حیات کے ساتھ یہ دن ناخوشگوار گزریں گے۔ ان دنوں میں آپ کے مخالف لوگ اپنے منصوبوں میں کامیاب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کا رجحان تعلیم کی طرف زیادہ نہ ہو گا۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کو کاروبار کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ آپ بھی کاروبار کی طرف توجہ یا اس میں بہتری کی طرف توجہ کم ہو گی۔ ان دنوں میں صحت کا خیال رکھیں، خرابی کے بہت زیادہ امکانات ہیں۔ شراکتی کاروبار میں بھی آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ان دنوں میں ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ ان دنوں میں لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، کیونکہ آپ کو اپنے دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ بھی ہے۔ گویا کہ یہ 6 دن بہت زیادہ احتیاط طلب ہیں۔ نقصان سے بچنے کے لیے حسب توفیق صدقہ خیرات کرتے رہیں۔

ماہ مئی کی 20 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ مذہبی کاموں کے طرف دھیان دیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں قرضہ ملنے کے بھی امکانات بن رہے ہیں۔ زیادہ کوشش وہاں کریں جہاں پر آپ ملازمت کر رہے ہیں۔ کیونکہ قرضہ ملنے کے امکانات وہاں سے نسبتاً زیادہ ہیں۔ ان دنوں میں عمر سے بڑے لوگوں سے وابستہ کام بھی ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کا شریک کار بھی ان دنوں میں آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ ملازمت کے حوالے سے بھی پریشانیاں دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ صحت میں بھی بہتری کے امکانات ہیں۔ اندرون ملک سفر کے امکانات بھی بن رہے ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ مالی حوالے سے بھی آپ کو اپنے گھر والوں کی مدد حاصل ہو گی۔ ان دنوں میں طالب علموں کا دھیان تعلیم کی طرف پہلے کی نسبت زیادہ ہو گا۔ ان بہتر دنوں کے آمد پر اللہ کا شکر اُس کی تسبیح کرتے ہوئے کریں گا۔

## خواتین

ماہ مئی کے پہلے 8 دن آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں صحت بھی بہتر رہے گی۔ 10 تا 19 تاریخ کے درمیان ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ نیز ان دنوں میں شریک حیات کے ساتھ بھی ناراضگی رہے گی۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔

20 تا 31 تاریخ کے درمیان حالات پھر سے بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ساس اور شریک حیات کے ساتھ مل جل کر رہیں گی۔ صحت میں بھی بہتری آئے گی۔

| سعد تاریخیں | 1-25-26-27-28 |
|---|---|
| نحس تاریخیں | 11-12-18-19 |
| لکی نمبر | 7-6 |




| عرصہ حکومت | 23 ستمبر تا 23 اکتوبر |
|---|---|

| منسوبی کوکب | زہرہ |
|---|---|
| منسوبی حروف | ت، ر، ط |
| خوش قسمت اعداد | 9'6'4'1 |
| خوش قسمت پتھر | ہیرا، سفید موتی |
| خوش قسمت دن | جمعہ، اتوار، منگل |
| خوش قسمت رنگ | پیلا، نارنجی، گندمی |

گذشتہ ماہ کے پہلے آٹھ دن اشیاء کی خرید و فروخت کرنا فائدہ مند رہے گا۔ نیز ان دنوں میں بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اولاد کے ساتھ وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں آپ اپنے اخراجات کو بھی کچھ حد تک قابو کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ آپ کی صحت بھی بہتر رہے گی۔ اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان تاریخوں میں ضرور کوشش کریں۔ ان دنوں میں دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں اگر کسی کے ساتھ لڑائی وغیرہ ہوتی ہے تو اس میں بھی کامیابی کے امکانات ہیں۔ نوکری کے حوالے سے بھی ان دنوں میں چند ایک اُمیدیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں اور سیر و تفریح پر جانے کے لیے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

ماہ رواں کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا کوئی خاصا فائدہ مند نہ رہے گا۔ پھر یہ کہ انعام آپ کی اُمید کے مطابق نہ نکل سکے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں قرضہ ملنے کے امکانات کم ہیں۔ اور اگر مل بھی جاتا ہے تو وہ آپ کی ضرورت کے مطابق نہ ہو گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں اولاد سے وابستہ کام بھی رُکے رہیں گے اور ان دنوں میں سیر و تفریح کے امکانات کم ہیں۔

نیز ان دنوں میں آپ کی صحت بھی خراب رہے گی اور نوکری کے حوالے سے مشکلات درپیش آتی نظر آ رہی ہیں۔ ان دنوں میں قریبی رشتے داروں اور بہن بھائیوں سے تعلقات میں خرابی آئے گی۔ ان تاریخوں میں حادثے وغیرہ کا اندیشہ بھی ہے اور اندرون ملک سفر کی خواہش بھی پوری نہ ہو سکے گی۔

ماہ رواں کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions
03008442060

آپ کے بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کا شریک کار یا حیات آپ کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ ان دنوں میں آپ کی اولاد آپ کے حکم کی تعمیل کم کرے گی۔ اور ان پر آپ کے اخراجات بھی زیادہ ہوں گے۔ ان تاریخوں میں اندرون ملک سفر یا سیرو تفریح کے امکانات بھی کم ہیں۔ ان دنوں میں آپ کا رجحان مذہب کی طرف کم رہے گا۔ طالب علموں کا دھیان ان دنوں میں تعلیم کی طرف زیادہ نہ ہوگا۔ آپ کو اپنے دشمنوں سے نقصان کا اندیشہ ہے اور اس کے علاوہ ان تاریخوں میں لڑائی جھگڑے کے کاموں سے دور رہیں، کیونکہ آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

ماہ کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے شراکتی کاروبار کرنا فائدہ مند رہے گا۔ نیز اس میں آپ کی اولاد بھی آپ کے ساتھ ہوگی۔ اندرون ملک سفر یا سیر و تفریح کے امکانات ہیں۔ ان تاریخوں میں مالی حالات میں بھی بہتری آئے گی۔ نیز بہن بھائیوں کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔

## خواتین

گزشتہ ماہ کے پہلے آٹھ دن اولاد کے ساتھ بہتر تعلقات رہیں گے۔ اور ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہوں گی۔ بہو، داماد کے ساتھ بھی ان دنوں میں تعلقات بہتر رہیں گے۔ صحت بھی ان دنوں میں بہتر رہے گی۔ سیر و تفریح کے امکانات بھی بن رہے ہیں۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان اولاد اور بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے، اور ان سے وابستہ کام کے حل میں بھی مشکلات آئیں گی۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان شریکِ کار اور اولاد اخراجات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ ماہ کی 21 تا 31 تاریخوں میں شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 2-3-26-28-29-30 |
| نحس تاریخیں | 14-15-18-19 |
| لکی نمبر | 4-3 |

# عقرب



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 24 اکتوبر تا 22 نومبر |
| منسوبی کواکب | مریخ، پلوٹو |
| منسوبی حروف | ذ، ز، ض، ظ، ن |
| خوش قسمت اعداد | 8'3'2'1 |
| خوش قسمت پتھر | مرجان، روبی |
| خوش قسمت دن | اتوار، پیر، منگل، جمعرات |
| خوش قسمت رنگ | لال، سفید، کریم کلر |

ماہ رواں کی یکم تا آٹھ تاریخ کے درمیان آپ کی شراکتی کاروبار کے حوالے سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں شریک کار یا حیات سے وابستہ خواہشات بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ کاروبار کے حوالے سے بھی یہ دن آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ان دنوں میں آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں اور اعلیٰ افسران سے وابستہ کام ہونے کے امکانات ان تاریخوں میں ہیں۔ اندرون ملک سفر میں حائل رکاوٹیں بھی دور ہوتی نظر آرہی ہیں۔ قانونی معاملات کو ان تاریخوں میں حل کرنے کی کوشش کریں۔ آپ کے بہن بھائی بھی معاملات کے حل میں آپ کی مدد کریں گے۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کی شریک حیات اور آپ کی والدہ کے آپس میں تعلقات خراب رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے مالی حالات میں بھی خرابی آئے گی اور اگر شراکتی کاروبار کرتے ہیں یا ذاتی کاروبار، مشکلات کا سامنا بہر حال کرنا پڑے گا۔ نیز ان دنوں میں حکومتی اداروں یا اعلیٰ افسران اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام نہ ہوسکیں گے۔ آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند نہ رہے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ سیر و تفریح کے پروگرام مت بنائیں، جانہ پائیں گے۔ ان دنوں میں آپ پیسے کے حصول کے لیے مختلف ذرائع استعمال کریں گے۔ علاوہ ازیں خاندان کے لوگوں کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی چلتی رہے گی۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کو قرضہ ملنے کا امکان نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں ڈرائیونگ دھیان سے کریں، آپ کا ذہن منتشر ہے، لہٰذا احتیاط کریں۔ اولاد اور شریک حیات سے وابستہ توقعات پوری ہونے کے امکانات کم ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بھی ناراضگی رہے گی۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات ناخوشگوار رہیں گے۔ ان دنوں میں اشیاء کی خرید و فروخت کرنا نقصان دہ رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کا لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو بھی خراب رہے گا۔

ماہ کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا بہتر رہے گا۔ نیز ان دنوں میں آپ کے اپنی والدہ کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے اور اس میں زیادہ کوشش بھی آپ کی شامل ہوگی۔ نوکری کے حوالے سے بھی یہ دن بہتر رہیں گے اور سیر و تفریح کے امکانات بھی ہیں۔ مالی حوالے سے بھی سہولت ان دنوں میں رہے گی اور اولاد کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔

## خواتین

ماہ مئی کی 1 تا 8 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور ان سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری ہوں گی۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ بہو، داماد بھی آپ کی فرماں برداری کریں گے۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان شریک حیات کے ساتھ اور ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اولاد کی طرف بھی دھیان کم رہے گا۔ 1 تا 31 تاریخ کے درمیان ساس اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-25-26-28 |
| نحس تاریخیں | 8-9-10-16-17 |

free copy
khalidrathore.com
Lumatech Document Processing Solutions
03008442060

| | |
|---|---|
| لکی نمبر | 4-5 |

# قوس



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 23 نومبر تا 21 دسمبر |
| منسوبی کوکب | مشتری |
| منسوبی حرف | ف |
| خوش قسمت اعداد | 5'3'1 |
| خوش قسمت پتھر | پکھراج' پنا' روبی |
| خوش قسمت دن | بدھ' جمعرات' اتوار |
| خوش قسمت رنگ | پیلا' ہلکا زرد |

ماہ مئی کی یکم تا 8 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے کاروبار کرنا فائدہ مند رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں نوکری اور کاروبار کے حوالے سے پریشانیاں بھی دور ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں کتنی بھی قسم کے کام ہوں اور کسی سے بھی ہونے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کے اندروں ملک اور بیرون ملک دونوں کے سفر کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں صحت بہتر رہے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان تاریخوں میں آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ آپ کا لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو پرکشش ہوگا۔

ماہ رواں کی 9 تا 19 تاریخوں میں آپ کو اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کی وجہ سے نوکری میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ جہاں آپ ملازمت کرتے ہیں وہاں سے کوئی کار، موٹر سائیکل وغیرہ ملنے کے امکانات بن رہے تھے تو وہ بھی ان دنوں میں نہیں ملے گی۔ ان دنوں میں شریک کار اور والدہ کے ساتھ تعلقات تھوڑے بہت خراب رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کی اپنی ساس کے ساتھ بھی بن نہ پائے گی۔ ذاتی اور شراکتی کاروبار دونوں میں آپ کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساتھ ہی کسی بھی قسم کے کام چاہے کسی بھی قسم کے لوگوں سے ہوں اُمید کے مطابق حل نہ ہو پائیں گے۔ کاروبار میں آپ کے خاندان کے لوگوں کا عمل دخل بھی آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔ مذہب کی طرف توجہ ان دنوں میں کم رہے گی اور بیرون ملک سفر کے امکانات بھی نہیں ہیں۔ ان دنوں میں لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں صحت بھی خراب ہوتی نظر آ رہی ہے۔

ماہ مئی کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا بہتر رہے گا۔ لیکن اس سے حاصل ہونے والا پیسہ آپ فضول خرچی میں ضائع کر دیں گے۔ ان دنوں میں خاندان کے لوگوں سے تعلقات بہتر ہوں گے اور اندرون ملک سفر کی کوشش بھی کریں گے۔ والدہ اور قریبی رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں سے جو ناراضگی تھی وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ سیر و تفریح کے امکانات بھی ہیں۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات اولاد پر یا آپ اپنے اوپر زیادہ کریں گے۔ انٹرلیول کے طالب علم ان دنوں میں تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں گے اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہونے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں مذہبی کاموں کی طرف دھیان رہے گا۔

## خواتین

ماہ رواں کے پہلے آٹھ دن آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے اور اس کے علاوہ چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے تعلقات بھی بہتر رہیں گے۔ ماہ کی 9 تا 19 تاریخ کے درمیان شریک کار اور ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے اور ان سے وابستہ کام بھی نہ ہو سکیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں بہو اور داماد کے ساتھ بھی ناراضگی رہے گی۔ ان دنوں میں صحت میں خرابی آئے گی۔ ماہ کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات میں بہتری آئے گی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 6-7-25-26 |
| نحس تاریخیں | 11-12-18-19 |
| لکی نمبر | 5-3 |

# جدی



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 22 دسمبر تا 19 جنوری |
| منسوبی کوکب | زحل |
| منسوبی حروف | خ' ج' گ |
| خوش قسمت اعداد | 8'6'5 |
| خوش قسمت پتھر | نیلم' ہیرا |
| خوش قسمت دن | بدھ' جمعہ' ہفتہ |
| خوش قسمت رنگ | نیلا' سفید' سبز |

گذشتہ ماہ کی یکم تا آٹھ تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا بہتر رہے گا۔ اور ان سے آپ کو اچھا فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ نیز ان دنوں میں قیمتی اشیاء جیسے زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا بھی بہتر رہے گا۔ بیرون ملک سفر کے لیے حائل رکاوٹیں بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں صحت بہتر رہے گی۔ آپ کا شریک کار اور حیات آپ کی مالی حوالے سے مدد بھی کرے گا۔ سسرالی عزیز و رشتہ دار بھی آپ کے لیے فائدہ مند رہیں گے۔ ان دنوں میں اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں سیر و تفریح کے امکانات بھی ہیں۔

ماہ مئی کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا نقصان دہ رہے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ فضول خرچی زیادہ کریں گے یا آپ کے اخراجات اپنے اوپر اور اولاد پر ہوں گے۔ آپ کی صحت خراب ہونے کے امکانات بھی ہیں۔ اندرون ملک سفر کے امکانات کم ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے

free copy
khalidrathore.com
ماہنامہ راہنمائے عملیات
Document Processing Solutions
03008442060

دار بھی آپ کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کو نوکری کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان دنوں میں بیرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔ ان تاریخوں میں آپ مذہبی کاموں کی طرف دھیان کم دیں گے اور زیارتیں کرنے کی اُمید بھی پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی ہے۔ نیز ان دنوں میں قرضے ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ اولاد سے وابستہ کاموں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان دنوں میں قیمتی اشیاء کی خرید وفروخت کرنا نقصان دے رہے گا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو اس کے حل ہونے کے امکانات ان تاریخوں میں نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں۔ کیونکہ یہ قانونی نوعیت کی شکل اختیار کر سکتے ہیں اور ان کا فیصلہ آپ کے حق میں ہونے کے امکانات کم ہیں۔

ماہ رواں کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات بہتر رہیں گے۔ اس کے علاوہ والدہ کے ساتھ بھی تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کی اُمیدیں بھی پوری ہونے کے امکانات ہیں۔ اندرون ملک سفر کے امکانات بھی بن رہے ہیں اور ان دنوں میں بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان دنوں میں آپ کے اخراجات بھی آپ کے کنٹرول میں رہیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات ہیں۔ اشیاء کی خرید وفروخت کرنا بھی فائدہ مند رہے گا۔

## خواتین

ماہ کی یکم تا 8 تاریخ کے درمیان شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ماہ کی 10 تا 19 تاریخوں میں اولاد کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ اور بہو اور داماد کے ساتھ بھی نہ بن پائے گی۔

21 تا 31 تاریخوں کے درمیان اولاد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور شریک حیات سے بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-25-26-27-28 |
| نحس تاریخیں | 14-15-21-22 |
| لکی نمبر | 6-5 |

# دلو



| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 20 جنوری تا 18 فروری |
| منسوب کواکب | زحل، یورانس |
| منسوب حروف | س، ش، ث، ک، ڈ |
| خوش قسمت اعداد | 8,6,3 |
| خوش قسمت پتھر | نیلم، پکھراج، ہیرا |
| خوش قسمت دن | جمعرات، جمعہ، ہفتہ |
| خوش قسمت رنگ | نیلا، گلابی، ہرا |

ماہ مئی کی یکم تا آٹھ تاریخ کے درمیان آپ کی اپنے سے عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات ہیں۔ نیز اگر قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان سے یا ان کی مدد سے جلد ملنے کے امکانات ہیں۔ ان دنوں میں شریک کار یا حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں شراکتی کاروبار شروع کرنا بہتر رہے گا۔ جو لوگ پہلے سے ہی کر رہے ہیں ان کے کاروبار میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اخراجات خاندان کے لوگوں پر ہوں گے یا صرف اپنے اوپر ہوں گے۔ ان دنوں میں صحت بہتر رہے گی اور اگر وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو ان کو بھی ان دنوں میں صحت بہتر رہے گی اور اگر وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو ان کو بھی ان دنوں میں حل کرنے کی کوشش کریں۔ اس کے علاوہ طالب علم ان دنوں میں تعلیم کی طرف زیادہ توجہ دیں گے اور ان کو تعلیم کے حوالے سے جو مشکلات درپیش آ رہی تھیں ان میں سے بھی چند کے دور ہونے کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 10 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات آپ کی اپنی وجہ سے خراب ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ان تاریخوں میں آپ کی اپنی والدہ اور شریک حیات کے ساتھ بھی ناراضگی رہے گی۔ اس کے علاوہ بڑے بہن بھائی بھی آپ کے مالی حالات کی خرابی کا باعث ہوں گے۔ شراکتی کاروبار کے حوالے سے یہ دن فائدہ مند ثابت نہ ہوں گے۔ نہ ہی ان دنوں میں آپ کی خواہشات پوری ہونے کے زیادہ امکانات ہیں۔ آپ کا لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو بھی آپ کے معاملات کے حل میں رکاوٹ کا باعث بنے گا۔ نیز ان تاریخوں میں عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے اور انٹر لیول تک کے طالب علموں کا رجحان ان دنوں میں تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ نیز ان کی تعلیم سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری نہ ہوں گی۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے انعامی سکیمیں کھیلنا فائدہ مند نہ رہے گا یا پھر انعام ہی آپ کی توقعات کے مطابق نہ نکلے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں قرضہ ملنے کے امکانات بھی کم ہیں اور اگر کوئی وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو بھی حل نہ ہو سکے گا اور اگر ہو بھی جاتا ہے تو نتائج آپ کے حق میں نہ ہوں گے۔ ان دنوں میں قیمتی اشیاء زمین و جائیداد، گاڑی وغیرہ کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔ اولاد سے وابستہ اُمیدیں بھی پوری نہ ہو سکیں گی۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں سیر و تفریح کے امکانات بھی کم ہیں۔

ماہ کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کی اندرون ملک سفر کی خواہش پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ کاروبار کے حوالے سے بھی یہ دن بہتر رہیں گے۔ اس کے علاوہ آپ اعلیٰ افسران سے کام کروانے کی پوری کوشش کریں، آپ کے کام ہو جائیں گے۔

free copy
khalidrathore.com
03008442060

کیا آپ روزگار کے مسائل کا شکار ہیں؟

نوکری، کاروباری، اور مالی مسائل کے حوالے سے خصوصی نجومی اور روحانی راہنمائی حاصل کرنے کے لیے آج ہی رجوع کریں۔

عبدالحی راٹھور.....0346-4387682

### خواتین

ماہ کی یکم تا 8 تاریخ کے درمیان ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ لیکن 10 تا 19 تاریخ کے درمیان تعلقات خراب ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ان خراب تعلقات میں آپ کا کردار بھی شامل ہوگا۔ مالی حالات میں بھی خرابی آئے گی۔ داماد یا بہو کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-2-4-23-25 |
| نحس تاریخیں | 8-9-10-16-17 |
| لکی نمبر | 3-1 |



## حوت

| | |
|---|---|
| عرصہ حکومت | 19 فروری تا 20 مارچ |
| منسوبی کواکب | مشتری، نیچون |
| منسوبی حروف | چ، د |
| خوش قسمت اعداد | 9'6'3 |
| خوش قسمت پتھر | پکھراج، مرجان، مونگا |
| خوش قسمت دن | منگل، جمعرات، جمعہ |
| خوش قسمت رنگ | ہلکا براؤن، لال، نارنجی |

گزشتہ ماہ کی یکم تا آٹھ تاریخ کے درمیان آپ کے بہن بھائی اور قریبی رشتے دار اور شریک کار آپ کے اخراجات میں تھوڑا بہت اضافے کا باعث ہوں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کو ان سے وابستہ اُمیدیں اور کام بھی پورے ہوتے نظر آ رہے ہیں۔

نوکری کے حوالے سے بھی یہ دن آپ کے لیے بہتر رہیں گے، اور اگر نوکری کی تلاش میں ہیں تو رشتے داروں کی مدد ملتی نظر آ رہی ہے۔ ان دنوں میں اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں اشیاء کی خرید و فروخت کرنا مناسب رہے گا۔ ان تاریخوں میں آپ کی صحت بھی بہتر رہے گی۔ نوکری کے سلسلے میں یا نوکری کے کام سے بھی اندرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔

ماہ کی 11 تا 19 تاریخ کے درمیان آپ کے اندرون ملک سفر کے امکانات کم ہیں۔ اس کی وجہ سے آپ کے اخراجات میں اضافہ بھی ہوگا۔ آپ کے چھوٹے بہن بھائی اور قریبی رشتے دار بھی آپ کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔

اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کو اپنے دشمنوں سے بھی نقصان کا اندیشہ ہے۔ ذاتی کاروبار کے حوالے سے یہ دن آپ کے لیے مشکل ثابت ہوں گے۔ کاروبار پر آپ کا پیسہ زیادہ خرچ ہوگا۔ اس سے فائدہ کم ہوگا۔ ان دنوں میں حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں آپ کے لیے لڑائی جھگڑا کرنا نقصان دہ رہے گا۔ آپ کی صحت بھی ان دنوں میں خراب ہونے کے امکانات ہیں۔ نیز ان دنوں میں رتبے میں چھوٹے لوگوں سے وابستہ کام بھی نہ ہو سکیں گے۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں ساس کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔

ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان آپ کے لیے شراکتی کاروبار فائدہ مند نہ رہے گا۔ آپ کا شریک کار آپ کے اخراجات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ اس کے علاوہ ان دنوں میں والدہ کے ساتھ بھی ناراضگی رہے گی۔ شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات ناخوشگوار رہیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام ہونے کے امکانات نہیں ہیں۔ انٹر لیول تک کے طالب علم تعلیم کی طرف ان دنوں میں توجہ زیادہ نہ دیں گے۔

ماہ کی 21 تا 31 تاریخ کے درمیان آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ آپ اپنے اخراجات کو بھی قابو کرنے میں ناکام ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ان دنوں میں بیرون ملک سفر کے امکانات ہیں۔ آپ وہ سفر مذہبی حوالے سے بھی کر سکتے ہیں۔ ان دنوں میں ذاتی کاروبار کرنے والے لوگوں کے کاروبار میں بہتری آئے گی۔

### خواتین

ماہ کی یکم تا 8 تاریخ کے درمیان شریک حیات کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ان کے علاوہ بہو یا داماد سے تعلقات بہتر رہیں گے اور ان سے وابستہ کام ہو جائیں گے۔

ماہ کی 11 تا 19 تاریخ کے درمیان صحت خراب رہے گی۔ والدہ کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ ماہ کی 15 تا 20 تاریخ کے درمیان شریک کار کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ ساس کے ساتھ بھی تعلقات خراب رہیں گے جبکہ والدہ کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 1-25-26-27-28 |
| نحس تاریخیں | 11-12-18-19 |
| لکی نمبر | 9-5 |

☆☆☆☆☆

free copy
khalidrathore.com
03008442060

# تسخیر موکلات و حاضرات

## ارتکاز توجہ

حاضرات اور تسخیر کے اعمال کے لیے ارتکاز توجہ کی صلاحیت کی ازحد ضرورت ہوتی ہے۔

ارتکاز توجہ سے مراد کیا ہے؟ ایک فرد کی یہ صلاحیت کے وہ کسی خاص نکتہ پر اپنی سوچ کو قائم کر سکے وہ جس معاملے پر غور کر رہا ہے۔ اُس کی توجہ اُس سے نہ ہٹے۔

ارتکاز توجہ کے لیے علم النفس، مراقبہ، ہپناٹزم، ٹیلی پیتھی اور شمع بنی جیسے علوم میں متفرق مشقیں بیان کی گئی ہیں۔ عامل کو چاہیے کہ وہ حاضرات اور تسخیر کے اعمال سے پہلے ارتکاز توجہ حاصل کرنے کے لیے مندرجہ بالا کسی علم سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ارتکاز توجہ کی مشق ضرور کرے۔ یہ مشقیں اس کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافے کا باعث بننے کے ساتھ ساتھ تسخیر و حاضرات کے لیے اُس ارتکازی قوت کو فراہم کریں گی۔ جس کی اُسے اِس شعبے میں قدم قدم پر ضرورت ہوگی۔ ایک بات کا خیال رکھیں ان علوم کو پورے طور پر سیکھنے کی ضرورت نہیں۔ حاضرات و تسخیر کے طالب علموں کے لیے صرف ارتکاز توجہ کی حد تک فائدہ اُٹھانا مفید ثابت ہوگا۔

## حاضرات کے معمول پر اثرات

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ جس بچے یا بڑے پر حاضرات کی جائیں اُس پر کوئی منفی اثرات واقع نہیں ہوتے۔ ایک حد تک تو یہ بات درست ہے۔ لیکن کئی دفعہ دیکھا گیا ہے کہ معمول بار بار حاضرات کے باعث نفسیاتی یا دماغی امراض کا شکار ہو جاتا ہے۔

ایسی بیماری کی نوعیت بعض اوقات معمولی ہوتی ہے۔ اور جب فرد پر حاضرات کرنی بند کر دی جائے تو کچھ وقت گزرنے کے بعد وہ از خود صحت یاب ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ تاہم شدید نوعیت کی مرض میں مریض کا باقاعدہ علاج ضروری ہو جاتا ہے۔ بصورت دیگر بیماری، دماغی خلفشار اور مستقل ذہنی امراض کا باعث بن جاتی ہے۔

حاضرات کے باعث ہونے والی امراض کی یوں تو کئی چھوٹی بڑی وجوہات ممکن ہیں۔ تاہم دو بڑی اقسام میں پہلے وجہ حاضرات کا دباؤ، بوجھ یا سحری اثرات ہیں۔ جبکہ دوسری بڑی وجہ معمول کی کمزور ذہنی صلاحیتیں ہیں جو حاضرات کا دباؤ برداشت نہیں کر سکتیں۔

وجہ چاہے کچھ بھی ہو مستقل بنیادوں پر بار بار ایک ہر فرد پر حاضرات نہیں کرنا چاہیئے۔ خاص طور پر وہ معمول جو حاضرات سے متاثر ہوتے نظر آئیں اُن پر حاضرات کا سلسلہ طویل نہیں کرنا چاہیئے۔

## ایک خاص عمل

گو زندگی میں اعمال تسخیر کے حوالے سے کئی کرشمے آنکھوں کے سامنے سے گزرے تاہم ان کا بیان طوالت کا باعث ہو گا۔ یہاں ایک عمل بیان کر رہا ہوں اور قارئین سے امید کرتا ہوں کہ وہ اس عمل کو مضامین کا یہ سلسلہ اختتام پذیر ہونے کے بعد استعمال میں

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
UrTech Document Processing Solutions
khalidrathore.com
03008442060

لائیں گے۔تمام ترعمل کی پوری وضاحت ترتیب درج ذیل ہے۔

☆قمری ماہ کی ابتداء سے عمل شروع کریں۔

☆دوران عمل ترک جماع مکروہات وممنوعات وحرام و بدبودار اشیاء بمطابق اسلام کا خیال رکھیں۔

☆عمل کے کم از کم ابتدائی تین دن روزہ ضرور رکھیں۔

☆دوران عمل مکمل خلوت ہو۔ذکر کرنے کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔

☆ دوران عمل کافور' عود' زعفران اور صندل سرخ کا بخور استعمال کریں۔

☆عمل کھلے آسمان کے نیچے مت کریں۔کمرے میں عمل کریں یا کم از کم چھت والی جگہ ہو۔

☆عمل کا وقت بعد از نماز عشاء مقرر کریں اور اس کی پابندی کریں۔

☆عمل سے پہلے غسل کریں۔صاف اور دھوئے ہوئے کپڑے استعمال کریں۔

☆عطر گلاب لگائیں۔

☆عمل شروع کرنے سے تین چار دن قبل سے استغفار کا ورد شروع کر دیں۔

☆عمل شروع کرنے سے قبل حسب توفیق صدقہ اور خیرات دیں اور شیرینی بھی تقسیم کریں۔

☆بخور جلا کر عمل شروع کریں۔

☆عمل شروع کرنے سے پہلے حصار اپنے گرد انگلی سے قائم کریں۔(درود شریف' الحمد شریف' آیت الکرسی' چاروں قل) تین تین بار پڑھنا ہیں۔

☆ حصار قائم کرنے کے بعد قبلہ رخ ہو کر بیٹھ جائیں۔مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔

**﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم' لاحول ولاقوت الا با اللہ العلی العظیم' یا اللہ' یاصمد' یا احد' یا اول' یا آخر' درود شریف﴾۔**

تین تین بار پڑھنا ہیں۔

☆ پھر اسم الٰہی یا اللہ کا ذکر اپنے نام اور والدہ کے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق کریں۔

☆روزانہ مندرجہ بالا دعا و حصار پڑھ کر عمل کریں۔

☆بعد عمل ہاتھ اُٹھا کر دعا اپنے عمل میں کامیابی اور تاثیر کے لیے کریں۔

free copy

**خالد اسحاق راٹھور' راہنمائے عملیات کی کتاب تسخیر موکلات وحاضرات سے چند صفحات**

☆۴۰ دن مسلسل یہ عمل کرنا ہے۔

☆ناغہ نہ ہو۔

khalidrathore.com

☆آخری دن پھر صدقہ خیرات دیں اور شیرینی تقسیم کریں۔

☆مداوت کی لیے روزانہ یا اللہ کا ذکر ۳ تسبیح تک کا کریں۔

☆مداوت نہ کرنے سے عمل برقرار نہ رہے گا۔

نوٹ: سب سے اہم بات یہ ہے کہ ذکر کرتے ہوئے آپ کی توجہ ارتکاز اور خیال منتشر نہ ہو۔آپ کا جسم اور زبان ہی نہیں بلکہ آپ کی روح بھی ذکر میں شامل ہو پھر کہا جا سکتا ہے۔آپ نے ذکر کا حق ادا کیا ہے۔بالیقین' کامیابی بھی اسی صورت میں ملتی ہے' انشاء اللہ۔عمل بلا اجازت مت شروع کریں اور عمل کی ابتداء کے دن اور مقام وغیرہ سے آگاہ رکھیں۔

مزید تفصیلات کے لیے کتاب ہذا دیکھیں

03008442060

# آپ کا عدد اور یہ ماہ

وسیم احمد

## عدد 1

اِس ماہ ایسے کام آپ کو زیادہ فائدہ دیں گے جن میں محنت زیادہ کرنا پڑے گی۔ معاشی معاملات میں زیادہ تیزی پیش آئے گی۔ حلقہ احباب میں بزرگ اور ذہین لوگوں کا اضافہ ہو گا۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے چھوٹے ہیں انہیں بیرون ملک جانے کی آفر ملے گی جن افراد کے والد ملک سے باہر ہیں وہ اِس ماہ اپنے والد سے ملاقات کر سکیں گے۔ جن افراد نے نیا نیا کاروبار شروع کیا ہے اُن کے لیے اچھا وقت ہے کی گئی محنت آنے والے دنوں میں فائدہ دلائے گی۔ ایسے افراد جن کی عمر 27,23,22 اور 32 سال ہے انہیں رات کو سوتے وقت ڈراؤنے خواب آسکتے ہیں۔ رات کو زیادہ کھانا کھا کر نہ سوئیں۔ سونے سے قبل واک ضرور کریں۔ اکثر افراد اپنے اندر اعصابی کمزوری محسوس کریں گے قدرے سست روی کا شکار بھی ہو جائیں گے۔ کبھی کبھار یوں محسوس ہو گا جیسے کسی نے باندھ دیا ہے نظر بد کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر ایسا محسوس کریں تو ادارے سے رابطہ کریں۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی ہونا طے پا سکتی ہے۔



خواتین اِس ماہ زیادہ توجہ گھر کے کاموں پر دیں گی۔ گھر کی پرانی چیزوں الماریوں، صندوقوں، بیگوں وغیرہ کی صفائی کی جائے گی اور ایسے کپڑے جو استعمال کے قابل نہیں ہیں پرانے ہو چکے ہیں وہ غریبوں میں بانٹ دیں گی۔ شادی شدہ عورتیں کھانا کھانے میں بے احتیاطی کا مظاہرہ کریں گی جس کی وجہ سے اُنہیں ہیضہ کی شکایت پیدا ہو سکتی ہے۔ اکثر خواتین کا زیادہ وقت بوڑھے والدین کی خدمت میں گزرے گا۔ جن خواتین کی نئی شادی ہوئی ہے اُنہیں اپنا خیال رکھنا ہو گا۔ خدانخواستہ بچہ ہونے کے حوالے سے قدرے پیچید گیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ جن خواتین کی والدہ بیمار رہتی ہیں انہیں والدہ کی طرف بھرپور توجہ دینا ہو گی۔ اُن کے اعصاب ایک دم کام کرنا چھوڑ سکتے ہیں۔ ایسی خواتین جن کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی خاندان کے ہی کسی فرد کے ساتھ طے پا سکتی ہے۔ اگر خاندان سے باہر ہوئی تو وہ شخص عمر میں یقیناً کافی بڑا ہو گا۔ بے روزگار خواتین کسی پرانی فرم، فیکٹری میں کسی بزرگ شخص کی سفارش سے نوکری حاصل کر سکتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 24-15-6-2 |
| نحس تاریخیں | 27-22-20-9 |
| لکی نمبر | 6-2 |
| صدقہ | شکر |

## عدد 2

اس ماہ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہو گا اور ذرائع آمدن میں کمی واقع ہو گی۔ دوران کام اکثر خیال آئے گا کہ اس کام کو مزید بہتر کیا جا سکتا ہے مگر یہ سوچنے کے باوجود آپ اسے بہتر نہ کر سکیں گے۔ ذہنی اعتماد میں اضافہ ہو گا اور نئے لوگوں سے بھی رابطہ ہو

### آپ کا ذاتی عدد؟

ذاتی عدد معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔

**اول**: تاریخ پیدائش کو آپس میں جمع کر کے مفرد عدد حاصل کریں۔ مثلاً 5 مئی 1995

=5+5+5+9+9+1=34=4+3=7

**دوم**: اپنے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد حاصل کرنے کے لیے "عددی جدول" کی مدد لیں۔

مثلاً ہما = ھ۔م۔ا=5+4+1=10=0+1=1

**عددی جدول**

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | ا،ی،ق،غ | 2 | ب،پ،ک،گ،ر،ڑ |
| 3 | ج،چ،ل،ش | 4 | د،ڈ،م،ت،ٹ |
| 5 | ھ،ن،ث | 6 | و،س،خ |
| 7 | ز،ژ،ع،ذ | 8 | ح،ف،ض |

free copy
khalidrathore.com
Lumitech Document Processing Solutions
03008442060

گا۔ حلقہ احباب میں ایسے افراد شامل ہوں گے جن کا نام ن۔م۔ر۔ط۔ع سے شروع ہوتا ہے۔ اِن میں سے زیادہ لوگ اچھے دوست ثابت ہوں گے اور آپ کے ہم خیال ثابت ہوں گے۔ جن افراد نے نیا نیا کام شروع کیا ہے وہ جذباتی پن کی وجہ سے کام کو اچانک بند کر سکتے ہیں۔ انہیں چاہیئے کہ جذبات پر قابو رکھیں اور بے دلی کا شکار نہ ہوں۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں پہلے نمبر پر ہیں وہ مالی معاملات میں بہتری دیکھیں گے اور اُن کا کام بھی بہتر ہوگا۔ نوکری پیشہ افراد پر کام کا دباؤ زیادہ رہے گا جس کی وجہ سے وہ ٹینشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ کسی ساتھ کام کرنے والے ورکر کے ساتھ جھگڑا بھی ممکن ہے مگر یہ سب عارضی ہو گا۔ اکثر افراد ملک سے باہر جانے کی کوشش کریں گے یا ملک چھوڑنے کے حوالے سے دوستوں سے صلاح مشورے کریں گے۔



خواتین اِس ماہ اپنے اعتماد میں بھرپور اضافہ محسوس کریں گی۔ طبیعت میں خوشی رہے گی۔ اور دِل چاہے گا کہ کام سارے ایک ہی وقت میں ختم کرلیں۔ اِس اعتماد کی وجہ سے بہت سارے کاموں میں ہاتھ ڈالیں گی۔ جن خواتین کی عمر 29,31,33 اور 28 سال ہے۔ انہیں نزلہ زکام اور کھانسی سے شکایت پیدا ہوگی۔ الرجی بھی حملہ کرسکتی ہے۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں دوسرے نمبر پر ہیں وہ جذباتی پن کا شکار ہو سکتی ہے۔ مزاج میں سختی کی وجہ سے بہت سارے دوستوں کو ناراض کرلیں گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی منگنی، شادی اچانک ہوتی نظر آتی ہے۔ ایسی خواتین جن کی منگنی کو چار ماہ یا چار سال گزر چکے ہیں اُن کے لیے یہ وقت محتاط طرزِ عمل کا اشارہ کرتا ہے۔ منگنی ٹوٹ سکتی ہے۔ اِس ماہ جذبات پر قابو رکھنا یا خاموشی اختیار کرنا زیادہ فائدہ مند رہے گا۔ شادی شدہ خواتین خود کو گھریلو معاملات اور اور بچوں کے حوالے سے خاصا پرجوش محسوس کریں گی۔ شوہر کے ساتھ نوک جھونک چلتی رہے گی۔ زیادہ پریشانی والی بات نہیں ہے جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 14-10-5-1 |
| نحس تاریخیں | 26-22-8-7 |
| لکی نمبر | 5-1 |
| صدقہ | سرخ مرغ |

## عدد 3

اِس ماہ آپ کی کامیابیوں کا تناسب بڑھے گا۔ بہت سارے معاملات میں کامیابی ملے گی۔ لوگوں کے ساتھ رویہ دوستانہ ہوگا۔ اور دوسروں سے آپ کو عزت اور احترام ملے گا۔ ذرائع آمدن میں بہتری آئے گی۔ ایسے کام جن سے فوراً فائدہ ملنے کی امید ہو بہتر رہیں گے۔ چھوٹے چھوٹے کنٹریکٹ سکیمیں، کمیشن والے کام فائدہ دیں گے۔ ایسے افراد جن کا محکمہ جنگلات سے تعلق ہے اُن کی ترقی ہو جائے گی۔ جن افراد کا نام م، ن، و، ل سے شروع ہوتا ہے۔ انہیں زیادہ کامیابی ملے گی۔ ایسے لوگوں کے ساتھ تعلقات زیادہ مضبوط ہوں گے جو کہ معاشی لحاظ سے کوئی رتبہ رکھتے ہیں۔ گورنمنٹ سے متعلقہ لوگ بھی فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ نوکری پیشہ افراد اپنے کام میں زیادہ دلچسپی لیں گے اور مشکل کام کو سرانجام دے کر خوشی محسوس کریں گے۔ ایسے افراد جن کی ترقی رکی ہوئی ہے۔ اُن کی ترقی ہونے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ ایسے افراد کو جن کا اپنے خاندان میں پہلا نمبر ہے زیادہ فائدہ ملے گا۔



خواتین اِس ماہ اپنے اندر مثبت تبدیلی محسوس کریں گی۔ کام کرنے کی صلاحیتیں بہتر ہوں گی۔ ذہن میں عمدہ خیالات آئیں گے اور دل چاہے گا کہ معاشی حالات میں تبدیلی لانے کے لیے اور زیادہ ترقی حاصل کرنے کے لیے کچھ نہ کچھ کیا جائے۔ اکثر خواتین سوچیں گی کہ کوئی ذاتی بزنس وغیرہ کیا جائے گا کہ معاشی ترقی ملے۔ جن خواتین کی نئی نئی شادی ہوئی ہے وہ اپنے شوہر کو اُس کے کام کے حوالے سے عمدہ مشورے دیں گی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی شادی کسی ایسے شخص کے ساتھ طے پاسکتی ہے جو کہ معاشی حوالے سے مضبوط ہوگا یا گورنمنٹ جاب کرتا ہوگا۔ یقیناً اُسی کا خاندان میں پہلا نمبر ہو گا۔ جن خواتین کا ذاتی کاروبار ہے وہ اپنے کام کی ترقی کے لیے کسی گورنمنٹ سے متعلقہ شخص کی مدد حاصل کرسکیں گی اور اُسی وجہ سے کام میں بہتری لائیں گی بے روزگار خواتین کی نوکری لگنے کی پوری اُمید ہے کوئی ایسی فرم جو نئی نئی بنی ہے وہاں زیادہ تنخواہ ملنے کے ساتھ ترقی آئندہ دنوں میں ہو جائے گی۔ جن کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 27-18-9-4 |
| نحس تاریخیں | 26-17-12-6 |
| لکی نمبر | 9-4 |
| صدقہ | دلیہ |

## عدد 4

اِس ماہ آپ کے معاشی مسائل میں اضافہ ہو گا۔ لوگوں سے وابستہ خواہشات کی تکمیل نہ ہو سکے گی۔ ذرائع آمدن میں تیزی کی بجائے کمی واقع ہو گی۔ طبیعت میں بے چینی کا عنصر بھی نمایاں رہے گا۔ اکثر افراد کو نزلہ وزکام کی شکایت رہے گی۔ سفر کرنے

free copy
khalidrathore.com
Unitech Document Processing Solutions
راہنمائے عملیات
03008442060

کی طرف طبیعت راغب ہوگی۔ روزمرہ زندگی کے معاملات میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔ نوکری پیشہ افراد کے کام میں سستی آئے گی۔ کبھی کبھار دفتر میں لیٹ پہنچا کریں گے۔ جس کی وجہ سے دوسرے سٹاف کے ساتھ وقت پر نہ پہنچنے کی وجہ سے بحث وتکرار اور جھگڑا ہوسکتا ہے۔ ایسے افراد جنہوں نے نئی نئی نوکری شروع کی ہے انہیں خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ غیر ذمہ داری کی وجہ سے نوکری ہاتھ سے جاسکتی ہے اور دوبارہ پھر آسانی سے نہیں مل سکے گی۔ اس ماہ ایسے افراد فائدہ مند ثابت ہوں گے جو اپنے خاندان میں تیسرے نمبر پر ہیں۔ جن افراد کو بیرون ملک جانے کی آفر ہے اور وہ اس سلسلے میں کوششیں بھی کر رہے ہیں انہیں قدرے سکون لینا ہوگا۔ کیونکہ جلد بازی میں روپے پھنسوا سکتے ہیں۔ جن افراد کی والدہ بیمار رہتی ہے۔ اُن کو والدہ کے حوالے سے بالخصوص محتاط رہنا ہوگا۔ کسی بھی غیر متوقع صورتحال کا سامنا ہوسکتا ہے۔




خواتین اس ماہ اپنے مزاج میں اتار چڑھاؤ کی کیفیت محسوس کریں گی۔ کبھی ایک دم خوش ہو جایا کریں گی اور کبھی اداس ہو جایا کریں گی۔ طبیعت میں بوجھل پن نمایاں رہے گا۔ گھریلو کام سستی کی وجہ سے کرنے میں دشواری محسوس کریں گی۔ رات کو نیند بھی دیر سے آیا کرے گی۔ زیادہ وقت کچھ نہ کچھ سوچتے گزرے گا۔ صبح دیر سے اٹھنے کی وجہ سے بھی تھکاوٹ محسوس ہوا کرے گی۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں اُن کے ساتھ یہ معاملات زیادہ رہیں گے۔ غیر شادی شدہ خواتین کی اچانک کسی بڑی عمر کے مرد کے ساتھ شادی ہونا طے پا سکتی ہے۔ شادی شدہ خواتین کی گھریلو زندگی میں کھنچاؤ رہے گا۔ شوہر کے ساتھ بحث و تکرار ہوا کرے گی اور معاملہ سنجیدگی کی طرف چلا جائے گا۔ ایسی خواتین جن کی نئی نئی شادی ہوئی ہے انہیں اپنے رویئے پر نظر رکھنا ہوگی اور زبان پر قابو رکھنا ہوگا۔ دوسری صورت میں شوہر کے ساتھ شدید جھگڑا ہوسکتا ہے اور بات علیحدگی تک جاسکتی ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں صحت مند بیٹی پیدا ہوگی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 27-21-12-3 |
| نحس تاریخیں | 20-17-11-9 |
| لکی نمبر | 8-3 |
| صدقہ | دودھ |

## عدد 5

اس ماہ آپ کی توجہ اپنے گھریلو مسائل کو حل کرنے کی طرف زیادہ رہے گی اور آپ کا زیادہ وقت خاندان کے افراد کے ساتھ گزرے گا۔ دل چاہے گا کہ خاندان کے لیے کچھ کیا جائے۔ بچوں کی طرف توجہ کی وجہ سے بچے بہت اعتماد محسوس کریں گے اور اس بات سے وہ آپ سے بھی خوش رہیں گے۔ معاشی معاملات نارمل رہیں گے۔ کہا جاسکتا ہے کہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ البتہ قرض لینے کی نوبت نہیں آئے گی۔ جن افراد نے پہلے سے قرضہ لیا ہوا ہے اُن پر قرض داروں کا پریشر رہے گا اور وہ روپے واپس مانگنے کی ضد کریں گے۔ ایسے افراد جنہوں نے نیا نیا کاروبار شروع کیا ہے وہ زیادہ سفر کریں گے اور مصروف رہیں گے۔ ایسے افراد جو فنون لطیفہ کے کاموں میں اپنی معاشی ضروریات کو پورا کر رہے ہیں اُن کو فائدہ ملے گا۔ تحریر وتقریر کے کاموں میں کامیابی ملے گی اور ذہن میں بھی اس حوالے سے عمدہ خیالات آئیں گے۔ اکثر افراد رات کا کھانا گھر سے باہر کھایا کریں گے۔ پالک اور ساگ کھانے کا زیادہ موقع ملے گا۔ غیر شادی شدہ شادی کے لیے رضامند ہوسکتے ہیں۔



خواتین اس ماہ زیادہ توجہ اپنی والدہ کی صحت کی طرف دیں گی اور اس سلسلے میں مختلف ڈاکٹر، حکیموں سے ملاقات کریں گی۔ والدہ کی صحت بھی اس ماہ بہتر ہوگی اکثر خواتین رات کو دیر سے سویا کریں گی کیونکہ گھر میں قریبی عزیزوں کی آمد کا سلسلہ رہے گا۔ اکثر خواتین کے سر میں درد ہوگا جس کی وجہ سے گھر کا زیادہ کام کرنا مشکل ہوگا۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں تیسرے نمبر پر ہیں اُن کی توجہ ہمسایوں کی طرف رہے گی۔ بہت ممکن ہے۔ کہ چھوٹے بھائی کے لیے ہمسایوں کی بیٹی کا رشتہ مانگ لیں۔ جن خواتین کی عمر 40، 42 اور 47 سال ہے اُنہیں رات کو سوتے وقت پنڈلیوں میں تکلیف ہوگی۔ غیر شادی شدہ خواتین کی منگنی کزن کے ساتھ طے ہو جائے گی۔ اور شادی 2 سال کے بعد ہوگی ایسی خواتین جن کی نئی نئی شادی ہوئی ہے انہیں شوہر کے ساتھ مختلف جگہوں کی سیر کا موقع ملے گا۔ البتہ دوران سفر محتاط رہنا ہوگا۔ پرس رکھ کر کہیں بھول سکتی ہیں۔ پرس چوری بھی ہوسکتا ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 25-16-11-2 |
| نحس تاریخیں | 24-10-8-4 |
| لکی نمبر | 7-2 |
| صدقہ | دال چنا |

## عدد 6

اس ماہ معاشی استحکام ملے گا مگر ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔ دماغی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور ذہن میں نئے نئے خیالات آئیں

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
03008442060

گے۔ کاروباری افراد اپنے پرانے کاروباری دوست کو اپنے ساتھ کاروبار میں شامل کرنے کی آفر کر سکتے ہیں۔ بے روزگار افراد کسی ایسی فرم میں نوکری کی درخواست دے سکتے ہیں۔ جسے بنے ہوئے چار سال گزر چکے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کے کام میں بہتری آئے گی اور نئی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ باس کے قریب آنے کا موقع ملے گا۔ البتہ کوئی ساتھ کام کرنے والا ورکر آپ کے لیے مسائل پیدا کر سکتا ہے۔ محتاط رہیں۔ ایسے افراد جو اپنا کاروبار شروع کرنا چاہ رہے ہیں۔ وہ اِس ماہ کاروبار شروع نہ کریں کیونکہ کاروبار شروع کرنے کے حوالے سے مناسب وقت نہیں ہے۔ ایسے افراد جو لاٹری وغیرہ کے شوقین ہیں وہ بھی رسک نہ لیں کیونکہ پیسے ڈوب جائیں گے۔ جن افراد کا کسی کیس میں مقدمہ چل رہا ہے۔ انہیں اگر دوسری پارٹی سے صلح کرنے کا موقع ملے تو ضرور کر لیں۔ کیونکہ اُن کے لیے سخت وقت ہے ہو سکے تو تاریخ اگلے ماہ کی ڈلوا لیں۔



خواتین اِس ماہ دماغی تھکاوٹ محسوس کریں گی زیادہ سوچنا کسی مسئلے پر اچھا لگے گا۔ مگر زیادہ سوچنا صحت کے حوالے سے بہتر نہیں ہے۔ آدھے سر کا درد ہوگا۔ جن خواتین کی نئی نئی شادی ہوئی ہے اُن کی شوہر کے ساتھ بحث و تکرار ہوگی جس کی وجہ سے وقتی طور پر علیحدگی ہو سکتی ہے۔ جن خواتین کا نام ط۔ ر۔ ل۔ د اور ف سے شروع ہوتا ہے انہیں سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ شادی شدہ خواتین کی ساس اگر بیمار رہتی ہے تو اُسے بیماری سے افاقہ ہوگا۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں پہلے نمبر پر ہیں انہیں اِس ماہ معاشی حوالے سے کامیابی ملے گی۔ کوئی قریبی عزیز گفٹ پیش کرے گا۔ ایسی خواتین جن کی منگنی ہو چکی ہے اُن کی شادی ہو جائے گی۔ البتہ جن کی شادی ہونا ابھی باقی ہے اُن کے رشتے کی بات چلتی نظر آتی ہے۔ اکثر خواتین کو گھریلو سکون ملے گا اور شوہر کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ایسی خواتین جن کے چار بچے ہیں وہ اپنے چھوٹے بچے کی صحت کا خیال رکھیں خدانخواستہ اُسے نمونیا ہو سکتا ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 25-19-10-1 |
| نحس تاریخیں | 24-18-12-9 |
| لکی نمبر | 6-1 |
| صدقہ | گندم |



free copy

اِس ماہ آپ کے اخراجات میں کمی واقع ہوگی اور ذرائع آمدن بہتر ہوں گے۔ پرانے رُکے ہوئے کام پایۂ تکمیل تک پہنچیں گے اور ذہن بھی کافی حد تک سکون محسوس کرے گا۔ دوستوں سے روابط بڑھیں گے اور اکثر نئے دوست بنیں گے جن کے ساتھ آئندہ زندگی میں بہتر تعلقات قائم ہو جائیں گے۔ ایسے افراد جو لاٹری وغیرہ کے شوقین ہیں وہ اپنی قسمت کو ضرور آزمائیں۔ کوئی نہ کوئی انعام لگ سکتا ہے۔ منگل اور جمعہ اس حوالے سے اہم دن ہیں۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ ایسے افراد جو کپڑے کا کاروبار کرتے ہیں انہیں اِس ماہ زیادہ مال ملے گا۔ سفر کرنے کا موقع بھی ملے گا۔ جن افراد کا نام م، ر، ن، و اور ق سے شروع ہوتا ہے۔ انہیں بیرونِ ملک کے دوستوں سے فائدہ حاصل ہوگا۔ کمیشن والے کام کرنا فائدہ مند رہیں گے۔ کاروبار کی تشہیر بھی کافی فائدہ دے گی۔ نوکری پیشہ افراد کی نوکری کی جگہ تبدیل ہو جائے گی اور کراچی، اسلام آباد، دبئی اگر برانچ آفس ہے تو وہاں چلے جائیں گے۔ تنخواہ بھی اچھی ہوگی۔



خواتین اس ماہ اپنی دماغی صلاحیتوں میں اضافہ محسوس کریں گی۔ طبیعت میں بوجھل پن محسوس نہیں ہوگا۔ رات کو نیند بھی پُرسکون آئے گی اور صبح اٹھ کر خود کو فریش محسوس کریں گی۔ گھریلو افراد بہت دوستانہ رویہ رکھیں گے۔ شادی شدہ خواتین شاپنگ کے لیے بازار وغیرہ جائیں گی۔ اکثر خواتین کو بازار میں کسی پرانی دوست سے ملنے کا موقع ملے گا۔ جن خواتین کی ابھی تک شادی نہیں ہوئی وہ اپنی پسند کی شادی کروانے کے لیے گھر والوں کی رضامندی حاصل کر سکیں گی۔ جن خواتین کی جلد خراب رہتی ہے وہ اِس ماہ جلد کی بہتری کے لیے کوئی عمدہ نسخہ حاصل کر سکیں گی۔ ایسی خواتین جن کی نئی نئی شادی ہوئی ہے اُن کو سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ تحائف بھی ملیں گے اور اُن کا بینک بیلنس بھی بڑھے گا۔ ایسی خواتین جن کی عمر 23,27 اور 30 سال ہے اُن کی شادی اپنے فسٹ کزن کے ساتھ طے پا سکتی ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں صحت مند بیٹی پیدا ہوگی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 18-13-6-4 |
| نحس تاریخیں | 28-16-9-7 |
| لکی نمبر | 8-4 |
| صدقہ | چینی |

khalidrathore.com
Unitech Document Processing Solutions



اِس ماہ آپ کے سامنے پرانے مسائل سر اُٹھائیں گے۔ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا اور مسائل کی وجہ سے آپ ذہنی بے سکونی کا شکار ہوں گے۔ پرانے دوستوں سے ملنا اور اُن سے مسائل کے

03008442060

خاتمے کے حوالے سے صلاح ومشورہ کرنا فائدہ دے گا۔ سردرد بھی کبھی کبھی ہوگا سفر میں بھی مسائل پیدا ہوں گے۔ جو افراد اپنی گاڑی چلاتے ہیں وہ بے خیالی میں اشارہ کاٹ سکتے ہیں اور گاڑی کا چالان کروالیں گے۔ احتیاط ضروری ہے۔ جن افراد کا نیا نیا کاروبار ابھی چلا ہے وہ کام میں سستی بالکل نہ کریں دوسری صورت میں مالی نقصان ہوگا۔ اپنا کام کسی کے سپرد کرکے بھی نہ جائیں۔ دوسروں پر کیا گیا اعتماد ٹوٹ جائے گا۔ جن افراد کی عمر 32,30 اور 34 سال ہے انہیں البتہ اتنے مسائل کا سامنا نہیں ہوگا۔ اکثر افراد کو والدین کی طرف سے مالی سپورٹ ملے گی۔ شادی شدہ افراد اپنے دوستوں سے قرض لیتے نظر آتے ہیں۔ ایسے افراد جن کی منگنی ہوچکی ہے۔ وہ ٹینشن کا شکار ہوکر اپنی منگنی توڑنے کا اعلان کرسکتے ہیں۔



خواتین اِس ماہ جذباتی پن زیادہ محسوس کریں گی۔ دوسروں کی باتیں مزاج پر ناگوار گزریں گی۔ دل چاہے گا کہ اکیلے وقت گزارا جائے۔ شادی شدہ خواتین شوہر کے ساتھ سخت رویہ رکھیں گی اور شوہر کی باتوں کا سختی سے جواب دیں گی جس کی وجہ سے گالیاں سنیں گی اور بعد میں مار بھی کھائیں گی۔ خواتین کو اپنی زبان پر قابو رکھنا ہوگا۔ کیونکہ مسائل بڑھ جائیں گے علیحدگی بھی ہوسکتی ہے۔ ایسی خواتین جو اپنے خاندان میں سب سے بڑی ہیں اور سب سے چھوٹی ہیں انہیں اِس حوالے سے خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ جن خواتین کی عمر 30,25,23 اور 32 سال ہے انہیں البتہ گھریلو سکون ملے گا اور بچوں کے ساتھ کہیں سیر وتفریح پر بھی جانے کا موقع ملے گا۔ اکثر خواتین رات کو سوتے وقت ڈر جائیں گی اور سینے پر بوجھ محسوس کریں گی۔ نظر بد کا شکار بھی ہوسکتی ہیں۔ مسئلہ زیادہ خراب ہوتو ادارے سے رجوع کریں۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں آپریشن سے بیٹی پیدا ہوگی اور قدرے کمزور ہوگی۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 16-12-7-3 |


# شادی! کیا مسئلہ ہے؟

## شادی اور ازدواجی مسائل کے حل کے لیے رابطہ کریں۔

نازر راٹھور............0331-4129343


| | |
|---|---|
| نحس تاریخیں | 27-22-9-6 |
| لکی نمبر | 7-3 |
| صدقہ | شکر |




اِس ماہ معاشی معاملات میں تیزی آئے گی اور ذرائع آمدن بہتر ہوں گے۔ لوگوں کے ساتھ رویہ بھی دوستانہ ہوگا۔ شخصیت اور اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ البتہ کبھی کبھار زیادہ اعتماد دکھا جائیں گے۔ اِس ماہ آپ کی ذہنی صلاحیتیں ترقی کریں گی اور کام کے حوالے سے اچھوتے خیالات ذہن میں آئیں گے۔ جن افراد نے نیا نیا کاروبار شروع کیا ہے۔ انہیں کام کو ترقی دینے کے حوالے سے کاروباری افراد کا تعاون ملے گا۔ جن کی وجہ سے اُن کا کاروبار جلد ہی ترقی کرے گا۔ ایسے افراد جو میڈیکل کے شعبے سے وابستہ ہیں یا جن کا میڈیکل سٹور ہے وہ اس وقت سے فائدہ اُٹھائیں گے۔ غیر شادی شدہ افراد کی منگنی خاندان سے باہر ہونے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ ایسے افراد جو اپنے خاندان میں سب سے چھوٹے ہیں انہیں گاڑی، موٹر سائیکل چلاتے وقت محتاط رہنا ہوگا۔ تیز رفتاری حادثے کا باعث بنے گی اور چوٹ سر اور بازوؤں پر لگے گی۔ اکثر افراد کی روحانی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ نیک لوگوں سے تعاف حاصل ہوگا۔



خواتین اِس ماہ اپنے مزاج میں اعتماد محسوس کریں گی، رات کو جلدی سونے کی کوشش کریں گی اور صبح بھی جلدی اٹھا کریں گی۔ ایسی خواتین جن کی صبح کی نماز اکثر قضا ہو جاتی تھی اُن کی نماز اِس ماہ قضا نہ ہوگی۔ اکثر خواتین گھر میں میلاد اور ختم قرآن کی محفل کروائیں گی اور اِسی طرح کی محافل میں جانے کا موقع ملے گا۔ جن خواتین کی عمر 19، 23 اور 32 سال ہے انہیں خاندان کے افراد کی طرف سے بھرپور عزت ملے گی اور انہیں تحائف بھی ملیں گے۔ اکثر خواتین کا زیادہ وقت اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ گزرے گا۔ جس کی وجہ سے خاندان میں خوشگوار ماحول بنا رہے گا۔ جن خواتین کی شادی نہیں ہوئی اُن کی شادی ایسے فرد کے ساتھ طے پاسکتی ہے جس کا نام م۔ن۔ ک۔ل اور غ سے شروع ہوگا۔ البتہ خواتین کو آگ کے کاموں سے محتاط رہنا ہوگا۔ ہاتھ جل سکتا ہے۔ جن خواتین کے ہاں اولاد متوقع ہے اُن کے ہاں صحت مند بیٹا پیدا ہوگا۔ مگر بڑے آپریشن سے ہوگا۔

| | |
|---|---|
| سعد تاریخیں | 23-18-5-1 |
| نحس تاریخیں | 28-22-8-7 |
| لکی نمبر | 5-1 |
| صدقہ | سرخ مرغ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060



# لکی نمبرز



## ماہ مئی کی پہلی قرعہ اندازی

ذیل میں ماہ رواں کی پہلی قرعہ اندازی کے لیے متوقع بانڈ نمبروں کی ڈبی اوراس کے بعد پیکٹ دیئے جارہے ہیں۔ڈبی یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| | 5 | |
| 2 | 0 | 5 |
| | 8 | |

پیکٹ درج ذیل ہے:-

عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

| | | |
|---|---|---|
| 652 | 632 | 854 |
| 022 | 01 | 652 |
| 980 | 665 | 547 |

## ماہ مئی کی دوسری قرعہ اندازی

ذیل میں ماہ رواں کی پہلی قرعہ اندازی کے لیے متوقع بانڈ نمبروں کی ڈبی اوراس کے بعد پیکٹ دیئے جارہے ہیں۔ڈبی یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| | 9 | |
| 9 | 6 | 1 |
| | 0 | |

پیکٹ درج ذیل ہے:-

عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

| | | |
|---|---|---|
| 630 | 624 | 985 |
| 529 | 547 | 985 |
| 145 | 367 | 967 |

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں.......... عبدالباسط راٹھور 0346-4387683

## روزانہ نمبر برائے ماہ مئی

| 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 125 | 967 | 942 | 658 | 541 | 069 | 024 | 452 | نمبر |
| 16 | 15 | 14 | 13 | 12 | 11 | 10 | 9 | تاریخ |
| 967 | 879 | 965 | 154 | 320 | 968 | 854 | 147 | نمبر |
| 24 | 23 | 22 | 21 | 20 | 19 | 18 | 17 | 652 |
| 421 | 984 | 148 | 654 | 329 | 874 | 412 | 528 | نمبر |
| | 31 | 30 | 29 | 28 | 27 | 26 | 25 | 457 |
| | 984 | 024 | 204 | 210 | 254 | 857 | 412 | نمبر |

free copy
راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

ایک خاص اور قدیم طریقہ کار کے مطابق 60 سے زائد مختلف کام کرنے کے سعد اوقات کو استخراج کیا گیا ہے۔ بعض لوگ صرف منازل قمر کے حوالے سے بھی احکام اخذ کرتے ہیں جو ایک سادہ اور ابتدائی علم کا مظہر طریقہ ہے۔ جبکہ ذیل کے احکام نجومی حساب کی تمام باریکیوں کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں۔ آپ جو بھی کام شروع کرنا چاہتے ہیں ذیل کے جدول میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کریں۔ انشاء اللہ بہتر نتائج حاصل ہوں گے اور متعلقہ کام میں آپ کو کامیابی نصیب ہوگی۔ آپ ان سعد اوقات کو اپنے دوستوں، ملنے والوں اور حلقہ اثر میں آنے والے لوگوں کو بتا کر ان کی راہنمائی بھی کر سکتے ہیں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

## کون سا کام کب کریں؟

خالد اسحاق راٹھور

# مہورات

### علم نجوم کی روشنی میں خصوصی راہنمائی

سعد وقت پر کام کی ابتداء کر کے اللہ کے فضل سے یقینی کامیابی کا حصول

free copy

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| **شادی، منگنی اور نکاح کا وقت** | | | | |
| 12-05-2009 | 09-50 | تا | 12-05-2009 | 15-13 |
| 16-05-2009 | 17-55 | تا | 17-05-2009 | 04-10 |
| 25-05-2009 | 07-22 | تا | 25-05-2009 | 20-19 |
| **شراکت، مشترکہ کاروبار کی ابتداء** | | | | |
| 17-05-2009 | 19-41 | تا | 18-05-2009 | 11-22 |
| 23-05-2009 | 04-53 | تا | 23-05-2009 | 11-07 |
| 23-05-2009 | 23-35 | تا | 24-05-2009 | 05-50 |
| **ملازم رکھیں (مرد)** | | | | |
| 01-05-2009 | 00-29 | تا | 01-05-2009 | 07-01 |
| 15-05-2009 | 21-26 | تا | 16-05-2009 | 23-02 |
| 23-05-2009 | 11-07 | تا | 24-05-2009 | 05-50 |
| 24-05-2009 | 18-35 | تا | 25-05-2009 | 07-22 |
| 28-05-2009 | 06-59 | تا | 28-05-2009 | 13-30 |
| **ملازم رکھیں (عورت)** | | | | |
| 13-05-2009 | 07-19 | تا | 13-05-2009 | 12-34 |
| **اپریشن اور جراحی وغیرہ** | | | | |
| 06-05-2009 | 14-20 | تا | 06-05-2009 | 20-29 |
| 14-05-2009 | 09-28 | تا | 14-05-2009 | 14-38 |
| 14-05-2009 | 19-47 | تا | 15-05-2009 | 00-57 |
| **کوئی بھی کام شروع کریں** | | | | |
| 11-05-2009 | 06-23 | تا | 11-05-2009 | 11-53 |
| 17-05-2009 | 19-41 | تا | 18-05-2009 | 06-04 |
| **کپڑے کاٹنے کے لیے** | | | | |
| 24-05-2009 | 05-50 | تا | 24-05-2009 | 12-12 |
| **زمینوں کی آبادکاری اور کاشت** | | | | |
| 24-05-2009 | 05-50 | تا | 24-05-2009 | 12-12 |
| 25-05-2009 | 00-57 | تا | 25-05-2009 | 07-22 |
| **نہریں و کنویں کھودنے، صفائی و مرمت** | | | | |
| 14-05-2009 | 14-38 | تا | 14-05-2009 | 19-47 |
| **بدلہ لینے کے لیے** | | | | |
| 10-05-2009 | 02-01 | تا | 10-05-2009 | 07-45 |
| 15-05-2009 | 06-06 | تا | 15-05-2009 | 11-13 |
| 20-05-2009 | 23-34 | تا | 21-05-2009 | 05-14 |
| **پیغام رساں بھیجنے کے لیے** | | | | |
| 09-05-2009 | 14-24 | تا | 09-05-2009 | 20-13 |
| 10-05-2009 | 02-01 | تا | 10-05-2009 | 07-45 |
| **بچوں کی تعلیم شروع کرنے کے لیے** | | | | |
| 16-05-2009 | 17-55 | تا | 17-05-2009 | 04-10 |
| 17-05-2009 | 09-19 | تا | 17-05-2009 | 14-30 |
| **تجارت/نیا کاروبار/نیا سودا** | | | | |
| 01-05-2009 | 13-31 | تا | 02-05-2009 | 02-31 |
| 11-05-2009 | 22-56 | تا | 12-05-2009 | 04-26 |
| 15-05-2009 | 06-06 | تا | 15-05-2009 | 21-26 |
| 18-05-2009 | 11-22 | تا | 18-05-2009 | 16-40 |
| 19-05-2009 | 03-16 | تا | 19-05-2009 | 08-41 |
| 24-05-2009 | 05-50 | تا | 24-05-2009 | 12-12 |
| 24-05-2009 | 18-35 | تا | 25-05-2009 | 13-50 |
| 26-05-2009 | 02-47 | تا | 26-05-2009 | 09-17 |
| 28-05-2009 | 20-01 | تا | 29-05-2008 | 08-59 |
| **تعمیر عمارت و مکان وغیرہ** | | | | |

khalidrathore.com
03008442060

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| 01-05-2009 | 07-01 | تا | 01-05-2009 | 20-01 |
| 03-05-2009 | 04-21 | تا | 03-05-2009 | 10-45 |
| 05-05-2009 | 13-27 | تا | 06-05-2009 | 08-10 |
| 10-05-2009 | 02-01 | تا | 10-05-2009 | 07-45 |
| 16-05-2009 | 02-34 | تا | 16-05-2009 | 07-41 |
| 16-05-2009 | 12-48 | تا | 16-05-2009 | 17-55 |
| 21-05-2009 | 11-05 | تا | 21-05-2009 | 16-57 |
| 24-05-2009 | 05-50 | تا | 24-05-2009 | 12-12 |
| 28-05-2009 | 13-30 | تا | 29-05-2009 | 02-31 |
| 30-05-2009 | 10-45 | تا | 30-05-2009 | 17-08 |
| مقدمہ بازی/ کیس / اپیل / داخل کروانا | | | | |
| 17-05-2009 | 14-30 | تا | 17-05-2009 | 19-41 |
| 18-05-2009 | 06-04 | تا | 18-05-2009 | 11-22 |
| مقابلہ/ جنگ/لڑائی/ برتری حاصل کرنا | | | | |
| 16-05-2009 | 23-02 | تا | 17-05-2009 | 04-10 |
| جانوروں کی خرید و فروخت | | | | |
| 15-05-2009 | 11-13 | تا | 15-05-2009 | 21-26 |
| پودے / فصل لگائیں | | | | |
| 02-05-2009 | 15-26 | تا | 03-05-2009 | 04-21 |
| 15-05-2009 | 21-26 | تا | 16-05-2009 | 02-34 |
| 16-05-2009 | 12-48 | تا | 16-05-2009 | 17-55 |
| 23-05-2009 | 04-53 | تا | 23-05-2009 | 17-21 |
| 29-05-2009 | 21-54 | تا | 30-05-2009 | 10-45 |
| شکار کریں | | | | |
| 15-05-2009 | 00-57 | تا | 15-05-2009 | 06-06 |
| 15-05-2009 | 16-20 | تا | 15-05-2009 | 21-26 |
| سواری سیکھنے/شروع کرنے /جانور سدھانے | | | | |
| 13-05-2009 | 07-19 | تا | 13-05-2009 | 11-41 |
| دوا لینے / علاج کروانے/ خصوصاً لمبے امراض | | | | |
| 07-05-2009 | 14-49 | تا | 07-05-2009 | 20-52 |
| 08-05-2009 | 08-55 | تا | 08-05-2009 | 14-51 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| 12-05-2009 | 09-50 | تا | 12-05-2009 | 15-13 |
| 19-05-2009 | 19-37 | تا | 20-05-2009 | 01-04 |
| 25-05-2009 | 20-19 | تا | 26-05-2009 | 02-47 |
| نئے زیورات یا پہلی دفعہ ان کا استعمال | | | | |
| 15-05-2009 | 21-26 | تا | 16-05-2009 | 07-41 |
| 16-05-2009 | 12-48 | تا | 16-05-2009 | 17-55 |
| 18-05-2009 | 21-58 | تا | 19-05-2009 | 03-16 |
| 19-05-2009 | 08-41 | تا | 19-05-2009 | 19-37 |
| سفر کریں | | | | |
| 06-05-2009 | 14-20 | تا | 06-05-2009 | 20-29 |
| 08-05-2009 | 02-56 | تا | 08-05-2009 | 14-51 |
| 16-05-2009 | 02-34 | تا | 16-05-2009 | 07-41 |
| 16-05-2009 | 17-55 | تا | 16-05-2009 | 23-02 |
| 23-05-2009 | 04-53 | تا | 23-05-2009 | 11-07 |
| 23-05-2009 | 23-35 | تا | 24-05-2009 | 05-50 |
| سفر پانی سے | | | | |
| 17-05-2009 | 14-30 | تا | 18-05-2009 | 06-04 |
| 18-05-2009 | 11-22 | تا | 19-05-2009 | 03-16 |
| نیا لباس پہلی دفعہ استعمال کریں | | | | |
| 01-05-2009 | 07-01 | تا | 01-05-2009 | 13-13 |
| 01-05-2009 | 20-01 | تا | 02-05-2009 | 08-59 |
| 06-05-2009 | 14-20 | تا | 06-05-2009 | 20-29 |
| 07-05-2009 | 08-45 | تا | 07-05-2009 | 14-49 |
| 15-05-2009 | 21-26 | تا | 16-05-2009 | 17-55 |
| 18-05-2009 | 16-40 | تا | 19-05-2009 | 14-08 |
| 20-05-2009 | 06-35 | تا | 20-05-2009 | 12-15 |
| 20-05-2009 | 23-34 | تا | 21-05-2009 | 05-14 |
| 23-05-2009 | 11-07 | تا | 24-05-2009 | 05-50 |
| 27-05-2009 | 17-56 | تا | 28-05-2009 | 06-59 |
| 28-05-2009 | 13-30 | تا | 28-05-2009 | 20-01 |
| 29-05-2009 | 02-31 | تا | 29-05-2009 | 15-27 |

| تاریخ ابتداء | وقت ابتدا | تا | تاریخ اختتام | وقت اختتام |
|---|---|---|---|---|
| بال کاٹنے / رنگنے / Setting | | | | |
| 14-05-2009 | 09-28 | تا | 16-05-2009 | 13-15 |
| آنکھوں وغیرہ کا میک اپ اور علاج | | | | |
| 21-05-2009 | 05-14 | تا | 21-05-2009 | 11-05 |
| ملازمت تلاش / اپلائی کرنے | | | | |
| 01-05-2009 | 00-29 | تا | 01-05-2009 | 07-01 |
| 01-05-2009 | 20-01 | تا | 02-05-2009 | 02-31 |
| 07-05-2009 | 08-45 | تا | 07-05-2009 | 14-49 |
| 14-05-2009 | 09-28 | تا | 14-05-2009 | 14-38 |
| 15-05-2009 | 06-06 | تا | 15-05-2009 | 11-13 |
| 15-05-2009 | 16-20 | تا | 15-05-2009 | 21-26 |
| 26-05-2009 | 22-21 | تا | 27-05-2009 | 12-12 |
| 28-05-2009 | 06-59 | تا | 28-05-2009 | 13-30 |
| 29-05-2009 | 02-31 | تا | 29-05-2009 | 08-59 |
| میوزک / آرٹ کی ابتداء/ تربیت شروع | | | | |
| 16-05-2009 | 07-41 | تا | 16-05-2009 | 12-48 |
| دوسری شادی کرنے / رشتہ لینے | | | | |
| 06-05-2009 | 08-10 | تا | 06-05-2009 | 20-29 |
| 11-05-2009 | 06-23 | تا | 11-05-2009 | 11-53 |
| 14-05-2009 | 14-38 | تا | 14-05-2009 | 19-47 |
| امور زچگی | | | | |
| 08-05-2009 | 14-51 | تا | 08-05-2009 | 20-47 |
| بانڈ، ریس اور لاٹری وغیرہ | | | | |
| 06-05-2009 | 14-20 | تا | 07-05-2009 | 02-39 |
| 11-05-2009 | 06-23 | تا | 11-05-2009 | 11-53 |
| 14-05-2009 | 09-28 | تا | 14-05-2009 | 14-38 |
| 18-05-2009 | 00-52 | تا | 18-05-2009 | 06-04 |
| 20-05-2009 | 23-34 | تا | 21-05-2009 | 11-05 |
| 22-05-2009 | 22-50 | تا | 23-05-2009 | 11-07 |
| 24-05-2009 | 22-57 | تا | 24-05-2009 | 12-12 |

free copy
khalidrathore.com
03008442060

حافظ محمد فرخ جاوید

# نظرات کواکب
# آج کا دن کیسا گزرے گا؟

ہر دن بننے والی نظرات کواکب کے تحت روزانہ حالات و واقعات کا بیان۔ روزمرہ اُمور کو بااحسن طریق سے سرانجام دینے کے لیے مفید و موثر نجومی احکام۔ یہ مضمون بہترین نجومی گائیڈ کے طور پر آپ کی پورا ماہ راہنمائی کرے گا۔

**یکم مئی بروز جمعہ**

ایک مثبت متحرک دن آپ کا انتظار کر رہا ہے۔ بہترین منطقی اور شگفتہ گفتگو کرنے سے آپ سامنے والوں کا دل جیت لیں گے۔ اس سے آپ کے کام آسان ہو جائیں گے۔ شام کے وقت جو کام بھی کریں گے جوش کے ساتھ کریں گے۔

**2 مئی بروز ہفتہ**

صبح کے وقت آپ کو اپنے بڑوں کا ساتھ نہ ملے گا۔ خواتین آپ کی زندگی کو اُلٹ پلٹ کر رکھ سکتی ہیں۔ لہذا اُن سے اور اُن کے معاملات سے دور رہیں۔ دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں گی۔

**3 مئی بروز اتوار**

خیالی دنیا میں رہنے والے آج بھی خیالی پلاؤ پکائیں گے۔ اجنبی لوگ دھوکہ دے جائیں گے۔ بولنے اور لکھنے میں احتیاط سے کام لیں ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ معاملات زندگی میں تبدیلی آئے گی جو کہ آپ کے لیے بہتر ہوگی۔

**4 مئی بروز پیر**

بزرگوں اور افسران بالا کی مدد آپ کے معاملات میں آپ کے ساتھ شامل رہے گی مگر معاملات سست روی کے ساتھ چلیں گے۔ اس لیے صبر کے دامن کو آج تھامے رہیں۔

**5 مئی بروز منگل**

صبح کے وقت گھر کی کوئی الیکٹرانکس چیز خراب ہو جائے گی۔ خواتین سے متعلقہ معاملات میں احتیاط برتیں کیونکہ اُن کی وجہ سے آپ کی زندگی میں ایسی تبدیلی آئے گی جسے آپ پسند نہیں کریں گے۔ اعلیٰ حکومتی ارکان کے ساتھ تعلقات اچھے ہو جائیں گے۔

**6 مئی بروز بدھ**

صبح کے وقت اپنے اندر کے جوشیلے انسان کو سمجھا کر رکھیں کہ اس کو آج باہر نہیں آنا ہے۔ اگر وہ باہر آیا تو پھر لڑائی ہو جائے گی اور اس میں آپ کا نقصان ہو سکتا ہے۔ لڑائی جھگڑے سے پرہیز کریں۔

**7 مئی بروز جمعرات**

آج معاملات زندگی میں کوئی منفی رنگ آپ کو نظر نہیں آئے گا۔ سارے معاملات آسانی کے ساتھ طے ہو جائیں گے۔ خفیہ اور پوشیدہ معاملات کو طے کرنے کے حوالے سے آج کا دن اچھا ہے۔

**8 مئی بروز جمعہ**

مزاج میں جذباتیت آجائے گی اور اس کی وجہ سے آپ کے معاملات میں تبدیلی آئے گی مگر یہ بات ہے کہ وہ تبدیلی اچھی ہوگی اور آپ کو ایک خوشگوار احساس دے گی۔

**9 مئی بروز ہفتہ**

منفی اور مثبت دونوں طرح کے رجحانات آپ کو معاملات طے کرتے ہوئے ملیں گے۔ افسران بالا کی مدد اور روپے کے لین دین کے معاملات میں مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تجربہ کار لوگوں کی مدد آپ کو ملے گی جس سے آپ اپنے معاملات کو سدھار سکتے ہیں۔

**10 مئی بروز اتوار**

زیادہ عقلمندی کا مظاہرہ کرنا آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔ ایجنٹ حضرات آج کے روز کسی نہ کسی وجہ سے آپ کو نقصان پہنچانے کا باعث بنیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے بہت مناسب دن ہے۔

**11 مئی بروز پیر**

صبح کے وقت جہاں آپ اپنے حوصلے اور ہمت سے بہت سارے کاموں کو مکمل کریں گے وہاں کچھ پرانے معاملات سر اُٹھائیں گے اور یوں کچھ بدمزگی سی ہو جائے گی۔

**12 مئی بروز منگل**

ایک اچھا دن آپ کا انتظار کر رہا ہے جہاں معاملات کو خراب کریں گے تو وہ آپ کی جلد بازی اور تخریبی سوچ ہی ہوگی اور کوئی شے مسئلہ پیدا نہ کرے گی۔

**13 مئی بروز بدھ**

آج اُلٹ پلٹ کا دن ہے۔ چلتے معاملات خواتین کی وجہ سے ہی آگے پیچھے ہو جائیں گے۔ احتیاط برتنا آپ کا کام ہے۔

**14 مئی بروز جمعرات**

جہاں بزرگوں کی وجہ سے پریشانیاں کم ہوں گی وہاں مردوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حکومت سے متعلقہ کاموں میں آپ کو افسران کی مدد مل جائے گی۔

**15 مئی بروز جمعہ**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

آج کا دن اُن دفتری اور کاروباری معاملات کو تحریر میں لانے کے لیے موزوں ہے جس پر آپ کافی عرصے سے کام کر رہے ہوں گے مگر نئے کاموں کو شروع نہ ہی کریں تو زیادہ مناسب ہے۔

**16 مئی بروز ہفتہ**

صبح کے وقت آپ کا موڈ خوشگوار رہے گا مگر دوپہر کے قریب حکومتی معاملات میں مسائل کا سامنا کرنے کے بعد موڈ بگڑ جائے گا۔ شام کا وقت جسمانی مشقت کے کاموں کے لیے موزوں رہے گا۔

**17 مئی بروز اتوار**

صبح کے وقت آپ اپنے سے رُتبے اور عہدے میں بڑے لوگوں سے زیادہ توقعات لگا بیٹھیں گے جو کہ پوری نہ ہوں گی۔ خیالی پلاؤ پکانا بند کریں کیونکہ آج کا دِن ایسے کاموں کے لیے مناسب اور موزوں نہیں ہے۔

**18 مئی بروز پیر**

روزمرہ زندگی کے کئی معاملات نیا رُخ لیں گے اور آپ اچھا محسوس کریں گے۔ دوسروں کے لیے کام کرنا آپ کو اچھا لگے گا۔ رتبے اور عہدے میں بڑے لوگوں کے ساتھ بہتر تعلقات بنانے کے لیے آج کا دِن نہایت موزوں اور مناسب ہے۔

**19 مئی بروز منگل**

صبح کے وقت دوسروں کا تعاون آپ کو کم ملے گا۔ ہر ایک کو اپنی پڑی ہوگی۔ بے صبری کا مظاہرہ نہ کرنا ہی آپ کے لیے بہتر رہے گا۔ رات کے وقت دماغ پر کچھ نیا کرنے کی سمائے گی۔ اِس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ الیکٹرانکس کی کوئی چیز خریدنے نکل پڑیں۔

**20 مئی بروز بدھ**

نئے کاموں کو شروع کرنے کے حوالے سے ایک اچھا دِن ہے۔ دفتری اور کاروباری اُمور کو حتمی شکل دینے سے پہلے بار بار اُس کی جانچ پڑتال کر لیں۔ ایسا نہ کرنا آپ کو نقصان پہنچائے گا۔ اجنبیوں پر بالکل بھی بھروسہ نہ کریں۔

**21 مئی بروز جمعرات**

صبح کے وقت موڈ خوشگوار رہے گا۔ روپے کے لین دین میں اگر کسی کے توسط سے آپ کا کام ہو رہا ہو گا تو پھر اِس بات کو سمجھ لیں کہ آپ کا کام مشکل سے ہو گا۔ آپ کو دھوکہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ رات کے وقت مزاج میں زبردستی اور غصے کا عنصر رہے گا جو کہ باعث نقصان ہو گا۔

**22 مئی بروز جمعہ**

ایک مثبت دِن آپ کا اِنتظار کر رہا ہے۔ دوسروں سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ ایسے کام جو آپ دوسروں کی نظر سے بچا کر کرنا چاہتے ہیں اُس کے لیے صبح کا وقت موزوں رہے گا۔ دوپہر کے وقت آپ دوسروں کے کام آ کر خوشی محسوس کریں گے۔

**23 مئی بروز ہفتہ**

آج کے دن میں زیادہ کچھ تو نہیں ہو گا مگر جو کچھ بھی ہو گا وہ آپ کے لیے بہتر ہو گا۔ جن کاموں کو آپ کافی عرصے سے پورا کرنا چاہ رہے ہوں گے، اُن کے آج پورا ہو جانے کا قوی امکان ہے۔ صبر سے کام لینے والوں کے لیے بہت زیادہ فوائد ہیں۔

**24 مئی بروز اتوار**

ایک متحرک دن آپ کا اِنتظار کر رہا ہے۔ اپنی بات اور اپنے پیغامات کو صبح کے وقت دوسروں تک پہنچانے کی کوشش کریں، ایسا کرنے سے آپ کے معاملات میں آپ کو کافی آسانی رہے گی مگر دیر ہو جانے سے آپ کے لیے مسائل بڑھ جانے کا قوی امکان ہے۔ زیادہ مناسب یہ رہے گا کہ آپ اہم کاموں کو شام تک کے لیے مؤخر کر دیں۔

**25 مئی بروز پیر**

پُرانے معاملات سر اُٹھائیں گے۔ بزرگوں اور ملازمین کی طرف سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ خواتین اور تفریح سے متعلقہ معاملات میں آپ کو آسانی رہے گی اور اِن سے آپ کو مالی فوائد بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔

**26 مئی بروز منگل**

صبح کے وقت میں آپ کے بہت سے کام آسانی کے ساتھ مکمل ہو جائیں گے۔ آپ اپنے اندر ایک نیا ولولہ اور جوش محسوس کریں گے۔ جو بات آپ کے تمام کاموں کو خراب کر سکتی ہے وہ ہے تخریبی سوچ اور ضد۔ اِس سے پرہیز کریں۔ مشورہ دینا ہمارا کام اور عمل کرنا آپ کا کام۔

**27 مئی بروز بدھ**

روپے پیسے اور انصاف کے حصول معاملات جو پہلے حل نہ ہو رہے تھے وہ آج کے دِن بالخصوص صبح کے وقت ہمت اور حوصلہ کرنے سے پورے ہو جائیں گے۔ اجنبی لوگوں کی آپ کی زندگی میں آمد آپ کے اندر ایک نیا جوش اور ولولہ بھر دے گی۔ شام کے وقت تفریحی پروگرام بنا تو لیں گے مگر اُس سے لُطف نہ اُٹھا سکیں گے۔

**28 مئی بروز جمعرات**

آج کے دِن ایجنٹ حضرات پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے مگر اِس بات کا یہ مطلب بھی نہ لیں کہ آپ نے سب کچھ اُن پر ہی چھوڑ دینا ہے۔ مزاج میں غصہ اور دوسروں کے ساتھ زبردستی کرنے کا عنصر رہے گا۔ اِس رویے سے آپ کے لیے مسائل پیدا ہوں گے۔

**29 مئی بروز جمعہ**

ایک ایسا دِن جس میں آپ کے کام معمول کے مطابق ہوں گے کسی انہونی سے واسطہ نہ پڑے گا۔ ذاتی زائچہ کیا کہتا ہے؟ وہ ایک الگ بات ہے۔

**30 مئی بروز ہفتہ**

ایک ایسا دِن جس میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والا کسی نہ کسی طرح متحرک نظر آئے گا۔ ایجنٹ حضرات، انصاف کا حصول اور روپے کے لین دین جیسے معاملات اور لوگ مسائل کا شکار رہیں گے۔ وہ لوگ جو زور زبردستی کرنا جانتے ہیں وہ اپنے کام دوسروں سے آسانی کے ساتھ نکلوا لیں گے۔

**31 مئی بروز اتوار**

صبح کے وقت بزرگوں اور رتبے اور عہدے میں بڑے لوگوں کا تعاون حاصل کرنا مشکل رہے گا۔ شام کا وقت آپ کے لیے پریشانی اور کسی مسئلے کو لا سکتا ہے۔ صبر سے کام لیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

# آئینہ اعداد

غلام اکبر زنگیجو

## چیف جسٹس کی بحالی اور دیگر امکانی تجزیے

بالآخر دو سالہ وکلاء تحریک کامیاب ہوئی اور 16 اور 17 مارچ کی درمیانی شب معزول چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری صاحب بحال کر دیئے گئے۔

آیئے بظاہر جو کچھ بہتری نظر آ رہی ہے اس کو جانچنے اور پرکھنے کے لیے ''آئینہ اعداد'' میں دیکھتے ہیں۔

چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری صاحب کے لیے آزمائشی وقت کا آغاز 20 اکتوبر 2008ء سے ہوا، جس کے اثرات 20 نومبر 2009ء تک برقرار رہیں گے۔ 21 نومبر 2009ء سے چیف جسٹس صاحب کی زندگی کا ایک بالکل نیا موڑ شروع ہوگا۔ بہرحال 20 اکتوبر 2009 تک کا عرصہ عددی لحاظ سے آپ پر بھاری رہے گا۔

سال 2000 (آغاز 20 اکتوبر 1999ء سے) 2004,2002 اور 2006 بھی ان کے لیے ہر لحاظ سے بھاری تھے۔ 2003,2001، 2007,2005 اور 2008 ان کے لیے ہر لحاظ سے بہتر اور سازگار تھے۔

مہینوں کے حساب سے دیکھا جائے تو ماہ جنوری، مارچ، مئی، جولائی، ستمبر، اکتوبر اور دسمبر ان کے لیے بہتر اور سازگار رہتے ہیں، اور رہیں گے۔ جبکہ فروری، اپریل، جون، اگست اور نومبر کسی نہ کسی صورت سے بھاری ہوں گے۔

دیگر یہ کہ ان کے لیے ہر جفت تاریخ، ہفتہ، ماہ اور سال ہمیشہ مصائب کے ثابت ہوں گے۔ تاریخوں میں 22,20,17,15,13,11,8,6,4,2، 24 اور 26 بھی ناکامی اور آزمائشی حالات و واقعات کی نشاندہی کرتی ہیں۔

ان کی زندگی میں تمام طاق اعداد و تاریخیں، مہینے اور سال کامیابی کا باعث بنتے رہیں گے۔ سابق صدر پرویز مشرف کا عدد 9 ہے۔ جو ان کے عدد 4 کے لیے باعثِ فائدہ ثابت ہوا۔ میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف کا عدد بھی بالترتیب 1 اور 9 ہے۔ اس کے علاوہ موجودہ صدر آصف علی زرداری صاحب کا عدد بھی 9 ہے۔ اور چوہدری اعتزاز احسن بھی عدد 9 کے زیرِ اثر ہیں۔ جبکہ علی احمد کرد اور قاضی حسین احمد دونوں کا عدد 2 ہے۔ جو افتخار محمد چوہدری صاحب کے حق میں بالاخر بہتر ثابت نہ ہوگا۔ ویسے بھی 2009 خود ان دونوں کے لیے بھی ہر لحاظ سے بھاری رہے گا۔

(نوٹ: وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی صاحب کا عدد 3 ہے۔ جبکہ وزیراعظم گیلانی صاحب کا عدد میاں برادران کے اعداد سے ہرگز ہرگز کسی قسم کی مطابقت نہیں رکھتا۔ اسی طرح صدر آصف علی زرداری صاحب کا عدد بھی میاں برادران کے ساتھ کسی طرح سے بھی مطابقت نہیں رکھتا۔ اس لیے خواہ کتنی ہی مفاہمت کیوں نہ کریں کسی صورت سے بھی نواز شریف اور شہباز شریف، صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم گیلانی اور پیپلز پارٹی کے لیے فائدہ بخش ثابت نہ ہو سکیں گے۔ دنیا دیکھے گی کہ اب نئی مفاہمت کتنے دنوں تک چلتی ہے۔ پہلے سے زیادہ اختلافات پیدا ہوتے رہیں گے اور یہی حال مولانا فضل الرحمن اور ایم کیو ایم کے ساتھ بھی ایک دن ہو رہنا ہے۔ کیوں کہ ان کے بھی طاق اعداد ہیں۔ جس طرح جفت عددی شخصیات اور لوگ صرف وقتی طور پر ایک دوسرے کے ساتھی بنتے ہیں، بالکل اسی طرح طاق عدد شخصیات اور لوگ بھی زیادہ دنوں تک ایک ساتھ نہیں رہ سکتے۔ یہی ایک بڑی عددی وجہ یا بات ہے کہ وہ تمام عدد 3 کے سال وطن عزیز پاکستان کے لیے ہر لحاظ سے بھاری ثابت ہوتے ہیں۔ کیوں کہ پاکستان کا عدد بھی 3 ہے۔ اسی طرح ماہ مارچ سال کا تیسرا مہینہ ہے جو عدد 3 کے زیر اثر ہے اور عدد مارچ کا

free copy
khalidrathore.com
Urtech Document Processing Solutions
03008442060

ا ہے۔ یہی اثرات ملک، حکومت اور عوام کے لیے بھاری ثابت ہوئے۔ قریب قریب خصوصاً صدر آصف علی زرداری کو راستے/عہدے سے ہٹانے کے امکانات پیدا ہو رہے تھے؟ ہاں تو بات ہو رہی تھی، چیف جسٹس صاحب کے مستقبل کی، تو از روئے اعداد اس بار حکومت سے زیادہ اِن کے لیے ان کی بعض حامی قوتوں کی طرف سے مسائل/مخالفت ظاہر کرتے ہیں۔

(نوٹ: 2009 وطن عزیز پاکستان کے لے 2008-07 کی بہ نسبت بہتر رہے گا) جبکہ صوبہ پنجاب، سرحد اور سندھ کے لیے 2009 بھاری ثابت ہوگا)۔ اس دوران لاہور سمیت یہاں سیاسی حالات میں مکمل سکون کی کیفیت نہ ہوگی۔ خصوصاً 17 مارچ تا 18 اپریل کا وقت پنجاب، لاہور، سوات، مٹہ اور دیگر جفت عدد صوبوں اور شہروں کی سیاست کو متاثر کرے گا۔ شہر کوئٹہ کے لیے بھی یہی وقت بھاری ثابت ہوگا۔ جب کہ یہی وقت ملک، حکومت اور عوام کے لیے کافی حد تک بہتر رہے گا، یہی وقت میاں برادران کے لیے بھی ساز گار رہے گا۔ جبکہ 18 اپریل تا 19 مئی کا دورانیہ میاں شہباز شریف کے لیے پھر مشکلات لائے گا"۔

گورنر پنجاب سلمان تاثیر کا عدد 1 بھی میاں برادران کے لیے بھاری ثابت ہوتا رہے گا۔ نواز شریف کے لیے بہتر اور بھاری وقت ایک ساتھ ہی شروع ہوتا ہے۔

ملک، حکومت، عوام اور سیاست دانوں کے لیے 19 اپریل سے مئی، جولائی، ستمبر، اکتوبر، دسمبر اور جنوری 2010 ہر لحاظ سے بھاری ثابت ہوں گے۔

2010ء پاکستان کے عدد 3 کے زیر اثر ہے۔ اس لیے آنے والا یہ سال ملک کی سالمیت اور بڑے بڑے بحرانوں کے اعتبار سے بڑا نازک اور فیصلہ کن ہوگا (الامان الحفیظ)۔ الیکشن نہیں ہوں گے۔ اگر 18 فروری 2008 کی طرح ضد کر کے اِس سال الیکشن کروائے گئے تو 18 فروری سے بھی زیادہ بھیانک حالات واقعات درپیش ہوں گے۔ اس لیے میرا حکومت وقت سے اپیل کی صورت میں خالصتاً مخلصانہ عددی مشورہ ہے کہ 2010ء کے دوران داخلی اور خارجی حالات کی طرف تمام تر توجہ دی جائے۔ کیوں کہ روایتی دشمن بھارت با قاعدہ جنگی جنون میں مبتلا ہوگا اور کسی بھی وقت وہ کچھ بھی کر سکتا ہے۔

بہتر الیکشن کے لیے 2011 کا سال یاد رکھیں۔ بہتر نتائج ہوں گے۔ بہتر سال 2011 کے اثرات شروع ہوں گے۔ 21 اکتوبر 2010 سے


# کیا آپ کا بچہ؟

صحت کے مسائل، تعلیمی کمزوری، بُری صحبت، غیر اخلاقی نشست سازی، غیر نصابی اور غیر تعلیمی سرگرمیوں، تعلیمی مسائل، معاشرتی بے حسی، نامناسب گھریلو و خاندانی رویوں یا سحری اثرات وغیرہ سے متاثر ہے تو آج ہی درج ذیل فون نمبر پر رابطہ کریں۔

عبدالباسط راٹھور......0346-4387683


اور 2009ء 21 نومبر سے زبردست بحران اور دہشت گردی کے سال 2010 کے اثرات شروع ہوں گے تو حکومت اور تمام سیاسی قائدین کے لیے بھاری وقت شروع ہو جائے گا۔ یہ وہ وقت ہوگا جب صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم گیلانی، میاں برادران، چوہدری برادران، پیر صاحب پگاڑہ اور دیگر قائدین کے لیے ہر لحاظ سے سیاسی تدبر اور معاملہ فہمی اور درگزر کا ہوگا۔ اسی وقت سے سابق صدر پرویز مشرف کے لیے بھی زبردست بھاری وقت شروع ہوگا۔

## نوٹ:

پھر لکھتا ہوں کہ **2010ء چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری صاحب کا سال ہوگا**۔ نیز یہی سال معروف ٹی وی اداکارہ شگفتہ اعجاز کے لیے بھی یادگار ثابت ہوگا۔ تاہم 19 مارچ تا 19 اپریل، جون، اگست اور نومبر 2009 تک ہر لحاظ سے خصوصی احتیاط دعا اور صبر سے کام لینا ہے۔ دیگر اُن کے حوالے سے عددی مشورے یہاں لکھنا مناسب نہیں ہے۔ کوئی بھی نیا کام حسب دلخواہ نہیں ہوگا۔ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
0300842060

# کتب راٹھور پبلشرز

| نام کتاب | قیمت |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماہنامہ) | 45 |
| راہنمائے عملیات (زرسالانہ) | 650 |
| خالد روحانی جنتری | 150 |
| خالد ہندی جنتری | 150 |
| Far-zoq (English quaterly) | 50 |
| عملیات اسمائے ربی | 300 |
| روحانی مشورے | 120 |
| علم الحروف | 125 |
| راہنمائے عملیات | 125 |
| راہنمائے تل شناسی | 80 |
| اسباق دست شناسی | 80 |
| راہنمائے دست شناسی زیرطبع | |
| ساعات حقیقی | 125 |
| راہنمائے علم نجوم (حصہ اول) | 150 |
| مفتاح الرموز واسرار الکنوز | 150 |
| ازدواجی نجوم زیرطبع | |
| طبی نجوم زیرطبع | |
| ۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۰ تا ۲۰۱۰ | 150 |
| السحر الاحمر | 200 |
| تاش کے ۵۲ کارڈ | |
| طلسمی جواہرات | |
| مراقبہ | |
| خوابوں کی تعبیر | |
| مستحصلہ قادز الکلام | 100 |
| ہندی نجوم (بمعہ لگن سارنی و ۲۰ سالہ ہندی جنتری) | 150 |
| بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر | 175 |

| | |
|---|---|
| السحر العجیب فی جلب الحبیب (حصہ دوم) | 250 |
| السحر العجیب فی جلب الحبیب (حصہ سوم) | 200 |
| اقوال امرضیہ فی معرفتہ الاعمال الرملیہ | 80 |
| سحر بارنوخ | 110 |
| کتب ابن عربی | 175 |
| مجربات خالد | 110 |
| تسخیر موکلات وحاضرات | 100 |
| اصول وقواعد عملیات | 350 |
| پاراشرا سسٹم آف اسٹرالوجی | زیرطبع |
| زائچے | 100 |
| آپ کا برج | 175 |
| نمبر ہی نمبر (حصہ اول) | 175 |
| نمبر ہی نمبر 15000 (حصہ دوم) | 175 |
| قسمت اور چانس | 175 |
| صفحہ اکڑا اور بنڈل (حصہ اول) | 175 |
| صفحہ اکڑا اور بنڈل (حصہ چہارم) برائے سال 2009 | 200 |
| خزینہ اعداد (ترمیم شدہ) | 200 |
| الشجرۃ النعمانیۃ | |
| راٹھور تسویۃ البیوت (لگن سارنی) | 1000 |
| راٹھور 50 سالہ تقویم (2001 تا 2050) | 1500 |
| راٹھور وقتی نجوم | 250 |
| احکام النجوم (وقتی نجوم) | 250 |
| مسائل کا روحانی حل | 200 |
| آسان عملیات | 200 |
| خاص نمبر (سحر وجادو، حب وتسخیر، بغض وعداوت وبربادی، صحت وشفا) | 250 |
| حیوانات کے سحری، طبی ومخفی خواص | زیرطبع |

| | |
|---|---|
| شفائے امراض | 150 |
| طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر ترمیم شدہ) | 200 |
| کتاب الرمل، کواکب، بروج وساعات (ترجمہ) | 200 |

## قدیم ونایاب کتب

نئی کتب کی اشاعت کے ساتھ ساتھ ادارہ نے قدیم ونایاب کتب کا ایک عظیم ذخیرہ جمع کیا ہے۔ جس میں اردو، عربی، فارسی اور انگریزی کی کتب شامل ہیں، تفصیلات کے لیے جوابی خط ارسال کریں۔

ادارہ راہنمائے عملیات کی خدمات پر مکمل معلومات، پمفلٹ، نقوش، الواح، کتب، قدیم کتب، جواہرات، قرعہ رمل، کورسز، فری کورسز وغیرہ کے لیے ہماری ویب سائٹ دیکھیں جو انگریزی اور اردو میں ہے۔

www.khalidrathore.com

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Document Processing Solutions
03008442060

## خالد روحانی لائبریری

خالد روحانی لائبریری کے پروجیکٹ کے تحت عملیات، روحانیات، نجوم، پامسٹری، رمل، اعداد، جفر، ساعات، طب اور علوم مخفی کی دیگر شاخوں پر اردو، عربی، فارسی اور انگریزی کی قدیم اور نایاب کتب فوٹو کاپی کی شکل میں علوم مخفی کے شائقین کے لیے پیش کی گئی ہیں۔ قدیم اور نایاب کتب کی تفصیلی فہرست آپ ایک جوابی لفافہ ارسال کر کے مفت طلب کر سکتے ہیں۔ یہ علم کا نایاب خزانہ ہے جسے ہم نے ہر فرد کے فائدے کے لیے پیش کر دیا ہے۔

## الواح رفع رجعت / نحوست سیارگان

بعض اوقات پیدائشی زائچہ میں سیارگان کی رجعت اور نحوست فرد پر اس طور اثر انداز ہوتی ہے کہ اس کی تمام صلاحیتیں بے کار ثابت ہوتی ہیں۔ وہ جو بھی کوشش اور محنت کرتا ہے بے مقصد ثابت ہوتی ہے۔ مختلف کواکب کی رجعت و نحوست انسانی زندگی کی کئی ایک سمتوں کو متاثر کرنے کا باعث بنتی ہے۔ کس کوکب کی رجعت یا نحوست کس طرح کے مسائل لائی گی اس کی مکمل تفصیل جاننے کے لیے آپ ادارے کا تفصیلی پمفلٹ مفت طلب کر سکتے ہیں۔ خیال رہے قدیم وجدید تمام کواکب کی الواح رفع رجعت و نحوست ادارے سے دستیاب ہیں۔

## انگوٹھی عدد 9

معاملات زندگی میں عمومی تکمیلیت اور متفرق مسائل کے حل کے لیے عدد 9 کی انگوٹھی بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ عدد 9 بلحاظ اعداد اختتامی اور مکمل کر دینے والا عدد ہے۔ سو اس حوالے سے اس عدد کی انگوٹھی کو مختلف کاموں کو باخیر انجام دینے اور معاملات میں عمومی کامیابی کے لیے اعتماد سے استعمال کیا جاتا ہے۔

## تعویذات، نقوش، طلسمات اور الواح

آپ کسی بھی مسئلے جیسے کہ شادی، اولاد، تسخیر و رجوع خلق، حصول جاہ و منزلت، مرتبہ، عزت دولت، شہرت، مقدمے میں کامیابی، دشمن پر فتح، شر سے حفاظت، ردِ سحر، خاتمہ آسیب، حصول علم اور ذہانت نوکری، ترقی، رزق، مردانہ و زنانہ خصوصی امراض و کمزوری سے نجات، مختلف ذہنی، اعصابی، جسمانی اور روحانی امراض سے شفاء وغیرہ کے لئے حسب ضرورت عملیات، مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ خاص اوقات، جب کواکب شرف یا ہبوط، اوج یا زوال کی حالت میں ہوں یا آپس میں خصوصی نظرات بنا رہے ہوں یعنی جب علم مخفی کے حساب سے کواکب انتہائی اچھی حالت یا انتہائی بری حالت میں ہوں یا ایسی ہی ملتی جلتی کوئی اور سعد یا نحس حالت ہو، تب بھی خاص عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔ کوئی بات وضاحت طلب ہو تو آپ اپنا پتہ لکھا جوابی لفافہ ارسال کر کے پوچھ سکتے ہیں۔

## برکاتی انگوٹھی

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردِ سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے استعمال میں لائی جاتی ہے۔

## کورسز علوم مخفی

علوم مخفی سے اپنی طویل رفاقت اور مختلف اخبار و رسائل میں لکھنے کے دوران اندرون اور بیرون ملک سے علوم مخفی کے شائقین کا مسلسل یہ اصرار رہا کہ ان کو علوم مخفی کی تعلیم دی جائے۔ اس وجہ سے 1991ء میں خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے نام سے علوم مخفی کی تعلیم کا ایک باقاعدہ ادارہ تشکیل دیا گیا۔ جس کے تحت بذریعہ ڈاک اور باقاعدہ ان علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔

## انگوٹھی مریخ

جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور ردِ سحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔ یہ تانبے پر خاص اوقات میں خاص عمل کے تحت تیار کی گئی ہے۔ تانبے پر یہ خاص انگوٹھی طویل عرصہ سے تیار کی جا رہی ہے اور اپنے اثرات کے حوالے سے اس کو زود اثر پایا گیا ہے۔ آپ بھی حسب ضرورت اس کو استعمال میں لا سکتے ہیں۔

LRL NO.231

## راہنمائے عملیات (ماھنامہ)

## خالد روحانی جنتری (سالنامہ)

## خالد ہندی جنتری (سالنامہ)

## Far-zoq (quaterly)

www.khalidrathore.com

### کتب علوم مخفی

راٹھور پبلشرز (نئی کتب)

خالد روحانی لائبریری (قدیم کتب)

300 سے زائد کتب

### کورسز

فری کورسز

رعایتی فیس کورسز

خالد انسٹیٹیوٹ آف اکلٹ سائنس

اعداد و عملیات، پامسٹری، جفر، نجوم، ساعات



free copy

### نجومی خدمات

23 امور کی رپورٹ

ساڑھ ستی/ ڈھایہ، زحل مشتری اور آپ

خوش قسمتی کا پتھر، بچے کا نام/ صدقہ،

پیدائشی زائچہ، سالانہ زائچہ

خوش قسمتی کا عدد وغیرہ،

برج اور ستارہ

### روحانی نقوش، الواح طلاسم

الواح رجعت و نحوست کواکب (تمام کواکب کی)

الواح شرف و ہبوط کواکب (قمر، شمس،

زہرہ، عطارد، مریخ، مشتری، زحل)

سہ جہتی طلاسم (سات کواکب کے)

لوح استخارہ، زچگی، رد سحر

انگوٹھیاں، عدد 9،

برکاتی، عددی،

مریخ

khalidrathore.com

Document Processing Solutions

www.khalidrathore.com

### جواہرت

بروج اور کواکب کی مناسبت سے اصل

پتھر، موزوں قیمت پر

### خوشبویات

عملیاتی اور عام استعمال کے لیے الکحول

سے پاک عطر و خوشبویات

### قرعہ رمل

03008442060